This book is provided in digital form with the permission of the rightsholder as part of a Google project to make the world's books discoverable online.

The rightsholder has graciously given you the freedom to download all pages of this book. No additional commercial or other uses have been granted.

Please note that all copyrights remain reserved.

About Google Books

Google's mission is to organize the world's information and to make it universally accessible and useful. Google Books helps readers discover the world's books while helping authors and publishers reach new audiences. You can search through the full text of this book on the web at http://books.google.com/

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

152

ماہنامہ عبقری لاہور

فروری 2019ء جمادی الثانی 1440 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

گھر میں شوہر کی دلچسپی کب اور کیوں کم ہوتی ہے؟

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد (مختلف شہروں میں)

یکم فروری بروز جمعۃ المبارک صبح 8 بجے

یکم فروری 2019 بروز جمعہ شام 6 بجے

2 فروری 2019 بروز ہفتہ صبح 8 بجے

موسم کی وجہ سے چترال درس سے معذرت

امتحان کے بعد تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائیگا

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

بچے کو ذہین بنا دو جیسا درازیِ عمر والی غذائیں

اسم پڑھا! جادو کروانے والی خواتین بے نقاب ہوگئی

- بیٹی کی شادی کی خریداری سے پہلے دو اسم پڑھ لیں!
- جدید شیمپو، جیل، سپرے بالوں کیلئے انتہائی نقصان دہ
- فصل کو چار چاند لگانے والی سپرے بالکل مفت
- 19 سالہ پرانا نزلہ زکام ایسے ٹھیک ہوتا ہے!
- ابھی آزمالیں! شرطیہ بیٹا پیدا ہوگا (ان شاء اللہ)
- سائیکل چلا کر دوبارہ جوانی کی سیڑھی چڑھیے!
- لیکوریا کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے تعویذ
- تنگ لباس فیشن نہیں بیماری ہے!
- سورۃ الم نشرح پڑھی اور ہر غم دور

اخروٹ کے صرف چند فوائد پڑھیے!

میری عمر رسیدہ سہیلیوں کے چمکتے دمکتے ٹوٹکے

اسم اعظم کا دم اور شفائیہ دعا: 24 فروری بروز اتوار نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی۔ ٹھیک ساڑھے چھ بجے شیخ الوظائف شفائیہ دعا کروائینگے اسکے بعد دم ہوگا' فوراً بعد حلقہ کشف المحجوب' درس اور مراقبہ ہوگا۔

حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جارہے ہیں تو ذرا ٹھہریئے! حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ' کتاب حج و عمرہ پر جانے والوں کیلئے نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے' پڑھیں اور گفٹ کریں!

عبقری گروپ آف میڈیا
ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن
عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا
YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/ubqari www.ubqari.org
Follow Ubqari موبائل پر لکھ کر 40404 پر میسج کریں
URDU TUBE A HOME OF ENTERTAINMENT www.urdutubes.com
Digitized by Google

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	آئیے! اپنی سوچیں مثبت بنائیں!	33	خواتین پوچھتی ہیں؟
4	در محمد ﷺ سے لو لگاؤ	34	امراض ہماری کوتاہی کا سبب ہے! اکھاڑ پچھاڑ
5	تذکرہ دورِ فاروقی! اسلامی تاریخ میں منفرد اور ممتاز!	35	قارئین کی آزمودہ تحریریں
6	بچے کو ذہین بہادر چست اور دراز کرنے والی غذائیں	37	لندن کے مشہور معالج نے بتایا کھانسی کا انوکھا علاج
7	الم نشرح پڑھی اور ہر غم دور	38	شوہر کی بے توجہی نے میری زندگی تباہ کر ڈالی
8	آئیے! خود اعتمادی سے ترقی پالیں!	39	جنات کا پیدائشی دوست
9	مہمانی سے تنگ کیوں ہوا؟ یہ تدابیر آزمائیے! خوشحال رہیے!	41	میری غربت کا اندازہ میری ذلت سے لگا لیجیے
10	ہونگی حاجات پوری اور ملے گا تقرب الٰہی	42	سائیکل چلا کر دوبارہ جوانی کی سیڑھی چڑھیے!
11	[illegible] روحانی وظائف	44	مختلف پھول اور ان کے جادوئی طبی فوائد
13	[illegible] کا علاج	45	قارئین کے آزمودہ طبی و روحانی نوٹکے
14	روحانی [illegible] کا علاج	47	اسم اعظم! جادو کروانے والی خواب میں نظر آگئی
15	[illegible] عبقری بنا	48	لاؤں پیجو کرو رہتی اور روحانی منزل کا کرشمہ
17	[illegible] ہوتی ہے؟	49	عبقری رسالہ اور ادویات آپ کے شہر میں
18	[illegible] نقصان دہ	50	عبقری فیس بک پیج پر قیمتیں کے بتائے انوکھے ٹوٹکے
20	[illegible] خاص درد	51	مچھلی نہ وٹامنز ہماری اور سب کھائیں؟ بیٹھ ڈیٹس
22	[illegible] بالکل مفت	52	میموری بوسٹنگ طاقتیں! تیز ذہنیت بڑھا اور ٹوٹکہ بنائیں
23	19 سال پرانا خوف ناک کام ایسے ٹھیک [illegible] ہوتا ہے!	53	تنگ لباس فیشن نہیں بیماری ہے!
24	طبیبی کا انگلینڈ کی لیبارٹری میں ٹیسٹ! [illegible] بارزنٹ	54	مضامین کا بقیہ
26	[illegible] ہوگا (ان شاء اللہ)	55	عبقری حلیمینہ کو پن والا خط
28	[illegible] گاؤں کی دادی [illegible] انوکھا واقعہ	56	عبقری ادویات فہرست
29	[illegible] کے ساتھ باپ کا ظلم اور [illegible] کا انجام	57	بیری کا خالص شہد۔ جوش جوشاندہ
32	[illegible] سچے واقعات		

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۔ القرآن

بانی: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

سرپرست: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری مدظلہ العالی

شمارہ نمبر 8 | جلد نمبر 13 | فروری 2019 جمادی الثانی 1440 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور فروری 2019

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

مشاورت | حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں [illegible] ، محمد طارق، امتیاز احمد اعوان، محمد شمسی، میاں عرفان علی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1080 روپے (بشمول ڈاک خرچ) | بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوش حال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں پوری توجہ لوگوں بالخصوص غریب طبقے کی فلاح و بہبود پر مرکوز کرنی پڑے گی۔ (خطبہ صدارت دستور ساز اسمبلی 1947ء)

مزید فرمایا: اپنے وطن سے محبت کرنے والی اور وطن کی خاطر قربانی دینے کا جذبہ رکھنے والی قومیں تاریخ کے صفحات میں ہمیشہ عزت و وقار کے ساتھ [illegible] پاتی ہیں۔

اسی خطا سے عتاب ملوک ہے مجھ پر
کسے نہیں ہے تمنائے سروری، لیکن
خودی کی موت ہو جس میں وہ سروری کیا ہے

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے خدمت انسانیت [illegible] کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں [illegible] تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے [illegible] صدقات عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بھجوا دیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

[illegible] کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

[illegible] کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

محمد طارق محمود نے [illegible] پرنٹرز سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ عبقری مزنگ چونگی لاہور سے شائع کیا

رشتہ دار، ہمسایہ اور جنت

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوسکتا جس کا ہمسایہ اس کی شرارتوں سے محفوظ نہیں" ☆ سیدنا جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رشتہ داری کو توڑنے والا شخص جنت میں نہیں جائے گا۔ ابن ابی عمر نے کہا کہ سفیان نے کہا کہ یعنی جو شخص رشتہ ناتے کو توڑے (وہ جنت میں داخل نہ ہوگا)۔ (صحیح مسلم)

اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بُرا عمل

حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اللہ کے نزدیک سب سے بُرا عمل رب کائنات کے ساتھ شرک کرنا، پھر رشتہ داری توڑنا ہے۔" (صحیح الجامع الصغیر، رقم: 166)

اپنے بھائی کی مدد کرو: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ عرض کیا گیا۔ یارسول اللہ ﷺ! مظلوم کی مدد تو ہم کرسکتے ہیں مگر ظالم کی مدد کیسے کریں؟ فرمایا: ظالم کا ہاتھ پکڑ کر (تاکہ وہ ظلم سے باز رہے) (بخاری)۔ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے کہا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے کچھ رشتہ دار ہیں۔ میں ان سے تعلق جوڑتا ہوں اور وہ مجھ سے قطع تعلق کرتے ہیں۔ احسان کرتا ہوں اور وہ برائی کرتے ہیں۔ میں بردباری کرتا ہوں اور وہ جہالت کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر حقیقت میں تو ایسا ہی کرتا ہے تو ان کے منہ میں گرم راکھ ڈالتا ہے اور ہمیشہ اللہ کی طرف سے تیرے ساتھ ایک فرشتہ رہے گا جو تمہیں اس وقت تک ان پر غالب رکھے گا جب تک تو اس حالت پر رہے گا۔

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

سوچیں مثبت بنائیں!

دل وہ واحد جسم کا سردار ہے جو ہمیں سچی راہیں، سچے سودے اور سچے کردار دیتا ہے۔ ہمارا دل ایک شیر ... لہریں اور شعاعیں نکالتا ہے اور وہ شعاعیں اور لہریں کسی دوسرے کے دل میں منتقل ہوتی ہیں۔ یہ لہریں اور شعاعیں منفی بھی ہوتی ہیں اور مثبت بھی۔ منفی اس وقت ہوتی ہیں جب ہماری سوچیں منفی ہوں، ہمارے جذبے منفی ہوں اور ہم کسی کے لیے کینہ، بغض اور نفرت کا جذبہ لے کر چل پھر رہے ہوں اور مثبت اس وقت ہوتی ہیں جب ہم اپنی طبیعتوں کو مثبت کی طرف متوجہ کرسکیں اور یہ مثبت سوچیں ہی مثبت لہریں اور مثبت شعاعیں بن کر ہمارے جسم کو اور دل کو اور روح پرور معطر و منور کردیتی ہیں اور اگر ہماری طبیعت اور ہمارا جسم ہر وقت لوگوں کے عیب اور نفرت ہی سوچتا رہے گا تو پھر ایک وقت آئے گا ہم نفرت سے خود آلودہ ہو جائیں گے اور نفرت ہمارے تن بدن میں پھیل جائے گی۔ پھر ہمارے جسم، ہماری طبیعت میں ہر وقت نفرت ہی آئے گی جو ہم چاہتے ہوئے بھی اپنے دل و دماغ سے نہیں نکال سکتے۔ ماں کے دل کی محبت بچے پر اثر کرتی ہے اور اس ماں کے دل کی محبت جو صرف اور صرف اپنے گھر اپنے بچوں پر توجہ کرے۔ جو مجبور ہیں یا شوقیہ ملازمت اور نوکری کرتی ہیں وہ کبھی وہ محبت اور شفقت کی سچی لہریں اپنی نسلوں کو نہیں دے سکتیں اور کبھی بھی ان کی نسلیں صحت مند لہریں اور صحت مند شعاعیں نہیں پاسکتیں۔ وہ ہمیشہ تھکی ہوئی لہریں اور تھکی ہوئی شعاعیں پائیں گی۔ تھکا ہوا جسم کیا خدمت کرے گا؟ اور تھکی ہوئی سوچیں کیا خدمت دیں گی؟ اسلام نے عورت کو گھر کا چراغ بنایا ہے محفل کا چراغ نہیں بنایا۔ اسلام نے عورت کو ایک مقام دیا ہے ایک مرتبہ دیا ہے کہ اس کو حق دیا ہے کہ اگر اولاد ہے تو بھی جائیداد میں اس کو حق ملتا ہے اگر اولاد نہیں تو جائیداد میں اس کو دگنا حق ملے گا۔ پھر قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں عورت کو مقام اور مرتبہ میں اتنا زیادہ دیا ہے کہ وہ جتنا جتنا بڑھاپے کے قریب پہنچے اگر ماں ہے تو دیکھنا ثواب اگر بیٹی ہے تو خدمت ثواب اگر بہن ہے تو اس کا حق دے کر اس کی خدمت کرکے اس سے اجر کمائیں دنیا سنواریں آخرت سنواریں رزق بڑھائیں، صحت بنائیں کیونکہ صلہ رحمی سے احادیث میں بھی عمر کے بڑھنے، دعاؤں کی قبولیت کا وعدہ ملتا ہے اور بری موت سے دور رہنے کا ایک سچا نظام ملتا ہے۔ ہم اپنی طبیعتوں اپنے جسم کو اور اپنی روح کو اس وقت معطر کرسکتے ہیں جب دل کسی بھی قسم کے کھوٹ سے پاک ہو سوچیں آتی ہیں آئندہ بھی آتی رہیں گی لیکن ان سوچوں سے آپ کتنا نفع خود لے رہے؟ اور کسی دوسرے کو دے رہے۔ میرے اس مضمون کو پڑھنے کے بعد کم از کم تین بار روزانہ سوچیں میں بھی آپ بھی کہ ہماری سوچیں کتنی مثبت ہیں اور کتنی منفی اور ہم خود کتنا فائدہ پارہے اور انسانیت کو کتنا فائدہ دے رہے۔ آئیے! اپنی سوچوں کو مثبت بنائیں عالم کے لیے انسانیت کے لیے ہر مسلک ہر فرقے ہر رنگ اور ہر نسل کے لیے۔ ان شاء اللہ

> **اسلام نے عورت کو گھر کا چراغ بنایا ہے محفل کا چراغ نہیں بنایا۔ اسلام نے عورت کو ایک مقام دیا ہے ایک مرتبہ دیا ہے کہ اس کو حق دیا ہے کہ اگر اولاد ہے تو بھی جائیداد میں اس کو حق ملتا ہے اگر اولاد نہیں تو جائیداد میں اس کو دگنا حق ملے گا**

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال **دیسی کریم**
نام دیسی اور کام ولایتی کریموں سے کہیں زیادہ
کیل مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:- 500/- روپے علاوہ ڈاک خرچ
Digitized by Google

ہفتہ وار درس سے انتخاب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم

درِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لو لگاؤ

درس روحانیت و امن

ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ: جب ہم اللہ کے ہوں گے تو پھر سارا عالم ہمارا ہوگا اور پھر سکون آئے گا۔ ایک شہری ٹھیک ہوگا تو معاشرے میں امن آئے گا۔ معلوم ہوتا ہے معاشرے میں ایک شہری سے ہی امن آتا ہے۔ ہماری معاشرتی سائنس یعنی سیاسیات یہ کہتی ہے کہ افراد سے معاشرہ بنتا ہے، ہر شہری سے مل کر معاشرہ بنتا ہے اور شہری کے سے معاشرہ امن میں آجاتا ہے۔ آج ساری دنیا امن کی پیاسی ہے اور یہ حقیقت ہے کہ پیاس اگر بجھتی ہے تو سرورِ کونین ﷺ کی محبت اور آپ ﷺ کے تعلق اور آستانہ محمدی ﷺ سے تعلق بنانے اور قائم رکھنے سے اور آستانے سے، کسی اور در سے پیاس بجھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کملی والے ﷺ کی غلامی میں ہی پیاس بجھے رہے گی۔ عالم میں سکون تب آئے گا جب کملی والے ﷺ کی غلامی میں امت کا ہر فرد توبہ کی طرف مائل ہوگا!۔ **شکرانِ نعمت:** ایک مزدور نے عجیب بات سنائی کہ آپ کا جب بھی یہاں (تسبیح خانہ میں کنسٹرکشن کا کام ہورہا تھا) سے گزر ہوتا تو آپ ہم سے کہتے کہ یہ سیمنٹ خراب ہورہا ہے! اینٹ جا توڑ رہے ہو! کچھ ٹکڑے رکھ لیتے اس کو لگا لیتے! اس طرح میں آپ کو چار پانچ دن دیکھتا رہا! ایک دن میں نے اپنے دیگر مزدور ساتھیوں کو سمجھایا کہ اللہ کی نعمتوں کی قدر دانی کرو، ان کو فضائل بھی سنائے۔ دو تین ہفتوں کے بعد میں نے ایک تجربہ کیا ہے میں نے پوچھا کیا تجربہ کیا ہے؟ کہنے لگا: میں فلاں گاؤں کا ہوں، لاہور میں مہینہ دو مہینے مزدوری کرتا ہوں۔ اس طرح کچھ پیسے اکٹھے کرکے گھر لے جاتا ہوں! وہ جمع پونجی دوائیوں پر! کچھ گھر کے سودا سلف پر! کچھ بچوں کی تعلیم پر خرچ ہوجاتے ہیں۔ اس طرح سارے پیسے ختم ہوجاتے ہیں! کہنے لگا: میں نے آپ کی باتوں پر عمل کرنا شروع کیا، نماز پڑھی، ہر وقت ذکر کیا، نعمتوں کی قدر دانی کی فرض شناسی کی اور اپنے کام میں چوری نہیں کی، دھوکہ نہیں دیا، ڈنڈی نہیں ماری! میں نے اس دفعہ آپ کی باتوں پر عمل کیا تھا۔ جب میں گھر سے ہو کر واپس آیا ہوں! اللہ کا شکر ہے

کہ بہت سے پیسے میں بچا کر آرہا ہوں، آدھے سے زیادہ میرے پیسے بچ گئے اور عجیب بات یہ ہے کہ آج تک میرے پاس کبھی پیسے نہیں بچے تھے۔ میں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے

کریمہ میں اللہ کی مدد شامل ہے، اس میں اِنی اس لیے ہے کہ میں مجرم ہوں! کریم آقا میں اعتراف کرچکا ہوں! اب تو معاف کردے! تیرا وعدہ ہے کہ اعتراف کرنے والا قابل معافی ہوتا ہے! اب تو معاف فرمادے! درگزر والا معاملہ فرمادے! یقیناً تو معاف کرنے والا درگزر کرنے والا ہے۔ **اقرار جرم:** ہمارے ایک ملازم کا لکڑی کا آرا تھا! لکڑیوں کو اٹھانے اور لانے کیلئے ایک روتی ٹریکٹر بھی ان کے پاس موجود تھا۔ وہ کہنے لگے: ایک دفعہ ایک گاڑی والے کے ساتھ میرے ٹریکٹر کا ایکسیڈنٹ ہوا۔ ٹریکٹر کو تو کچھ نہ ہوا وہاں گاڑی والے کا کافی نقصان ہوا۔ دونوں تھانے چلے گئے۔ اب میرے ڈرائیور نے اپنی قمیض اتار کر پولیس والوں سے کہنے لگا کہ مجھے مارو! اللہ تعالیٰ کے واسطے مجھے مارو! ان کے پاؤں پکڑے! ان کو واسطے دیئے کہ مجھے مارو! یہاں تک کہ جوتا بھی اتار کر دیا کہ مجھے مارو! پولیس والے حیران ہوئے' وہ کہتے بھئی تمہیں کیوں ماریں؟ وہ کہتا میرے ٹریکٹر ٹرالی کی وجہ سے اس کی گاڑی کا نقصان ہوا ہے، اس لیے مجھے مارو اور مجھے جیل میں بند کرو۔ پولیس والے سوچنے لگے کہ دراصل اسے احساسِ ندامت ہے، اپنے کیے پر شرمندگی ہے، تو پولیس والوں کو بھی ترس آگیا پولیس والوں نے اسے دھکے دے کر تھانے سے باہر نکال دیا، دراصل اعتراف جرم معافی کا سبب بھی بن جاتا ہے، لہٰذا اس کو معافی ملی۔ اس آیت کریمہ کا اعجاز یہ ہے ”لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ“ (جاری ہے)

روحانی ... اور رازِ ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

لکھوالیں آپ کے ہاں اولاد نہیں ہوسکتی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اور خصوصاً میری ... ماہنامہ عبقری ذوق شوق سے پڑھتی ہے۔ ہماری شادی کے چار سال بعد تک بچے کی کوئی امید پیدا نہ ہوئی' ہمیں شدید پریشانی ہوئی تو بیگم کا شہر کے مشہور اور مہنگے ہسپتال سے ایک سال تک علاج کروایا' مگر ایک سال بعد انہوں نے ہمیں جواب دے دیا کہ آپ کے ہاں کبھی اولاد نہیں ہوسکتی۔ ہم انتہائی پریشان ہوئے' الحمدللہ! ہم دونوں نے ایک دوسرے کو حوصلہ دیا' میری بیگم نے جمعۃ المبارک کے دن اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع کردی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تین ماہ میں بچے کی امید پیدا ہوئی۔ اب الحمدللہ میں دو بچوں کی ماں ہوں' خاص بات اس عمل کی برکت سے دونوں مرتبہ بیٹے ہوئے۔ میری یہ تحریر عبقری قارئین تک پہنچادیں تاکہ یہ آزمائش شدہ وظیفہ دوسرے دکھی و پریشان لوگ بھی اولاد نرینہ جیسی نعمت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حاصل کرسکیں۔ (اہلیہ چغتائی، ضلع خانیوال)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی
کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
”شفائے حیرت“ چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120

تذکرہ دورِ فاروقی! اسلامی تاریخ میں منفرد اور ممتاز!

ابولبیب شاذلی

بچپن میں اونٹ چرائے اور جوانی میں شرفاء کے علوم حاصل کیے۔ نزول وحی کے وقت ان سترہ ہستیوں میں سے تھے جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ بہترین شہسوار تھے، گھوڑے پر اچھل کر سوار ہوجاتے تھے، قوی جسمانی قوت و طاقت رکھتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وجود عطیۂ خداوندی اور تحفۂ سماوی تھا، جسے بطورِ خاص اسلام کے غلبے کے لیے مانگا گیا تھا، جس کا مسلمان ہونا، اسلام کی فتح، جس کی ہجرت مسلمانوں کی نصرت اور جس کی خلافت مسلمانوں کے [illegible] رحمت تھی۔ وہ مقدس ہستی جس کا رعب اور دبدبہ آج تک [illegible] ہے، جس سے دل دہلتے تھے، زمین کانپتی تھی، [illegible] تھرتھراتا تھا اور شیاطین دور بھاگتے تھے۔ جو اس امت کا محدث تھا، جس کی رائے منشاء خداوندی کے عین مطابق [illegible] کرتی تھی اور وحی اس پر مہرِ تصدیق ثبت کردیتی تھی، [illegible] پر جس کی حکومت تھی اور اس کے پیغام کو دور پہنچاتی تھی جس کے کہنے پر رواں دواں ہوجاتے تھے اور زمین اس [illegible] ضرب سے تھم جاتی تھی۔ جو خلیفہ برحق تھے، دو قبلوں کے [illegible] تھے، جس کے دور میں تسبیح کی طرح آس پاس کے ممالک ٹوٹ کر بکھرنے لگے اور پکے ہوئے پھل کی طرح اسلام کی جھولی میں گرنے لگے۔ یوں تو کشورکشا اور فاتحین اسلامی ادوار میں اور بھی گزرے ہیں، جنہوں نے اسلامی [illegible] پھیلایا، ریاست کی حدود میں اضافہ کیا، بحر و بر پر حکومت [illegible] شہروں کو فتح اور دشمن کو مغلوب اور ان کی طاقت کو پست [illegible] مسلمان سلاطین اور ان میں یہ فرق ہے کہ انہوں نے دشمن کی تلواروں کو کند کیا، ان کے سروں کو جھکایا۔ ان [illegible] شہروں کو فتح کیا مگر ان کے دلوں کو فتح نہ کرسکے، یہی وجہ ہے کہ اس طرح کے ممالک جلد یا بدیر اسلامی حلقہ [illegible] سے نکل گئے۔ یہی اندلس جس پر آٹھ سو سال تک [illegible] پرچم پورے آب و تاب سے لہراتا رہا، آج اغیار کے [illegible] میں ہے اور وہاں کا قلعۂ الحمراء، مسلمانوں کی عظمت رفتہ پر نوحہ کناں ہیں۔ یہی حال وسطی ایشیا کی ریاستوں کا ہے۔ غرض یہ کہ وہاں بھی اسلام اور مسلمانوں کی زبوں حالی، بے کسی، کم زوری اور کسمپرسی اپنے عروج پر ہے۔ اگر خالص انتظامی اور مادی نگاہ سے دورِ فاروقی کو دیکھا جائے تو بھی دورِ فاروقی اسلامی تاریخ میں منفرد اور ممتاز نظر آتا ہے۔ جو راحت اور چین ان کے دور میں مسلمانوں کو ملا تاریخ شاہد ہے کہ پھر مسلمانوں کو نہ مل سکا۔ عالمی طاقتوں کو انہوں نے سرنگوں کیا، بیت المال قائم کیا، مفتیوں اور قاضیوں کا تقرر کیا، محکمہ پولیس قائم کیا، ڈاک کا نظام جاری کیا، مردم شماری [illegible]

[illegible] لازمی سمجھی جاتی تھی اور یہ تمام خصائص و صفات حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے خاندان کو حاصل تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں یہ فرق ہے کہ دیگر صحابہ مریدِ رسول ﷺ تھے، اور حضرت عمر مرادِ رسول ﷺ تھے۔

حقیقت میں ان کا اسلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ تھا کیوں کہ اسلام سے پہلے ایسے کوئی شواہد و آثار اور خارجی قرائن و علامات نہیں تھے جن سے ان کے اسلام کی توقع جاسکتی ہو، مثلاً حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زمانۂ بعثت سے نبوت کے ساتھ دوستی اور محبت کا شرف حاصل تھا۔

ایسی جامعیت کی حامل اور ہمہ جہت شخصیت کہ نبوت کی طرح امامت خطابت، وعظ و نصیحت اور تزکیہ و اصلاح بھی فرمارہے ہیں اور غنیمت کی تقسیم، میدان جنگ کے نقشے، سفراء سے ملاقات اور بیرون کے اسفار بھی فرمارہے ہیں۔ بہادری اور شجاعت ایسی تھی کہ باطل تارِ عنکبوت معلوم ہوتا تھا اور عاجزی و انکساری اس قدر کہ خاک کو بستر بناتے، بیواؤں کے لیے [illegible] بھرتے اور خود اونٹوں پر تیل ملتے تھے۔ قیصر کا نمائندہ [illegible] یا اس نے خلیفہ کے متعلق پوچھا لوگوں نے امیر المومنین [illegible] کی طرف اشارہ کیا جو اس وقت سر کے نیچے اینٹ رکھے زمین [illegible] آرام فرمارہے تھے وہ بولے کہ عمر! تمہیں آرام کا حق ہے تم [illegible] جہاں چاہو آرام کرسکتے ہو مگر حکمراں رعایا پر ظلم کرتے ہیں [illegible] اس لیے چین کی نیند نہیں سوسکتے ہیں۔ آج مسلمان دورِ فاروقی کی طرح امن، سکون، چین اور راحت چاہتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو نسخہ آزمایا تھا وہ خود قرآن کریم میں مسلمانوں کے لیے تجویز ہوا ہے، مفہوم: ''اگر تم مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔''

اور خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کا برملا اعلان کرتے تھے: ''اللہ تعالیٰ نے اسلام کے ذریعے ہمیں عزت سے نوازا۔''

[redacted]

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ٹیوبز بند تھیں جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھی' نامعلوم کہاں کہاں علاج کروائے' ہر طرف سے ناامید ہوچکی تھی' پھر مجھے کسی نے درج ذیل عمل بتایا' میں نے یقین توجہ اور دھیان سے یہ عمل کیا۔ اس وظیفے کی برکت سے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے اب میری تمام رپورٹس بالکل ٹھیک ہیں۔ میری ٹیوب کھل گئی ہے۔ وظیفہ یہ ہے:۔ اول و آخر تین، پانچ یا سات مرتبہ درود ابراہیمی کے درمیان میں ایک مرتبہ سورۃ الرعد اور ایک مرتبہ سورۃ حدید اکیس دن تک روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اللہ رب العزت سے گڑگڑا کر اپنے مسئلہ کے حوالے سے دعا مانگیں اور پینے کے لیے یہی پانی استعمال کرنا ہے۔ اس کے ساتھ نماز کی پابندی رکھیں۔ درود شریف کثرت سے پڑھیں۔ فجر کی نماز بعد اگر یہ عمل کریں تو سب سے بہتر ہے۔ یقین کامل رکھیں۔ (ام رومان، رحیم یار خان)

کیا آپ موبائل پہ فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟
مشکلات جتنی بھی ہوں، الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں، فری بالکل فری، بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 نمبر کی ایک فری SMS سروس ہے کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

بچے کو ذہین، بہادر، چست اور دراز کرنے والی غذائیں

ماریہ علی

صحت مند بچے صحت مند قوم کی علامت ہوتے ہیں۔ اس تناظر میں ترقی یافتہ قوموں کا چہرہ دیکھا جائے تو یہ حقیقت آشکار ہوگی کہ یورپ سے امریکہ تک اور بعض ایشیائی ممالک جہاں ذہنی ترقی کے مختلف مناظر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ دراصل ایک صحت مند قوم کے ہاتھوں ہی ان ممالک کو خوشحالی ترقی اور حکمرانی کا درجہ حاصل ہوا ہے۔ بچوں کی صحت سے غفلت مجرمانہ کوتاہی کہلاتی ہے۔ آج عالمی ادارۂ صحت بہت سے ذیلی ادارے اور دنیا بھر میں پھیلی ہوئی این جی اوز بچوں کی ذہنی وجسمانی ترقی کیلئے بھرپور کوششیں کر رہی ہیں تو اس کا بنیادی سبب اور نصب العین یہی نظر آتا ہے کہ قومیں جہالت اور بیماریوں کو ختم کر کے دنیا میں امن قائم کرنا چاہتی ہیں۔ واضح رہے کہ دنیا میں امن اسی وقت قائم ہو سکتا ہے جب ہر کسی کو صحت اور معاشی ترقی نصیب ہو۔ معاشی ترقی ایک صحت مند قوم کے ہاتھوں سے ہی جنم لیتی ہے اور قوم صحت مند تبھی بنتی ہے جب اس کے بچوں کی صحت کا گراف بلند ترین ہوگا۔ بچوں کی صحت برقرار رکھنے کے لئے بہت سے پہلوؤں اور ادوار پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ اس کے نمایاں ترین نکات یہ ہیں۔

(۱) ایک صحت مند بچے کی ولادت سے قبل ماں کی صحت قابل رشک ہو اور اسے کسی قسم کے غذائی بحران کا سامنا نہ رہا ہو (۲) پیدائش کے بعد بچے کو ماں کا دودھ پلانا بے حد ضروری ہے۔ (۳) شیرخوارگی کے دوران بچے کو ایسی غذائیں کھلائی جائیں جو تمام اہم غذائی ضروریات کی حامل ہوں اور کسی ایک غذا پر انحصار نہ کیا جائے۔ (۴) بچوں کی صحت کو بلند رکھنے کے لیے پہلے پانچ سال تک دودھ اور شہد بچے کی ذہنی وجسمانی ترقی کی ضمانت سمجھے جاتے ہیں۔ عالمی ادارۂ صحت کے مطابق ہالینڈ، جرمنی اور بلجیم میں بچوں کے اعلیٰ ذہنی تصورات کی ایک بڑی وجہ شہد استعمال کرنا ہے۔ لہٰذا اب قدرت کی اس اہم ترین نعمت کو بچوں کے لئے لازمی ترین غذا کے طور پر پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بچوں کے لئے فوڈ سپلیمنٹ اور دیگر اجناس پر مشتمل ڈبہ بند غذائیں تیار کرنے والی کمپنیوں نے شہد کو لازمی جزو کی حیثیت سے فارمولوں میں استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔

ہماری اکثر مائیں چاہتی ہیں ان کا بچہ خوب پھلے پھولے اور سرخ وسفید ہو تو ایسے بچوں کو دہی شہد سے میٹھا کر کے کھلانا چاہیے۔ آلودہ غذا اور ٹافیاں کھانے والے بچوں کے پیٹ میں کیڑے پیدا ہونے لگتے ہیں

چونکہ شہد حرارت اور عمدہ ترین توانائی ہے اس لئے بچوں کی غذاؤں مثلاً دودھ، دہی، سلاد [illegible] کے ساتھ بطور جام اور میٹھے کھانوں میں اس کا استعمال لازمی رکھنا چاہیے۔ شہد محفوظ ترین گلوکوز، فرکٹوز اور سکروز پر مشتمل غذا ہے۔ اس میں 22 فیصد تمام امینو ایسڈ، 28 فیصد معدنی اجزاء، 11 فیصد انزائمز، 14 فیصد ترشہ اور 11 فیصد نشاستہ ہے۔ شہد پھوڑوں، انیمیا، خراش والی کھانسی، جلدی بیماریوں اور معدہ کے بہت سے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ عالمی ادارۂ صحت اور طبی ماہرین نے بچوں کی بہترین پرورش کے لئے دہی کو مفید ترین غذا قرار دیا ہے۔ برصغیر میں تو اسے صحت بخش غذا کہا جاتا ہے جبکہ روس، یورپ، ترکی، مصر، یوگوسلاویہ اور اب امریکہ میں بھی دہی کو بچوں کی صحت کے لئے مفید غذا قرار دیا گیا ہے۔ دہی نشوونما کرنے والی غذا ہے۔ اس میں [illegible] اور معدہ [illegible] ہوتے ہیں۔ [illegible] بچے دودھ [illegible] نہیں کرتے یا جنہیں دودھ ہضم نہیں ہوتا یا پھر معدہ میں گرانی پیدا ہونے لگتی ہے تو ایسے بچوں کو دہی کھلانا چاہیے۔ ویسے بھی دودھ تاخیر سے ہضم ہوتا ہے۔ اگر دودھ ایک گھنٹے میں 32 فیصد ہضم ہوتا ہے تو اتنی ہی دیر میں دہی 91 فیصد ہضم ہوتا ہے۔ ہماری اکثر مائیں چاہتی ہیں ان کا بچہ خوب پھولے اور سرخ و سپید ہو تو ایسے بچوں کو دہی شہد سے میٹھا کر کے کھلانا چاہیے۔ آلودہ غذا اور ٹافیاں کھانے والے بچوں کے پیٹ میں کیڑے پیدا ہونے لگتے ہیں۔ اکثر مائیں گھبرا کر انہیں کیڑے مار ادویات کھلاتی اور پلاتی ہیں۔ جدید تحقیق کے مطابق پسا ہوا ناریل ایک چمچہ ناشتہ کے وقت کھلایا جائے اور اس کے بعد ہر تین گھنٹے بعد ایک چھوٹا چمچ کسٹرآئل کی ایک خوراک دی جائے تو پاخانہ کھل کر آتا ہے اور کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ جب تک کیڑے ختم نہ ہو جائیں یہ نسخہ دہرایا جا سکتا ہے۔ گاجر بھی پیٹ کے کیڑے مارنے کے لئے موثر غذا ہے۔ ایک چھوٹا کپ کدوکش کی ہوئی گاجر صبح کے وقت کھالی جائے تو پیٹ کے کیڑے تیزی سے خارج ہو جاتے ہیں۔ گاجر کے علاوہ اس وقت کوئی دوسری غذا نہیں کھانی چاہیے۔ بچوں کی بہترین نشوونما کے لئے کیلا مفید ترین غذا ہے۔ کیلے کی خوبی یہ ہے کہ بچوں میں کیلشیم، فاسفورس اور نائٹروجن کو تحفظ دیتا ہے جبکہ اس میں خوراک کو جزو بدن بنانے والی مفید ترین شکر بھی پائی جاتی ہے۔ تازہ پھلوں میں کیلا کیلوریز کی مقدار اور کم تر رطوبتوں کے اجزاء سے مالا مال ہے۔ ویسے تو کیلا بڑوں کے لئے بھی مفید پھل ہے۔ لیکن بچوں کو روزانہ کھلانے سے ان کی صحت کا معیار بلند ہو جاتا ہے۔ ایسے بچے جن کا معدہ اکثر خراب رہتا ہو ان کے لئے کیلا سستی دوا کا کام کرتا ہے۔ مغزوں کا بادشاہ بادام بچوں کے لئے ایسی صحت بخش غذا ہے جو بدن اور دماغ کو توانائی پہنچاتی ہے۔

بچوں کے لئے بادام کا بہتر غذائی استعمال بادام کا دودھ ہے۔ چھلکا اترے باداموں کی گری کو گرائنڈ کر کے یہ دودھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اگر اس میں ابلا ہوا پانی یا دودھ ڈال کر تھوڑا سا میٹھا ڈال لیا جائے تو یہ خوش ذائقہ مشروب بن جاتا ہے۔ یورپ میں بادام کے دودھ سے دہی بھی جمایا جاتا ہے۔ 250 گرام مغز بادام سے ایک کلو گرام دودھ بنایا جا سکتا ہے۔ کھجور ایک ملین اور مقوی غذا ہے۔ یورپ میں کھجور سے میٹھی غذائیں اور مشروب بنائے جاتے ہیں جو بڑوں کے علاوہ بچوں کی صحت کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔ عرب باشندے بچوں کو کھجور کی غذائیں کھلا کر توانا بناتے ہیں۔ کھجور کھانے والے بچے ہمیشہ بہادر ہوتے ہیں۔ روسی ماہرین کے مطابق بچوں کو کھجوریں کھلاتے رہنے سے ان کی آنتوں میں کیڑے پیدا نہیں ہوتے۔ دانت نکالنے والے بچوں کے لئے کھجور کی چوسنی نہایت مفید تجربہ ثابت ہوتی ہے۔ ایک کھجور کی گٹھلی نکال کر دھاگے کے ساتھ بچے کے ہاتھ کے ساتھ باندھ دی جائے اور اسے چوسنے دی جائے تو اس کے مسوڑھے سخت ہو جائیں اور دانت آسانی سے نکلیں گے۔ ایسے بچے کو اسہال کی شکایت بھی نہیں ہوگی۔ کھجور اور شہد کا معجون دن میں تین بار دیا جائے تو دانت نکالنے والے بچوں کی پیچش کی شکایت نہیں ہوگی۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد و بال کیوں؟ اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے ہو وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض نامعلوم سے آزمودہ عبقری نسخہ

میں خدا سے توبہ کرتی اور روتی روتی سو گئی کہ اسی رات مجھے خواب میں ایک بزرگ یا درویش سفید کپڑوں میں ملے اور فرمایا: قرآن پاک کا 30 پارہ کھول کر سورہ الم نشرح پڑھو مجھے واضح طور پر یہ سورہ دکھائی گئی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا کرے اور ہم آپ کے فیض سے مستفید ہوتے رہیں۔ آپ نے ایک مرتبہ اپنے درس میں سورۃ الم نشرح کی برکات بیان کیں اور میری آنکھوں کے سامنے پوری ایک فلم چل پڑی۔ اس سورۃ کی برکات کا ایک معجزہ میری زندگی میں ہوا اور میرے ساتھ کس طرح اللہ کریم نے اس سورۃ کی برکت سے کرم فرمایا وہ تمام تفصیل درج ذیل ہے:۔

یہ ایک راز ہے جو صرف میرے اور میرے شوہر کے درمیان تھا مگر اب میں قارئین عبقری کے ساتھ شیئر کر رہی ہوں کہ مقصد چاہے جو بھی ہو صرف اس سورۃ کو سچے دل' یقین اور جذبے سے پڑھیں دیکھیں کیسے بگڑے کام آپ کے حق میں ہوتے ہیں۔ آج سے تقریباً پورے دس سال پہلے کا واقعہ ہے کہ اس سورۃ پاک کی برکت سے مجھے زندہ رہنے کا حوصلہ ملا گیا۔ پہلے مجھے دین کی کچھ سمجھ نہ تھی' نماز کبھی پڑھی نہ تھی اور گھر میں ایسا کوئی ماحول ہی نہ تھا' بس صبح اٹھے' گھر کا کام کاج کیا' گانے' ڈرامے فلمیں دیکھیں اور رات کو سو گئے۔ اسی دوران میں ذلالت کے گہرے گڑھے میں گری' ہوا کچھ یوں کہ محلے میں ایک لڑکے نے مجھے اپنی طرف متوجہ کیا اور میں نوجوانی اور دین دوری کے سبب اس کی طرف متوجہ ہو گئی اور گناہوں کی دلدل میں دھنستی چلی گئی۔ بس ایک ہی دھن کہ شادی کروں گی اسی سے ورنہ خودکشی کر لوں گی۔ میں اتنا بہکی کہ سب کچھ کھو بیٹھی۔ اب لکھتے ہوئے بھی میری آنکھیں چھلک پڑے' آج بھی رب کریم سے رو رو کر اپنی مغفرت کی دعائیں اور توبہ کرتی ہوں۔ پہلے دھن تھی اب مجبوری تھی کہ میری شادی اسی سے ہو پھر ایک مشکل آن پڑی کہ جس سے مجھے عشق تھا وہ لندن چلے گئے۔ نہ کوئی رابطہ' نہ نمبر' نہ ملاقات اور نہ ہی مجھے بتایا اور اس سے بری بات یہ ہوئی کہ میرے والدین نے اس علاقہ سے مکان چھوڑ کر وہاں سے تین کلومیٹر دور ایک نئی سوسائٹی میں گھر لے لیا۔ میں انتہائی پریشان اب کیا ہوگا؟ میں خدا سے توبہ کرتی اور روتی روتی ایک رات سو گئی

بزرگ نے خواب میں اس سورۃ کا فرمایا:

الم نشرح پڑھی اور ہر غم دور

کہ اسی رات مجھے خواب میں ایک بزرگ یا درویش سفید کپڑوں میں ملے اور فرمایا: قرآن پاک کا 30 پارہ کھول کر سورہ الم نشرح پڑھو مجھے واضح طور پر یہ سورہ دکھائی گئی اور میں نے خواب میں ان کے سامنے مکمل پڑھی۔ واضح طور پر ... پڑھنے کو کہا اور ساتھ میں ایک بدصورت کالی شکل والا آدمی جو برہنہ تھا اس کو دیکھا جو ... لیکن بزرگ نے مجھے سورہ الم نشرح پڑھنے کو کہا اور پارہ کھول کر مجھے دکھائے ... آنکھ کھلی میں ... مطمئن ہو گئی اور مجھے وہ سورۃ یاد بھی ... پڑھتی رہی پھر ... پاک ہو کر زبان سے پڑھتی رہی۔ میرا دل خودکشی سے ہٹ گیا اور پھر یہ ہوا کہ (م) مجھے چھوڑ کر لندن چلے گئے ... میں روتی رہی اور یہ سورۃ الم نشرح پڑھتی رہی ... [illegible] ... پاس کوئی راستہ نہیں تھا تو میرے اللہ کریم نے خواب میں ایک بزرگ کے ذریعے مجھے راستہ دکھایا اور وہ راستہ سورۃ الم نشرح تھی' ورنہ آج میں حرام موت مر چکی ہوتی۔ مگر آج میں خوش و خرم زندگی گزار رہی ہوں۔ میری قارئین سے فریاد ہے کہ اپنی اولاد پر نظر رکھیں' آپ کی ذرا سی لاپرواہی آپ کی اولاد کو زندگی بھر کا روگ دے سکتی ہے' آج بھی وہ گناہ کی کسک میرے سینے میں ہے' میں آج (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 133

پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

بحیثیت مسلمان ہم حسن بااخلاق نبی کریم ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپکے ہاتھ میں ہے

حضرت مولانا احمد علی رحمۃ اللہ علیہ صاحب لاہوری مفسر قرآن کے صاحبزادے مولوی حبیب اللہ دورہ حدیث میں شریک تھے کسی گستاخ نے ایک رقعہ بھیجا حضرت رحمۃ اللہ علیہ اس وقت خاموش رہے لیکن دوسری نشست میں جواب دیتے ہوئے نہایت نرمی اور شائستگی سے فرمایا کہ مجھے کسی دوست نے رقعہ لکھا ہے کہ تو اپنے باپ سے نہیں ہے یہ سن کر درسگاہ میں کہرام برپا ہو گیا ہر طالب علم مجسمہ غیض و غضب بنا ہوا تھا مگر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی سکون بھرے انداز میں حسن سلوک کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرمایا۔ (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

"پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

اپنڈکس' پتھری گردہ سے نجات کیلئے نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دو نسخہ جات قارئین کی نذر۔ اپنڈکس کیلئے: ھوالشافی: سیاہ مرچ دو سو گرام' شورا اچھی قسم دو سو گرام' دونوں کو سفوف بنا کر ملا لیں تکلیف کے وقت بڑا کیپسول بھر کر کھالیں۔ خوراک: صبح و شام تین ایام لگاتار استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فوری تکلیف رفع ہوگی۔ پتھری گردہ: تخم پیاز' تخم مولی پیاز دونوں دو دو سو گرام توے پر ڈال کر اس کا پاؤڈر بنالیں' پھر دونوں کا سفوف بنا کر مکس کر لیں۔ اب جو سفوف تیار ہوگا' اس میں سے ایک گرام لے کر اس میں ایک تنکا سہاگہ پاؤڈر ڈال لیں اور فوراً کھالیں۔ پانی کا استعمال جاری رکھیں' چقندر' لسی' توری کا کثرت سے استعمال کریں' چاول' آلو' بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ وقت پر اٹھنے کیلئے: ایک مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۃ کافرون پڑھ کر سوتے وقت اپنے نام کو مخاطب کر کے کہنا کہ مجھے فلاں وقت جگا دے' اور سو جائیں مقررہ وقت پر جاگ جائیں گے۔ (چوہدری نصیر الحق' چشتیاں)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ملا 2۔ بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

042-37552384-042-37425801-3

Digitized by Google

آئیے! خود اعتمادی سے ترقی پالیں!

ایک عالم کا قول ہے کہ اپنے اوپر یقین رکھنا جہاد کا درجہ رکھتا ہے مگر جن لوگوں میں خود اعتمادی نہیں ہوتی ہے ان کے دلوں میں یقین کی حرارت پیدا نہیں ہو سکتی۔ وہ انسان جو اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھتا ہے، ناکامی کو آخری اور حتمی ماننے سے انکار کر دیتا ہے اور حصول مقصد کے لئے مسلسل جدوجہد کرتا رہتا ہے اور بالآخر کامیاب رہتا ہے لیکن جس انسان میں خود اعتمادی نہیں ہوتی وہ ہر ناکامی کو اپنی تقدیر کا نوشتہ قرار دے کر پست سے پست تر ہوتا چلا جاتا ہے۔

خود اعتمادی کا فقدان عملی زندگی میں کس شکل میں نمودار ہوتا ہے؟ اگر آپ اس اہم سوال کا جواب ذہن نشین کر لیں تو آپ کو اپنے کردار کا یہ نقص دور کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔ ایسے لوگ ہمیشہ اس واہمے میں مبتلا رہتے ہیں کہ نا معلوم لوگ ان کے بارے میں کیا سوچ رہے ہیں یا یہ کہ فلاں موقع پر انہوں نے ایسا کیا تو نجانے لوگ کیا سوچیں گے۔ ایسے لوگوں کو ہمیشہ تو اپنے اوپر دوسروں کی جانب سے کی جانے والی ملامت کا خوف ہوگا یا پھر اپنے کسی فعل سے دوسروں کی نظروں میں احمق اور بدھو کہلوائے جانے کا ڈر ہوگا۔ اگر آپ کی یہ ذہنی حالت ہے تو گویا آپ ایک عذاب میں مبتلا ہیں جو آپ کے قلب و دماغ کو مسلسل بے کل کئے ہوئے ہے۔ آپ کو اس عذاب میں مبتلا ہونے کی حالت میں بھی یہ محسوس ہو رہا ہوگا کہ دوسرے لوگ خوش و خرم اور مطمئن ہیں، صرف آپ ہی وہ واحد شخص ہیں جو پریشان ہیں۔ آپ ایسے دوسرے لوگوں کی طرح جنہیں آپ اپنی دانست میں مطمئن اور خوش و خرم سمجھتے ہیں کہ جیسے بننے کی آرزو کریں گے مگر اس وقت تک ممکن نہیں جب تک آپ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا نہ کر لیں۔ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کرنا کوئی بہت مشکل کام نہیں ہے۔ آپ اپنے مزاج میں چند تبدیلیاں لا کر مطمئن اور خوش و خرم زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ یہ خیال دل میں ہرگز نہ لائیے کہ آپ میں جو خامیاں ہیں وہ آپ کے مزاج کا حصہ ہیں اور آپ ان سے کسی طور بھی پیچھا نہیں چھڑا سکتے ہیں۔ آپ بھی خود اعتماد انسان بن سکتے ہیں، شرط صرف یہ ہے کہ آپ اس تبدیلی کے لئے ہمہ تن کوششیں کرنے پر ہمہ تن آمادہ ہوں۔ اگر آپ خود کو باہمت بنانے پر کمربستہ ہو چکے ہوں تو پھر سب سے پہلے اپنے اندر خود اعتماد نہ ہونے کے اسباب تلاش کیجئے۔ جب یہ اسباب آپ کے علم میں آجائیں گے تو [illegible] دور کرنے کی تدابیر سوچ سکیں گے۔ اس قسم کا انسان دوسروں سے [illegible] اور یقین حاصل کرنے کی فکر میں رہتا ہے۔ اگر آپ میں خود اعتمادی کا فقدان ہے تو اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ آپ کا زندگی سے متعلق [illegible] ابتدائی [illegible] کی وجہ سے آپ میں اپنے اور اپنی شخصیت کے بارے میں شعور ذات پیدا نہیں ہوا لیکن اب جبکہ آپ کو اپنی اس بنیادی خامی کی اصل وجود کا علم ہو گیا ہے تو آپ اپنی اس بنیادی خامی کو دور کرنے کے لئے مناسب اقدامات کر سکتے ہیں۔ یہ اقدامات جو آپ کی شخصیت کو خود اعتمادی کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ مندرجہ ذیل ہیں۔ ماضی کے بجائے حال کی فکر کریں: ماضی کو بھول جائیے حال پر نظر رکھیں۔ مستقبل کی فکر کیجئے اور اپنے ذہن میں اس خیال کو ہر لمحہ تازہ رکھئے کہ آپ کا [illegible] غلط [illegible] کے تجربے نے تبدیلی کے آغاز [illegible] جو غلط بات سکھائی تھی اسے فراموش کر دیجئے۔ ہر لمحہ سوچتے رہیے کہ آپ [illegible] شخصیت انسان اپنی ذات کا شعور پیدا کرنا ہے۔ اپنی شخصیت کو تسلیم کریں: اپنی شخصیت کی اہمیت کو خود تسلیم کیجئے اور اپنی صلاحیتوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ خود کو بار بار اس بات کا یقین دلاتے رہئے کہ آپ کی ذات بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی کہ کسی دوسرے شخص کی ہو سکتی ہے۔ اپنی شخصیت کو قابل قبول بنائیں: اپنی خامیوں کے ساتھ ازخود اپنی قابلیتوں کو بھی تسلیم کیجئے۔ خود کو زیادہ سے زیادہ اہم پرکشش اور قابل قبول بنانے کی کوشش کرتے رہیے اگر بظاہر آپ کا سراپا دلکش نہیں ہے تو خود کو بننے سنورنے کی جانب مائل کیجئے۔ اپنے دل میں یہ خیال ہرگز مت لائیں کہ آپ لباس، میک اپ یا دیگر لوازمات سے خود کا آراستہ کرنے کے قابل نہیں ہیں۔

اپنی خوبیوں کو ابھاریئے: اپنے اندر موجود ہر خوبی کو ابھاریئے۔ اپنی ہر صلاحیت کو نمایاں کیجئے۔ اپنے اندر پوشیدہ جوہر قابل کو دنیا کے سامنے لائیے۔ انہیں مت چھپائیے۔ ان کا چھپانا انکساری نہیں بلکہ آپ کی خود اعتمادی کا خون ہے۔ جب آپ میں اپنی ذات کا شعور بیدار ہو جائے گا تو آپ خود کو ایک اہم انسان کی حیثیت میں تسلیم کر لیں گے۔ اس کے بعد آپ اپنے اردگرد موجود لوگوں سے اچھے اور خوشگوار مراسم قائم کرنے کی جانب توجہ دیجئے۔ وہ لوگ یقیناً آپ کے اچھے دوست ثابت ہوں گے اور انہیں بھی آپ کے ساتھ دوستی کا تعلق استوار کرنے میں خوشی ہوگی۔ یہ نکتہ یاد رکھیں کہ اپنے دل سے "خود کے کچھ نہ ہونے" کا واہمہ ہمیشہ کے لئے نکال دیں۔ آپ خود کو جتنا زیادہ قبول کر کے اپنی صلاحیتوں کی نمود کے لئے کوشاں ہوں گے اتنے ہی زیادہ خود اعتماد انسان بنیں گے بلکہ آپ کی شخصیت دوسروں کے لئے بھی باعث تقلید بنے گی۔ مثال کے طور پر اگر ایک کلاس میں ایک طالب علم خود اعتماد ہو، اساتذہ کے ہر سوال کا جواب خود اعتمادی سے دے اور اساتذہ سے خود بھی سوالات کرے تو اس کی یہ خود اعتمادی دوسرے طالب علموں کے لئے بھی تقلید کا باعث بنے گی۔ اس طرح وہ بچے جو اچھی طرح سبق یاد نہیں کر پاتے ہیں یا وہ جو استاد کے خوف کی وجہ سے پڑھائے گئے اسباق کے بارے میں وضاحتی سوال اپنے ذہن میں موجود ہونے کے باوجود اسے پوچھنے سے رہ جاتے ہیں، انہیں بھی ہمت ملے گی اور آئندہ کے لئے ان میں بھی استاد سے سوال پوچھنے کی جرأت پیدا ہوگی۔ اسی طرح اگر ایک خاتون اپنی ساتھیوں کے ساتھ کپڑا خریدنے جائے اور بھاؤ پر بحث کر کے قیمت کم کرانے پر اصرار کرے تو اس کو دیکھ کر اس کی ان ساتھیوں میں بھی ہمت پیدا ہوگی جو شرماہٹ کی وجہ سے بھاؤ تاؤ کے بجائے دکاندار کی بتائی ہوئی قیمت پر ہی چیزیں خرید لیتی ہیں اور عموماً مالی نقصان برداشت کرتی ہیں۔

خود اعتمادی کا درست مفہوم خود پر بھروسا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ حد سے تجاوز کر جائیں یا مصنوعی شخصیت اور متکبرانہ انداز گفتگو اختیار کریں۔ اگر آپ کو یہ غلط فہمی ہو کہ خود کو دوسرے لوگوں کے لئے اس طرح قابل قبول بنا سکیں گے تو یہ آپ کی خامی ہے اسے جلد دور کر لیجئے۔ آپ اپنے آپ میں ہی رہ کر خود کو دوسروں کے لئے قابل قبول اور پسندیدہ بنا سکتے ہیں۔

> اپنی شخصیت کی اہمیت کو خود تسلیم کیجئے اور اپنی صلاحیتوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ خود کو بار بار اس بات کا یقین دلاتے رہئے کہ آپ کی ذات بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی کہ کسی دوسرے شخص کی ہو سکتی ہے۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

تندرستی ٹانک — جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات | گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)
Digitized by Google

مہنگائی ہے تو کیا ہوا؟ یہ تدابیر آزمائیے! خوشحال رہیے!

(ثمیم کلیم، لاہور)

بچت کی عادت ڈالیے' کوئی کمیٹی ڈال لیجئے' کسی سودے' بل یا خریداری سے رقم بچے تو الگ محفوظ کر لیجئے' بچوں کی عیدی' موسمی کپڑے وغیرہ ان ہی سے خریدیئے۔ کسی گھر میں خیر و برکت' اتفاق' محبت اور رواداری سے ہی ممکن ہے

آج کل پوری دنیا کو مہنگائی کے طوفان نے اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے' دنیا کے جس ملک کا نیوز چینل دیکھ لیں وہاں کی عوام مہنگائی کے خلاف سراپا احتجاج ہے۔ امریکہ جیسے ملک کے شہری بھی مہنگائی کے ہاتھوں سخت پریشان ہیں' دن بڑھتے مہنگائی کے سیلاب نے میرے پیارے ملک پاکستان کو بھی گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ موجودہ دور میں بھی تو مہنگائی ہر گھر کا مسئلہ بن چکی ہے' آج ہر خانہ دار خاتون اسی پریشانی کا شکار ہے کہ اسی لگی بندھی آمدنی میں بڑھتے ہوئے یوٹیلیٹی بلز' کرائے' اشیائے خورد و نوش کی گرانی' مہمان داری' میل جول' شادی بیاہ' غمی اور بچوں کی تعلیم کے اخراجات کس طرح پورے کریں؟ میں خود بھی اپنے بڑھتے بجٹ کی وجہ سے کافی پریشان تھا تو ایک جریدہ پڑھنے کا اتفاق ہوا اس میں مہنگائی کا مقابلہ کرنے کیلئے چند تدابیر بڑے سلیقے سے لکھی گئیں تھیں جو میں من و عن قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔ آیئے! آج ذرا مہنگائی سے مقابلہ کرنے کی پلاننگ کرتے ہیں:۔ **خورد و نوش اشیاء:** اگر آپ کے پاس صحن یا کیاری یا چھت کی سہولت موجود ہے تو اسے نعمت جانیئے چاہے وہ دیوار کے ساتھ ایک تنگ قطعہ زمین کی صورت ہی کیوں نہ ہو' بصورت دیگر پرانی بالٹی' ٹوٹی ہوئی پلاسٹک کی ٹوکری' ٹرے' کسی مشروب کی پلاسٹک کی بوتل (مثلاً کولا مشروب کی لیٹر' ڈیڑھ سوا دو لیٹر کی خالی بوتل اوپر سے کاٹ کر استعمال میں لا سکتے ہیں) اور پھل والوں کے پاس دستیاب خالی لکڑی کی پیٹی بھی کارآمد ہو سکتی ہیں۔ تہہ میں بڑے کنکر' مٹی کے ٹھیکرے وغیرہ بچھائیں۔ تین چوتھائی مٹی بھری' ایک چوتھائی کھاد اور اس میں موسمی سبزیوں کے بیج ڈال دیں۔ دھنیا' پودینہ' پیاز' ادرک' لہسن' سلاد اور پالک تو بڑی اور گہری پلیٹوں میں بھی اُگ آتے ہیں' گملوں میں ہری مرچ' لیموں' پپیتہ' لوکی' ترئی' شکر قندی' آلو' بینگن' اروی وغیرہ بھی بہت آسانی سے نشو و نما پاتے ہیں۔ کم از کم ان سبزیوں کی خریداری سے تو آپ بچ ہی جائیں گی' دھنیا کیلئے ہر ہفتے نئے بیج ڈالتی رہیے' بڑا صحن ہے تو جو چاہیں اگائیے' بس وقفے وقفے سے چائے کی پتی کی کھاد' لہسن چھیلنے کا بچا ہوا پانی اور سال بھر بعد زمینی دیمک کی دوا ڈالنا نہ بھولیں۔ پودینے اور لیموں کی خوشبو مچھر اور [illegible]

[illegible] کے ساتھ کھائیں۔ ہری مرچیں لال پڑنے لگیں تو سکھالیں' پسوا کر عام پسی لال مرچ کی طرح استعمال میں لائیں۔ اس کا ذائقہ بھی تیز ہوگا اور یہ خالص بھی ہیں' بچی سبزی کے بھرے ہوئے پراٹھے بنالیں۔ جلد ختم ہو جانے والی اشیاء کی خریداری کسی قریبی ہفتہ وار بازار سے کریں' مناسب اسٹور کرنے سے روز روز کا مسئلہ بھی نہیں ہوگا۔ مثلاً! ہری مرچ ڈنڈی توڑ کر ڈبے میں رکھ دیں' ہرا دھنیا اور پودینہ ڈنٹھل توڑ کر ڈبے میں رکھیں۔ سبزی کو کاغذ کے تھیلے میں کر دیں' پھر فریج میں رکھیں۔ ماہانہ خریداری بھی کسی ہول سیل مارکیٹ میں دکان سے کریں۔ کوشش کیجئے کہ بچوں کو گھر کا بنا لنچ دیں۔ روزانہ بازاری چیزیں اور جیب اور صحت دونوں پر بھاری پڑتی ہیں' ایک دن سینڈوچ دیں' ایک دن چپس تل دیں' کبھی نمک پارے' کبھی کباب اور ہلکے روغن والی روٹی یا پراٹھا تل دیں۔ جس چیز کا سستا متبادل موجود ہو اسے تن آسانی کی خاطر نہ خریدیں' لہسن آسانی سے چھیلا جا سکتا ہے پھر کیمیکل سے آلودہ چھلا ہوا لہسن مہنگا کیوں خریدیں؟

[illegible] کارن سوکھے ہوئے مکئی کے دانوں سے آسانی سے گھر [illegible] بنائے جا سکتے ہیں' بازاری تیار کردہ اشیائے خورد و نوش [illegible] ممکن گریز کریں' سموسے' پکوڑے' آلو پوری' کچوری [illegible] کاری' چھولے چاٹ' بن کباب' پیزا' برگر' گھر میں کئی گنا [illegible] قیمت پر حفظان صحت کے مطابق بنائے جا سکتے ہیں۔ کبھی [illegible] آؤٹنگ کے موقع پر مناسب سہی مگر اسے عادت نہ [illegible] بنائیے۔ اسی طرح مہمانوں کی تواضع کیلئے بھی گھر میں کچھ [illegible] کباب' سموسے بنا کر فریز رکھیے۔ یہ بیکری کی چیزوں سے [illegible] سستے پڑیں گے۔ بجلی کے استعمال میں انتہائی کفایت [illegible] شعاری برتیں' ٹی وی ایل ای ڈی کو سٹینڈ بائی پر نہ رکھیں' [illegible] استری کرتے وقت جب استری کپڑوں پر نہ ہو تو بند [illegible] کریں' جہاں کوئی موجود نہ ہو وہاں فوراً پنکھا' بلب بند [illegible] کریں' چولہا تیز آنچ پر نہ رکھیں' بلاوجہ گیزر نہ چلائیں۔ [illegible] جب بھی جائیں لسٹ بنا کر جائیں اور انتہائی ضروری [illegible] خریدیں بلاوجہ کوئی چیز سستی بھی ملے تو نہ لیں۔ سال [illegible] میں پلاننگ کر لیجئے کہ آپ کو کیا کیا چاہیے' جہاں سیل [illegible] وہاں سے سستے اچھے جوتے' کپڑے خرید لیں' کٹ [illegible] سے بہترین کپڑے اور پردے وغیرہ بن سکتے ہیں۔ جو [illegible] میں زیادہ جاذب نظر لگتے ہیں۔ بچت کی عادت ڈالیے' [illegible] کمیٹی ڈال لیجئے' کسی سودے' بل یا خریداری سے رقم [illegible] الگ محفوظ کر لیجئے' بچوں کی عیدی' موسمی کپڑے وغیرہ ان ہی سے خریدیئے۔ کسی گھر میں خیر و برکت' اتفاق' محبت اور رواداری سے ہی ممکن ہے' گھر میں تحمل اور درگزر کو فروغ دیں' ماہانہ آمدنی سے کچھ اللہ کے نام پر دینے کیلئے ضرور الگ کر لیں' چاہے وہ چند روپے ہی کیوں نہ ہوں' اس کا شکر ادا کیجئے۔ روزانہ نماز کے بعد ظاہری اور باطنی غناء کیلئے دعا کریں' سادگی' قناعت اور نفسی نظم و ضبط اختیار کریں۔ مہنگائی کا مقابلہ کڑا اور مشکل سہی ناممکن نہیں۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو' داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
خون صفاء
(بڑوں' بچوں کیلئے یکساں مفید)
نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
قیمت -/120 روپے

ہونگی حاجات پوری اور ملے گا تقرب الٰہی

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو غیر شرعی اعمال کے بجائے تسبیح' مصلے کے ساتھ نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

اسلامی سال کے چھٹے مہینہ کا نام جمادی الاخریٰ ہے۔ جمادی الثانی کی 22 تاریخ 13ھ کو سہ شنبہ کے دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے۔ اس ماہ کی بائیس تاریخ 13 ہجری کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا و... ہوا۔ یہ بہت بابرکت مہینہ ہے۔ اس مہینہ میں وظا... ونوافل پڑھنے کا بیان اس طرح سے ہے۔

جائز حاجات پوری ہونگی: پہلی شب: اس ماہ کی پہلی ... نماز مغرب کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے ... مرتبہ معوذتین پڑھے اور سجدے میں جا کر تیس مرتبہ اِ... نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ پڑھ کر نہایت توجہ و ... سے بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی حاجت ہوگی وہ پوری ہوگی۔ اس کے ساتھ پہلی رات ... نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اور جو جتنا ... قرآن پاک پڑھ سکتا ہو، پڑھے۔ نماز وغیرہ سے فارغ ہو کر بکثرت استغفار اور درود پاک پڑھے۔

ہر حاجت اور ہر طلب کیلئے: کسی قسم کی مالی پریشانی ہو یا گھریلو پریشانی ہو یا کوئی رکاوٹیں ہوں تو درج ذیل آ... کثرت سے ورد کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی ہر جائز حاجت پورا فرمائیں گے۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰ...

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْ...

مصیبت کو ٹالنے کیلئے: درج ذیل آیت کو اٹھتے ... نہایت توجہ اور یقین کیساتھ پڑھیں اللہ تعالیٰ آپ کی مصیبتوں کو ٹال دینگے۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ○ (پارہ 30 سورۂ الم نشرح' آیت نمبر 6,5)

گھر کاروبار کی خیر و برکت کیلئے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ 786 بار پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک ماریں' پانی پر بھی تین بار پھونک ماریں جس گھر میں رہتے ہیں اس کی خیر و برکت کیلئے تین پھونکیں ماریں اور کاروبار کیلئے دکان یا کارخانہ یا ملازمت والی جگہ کی طرف تین پھونکیں ماریں۔ دم کیے ہوئے پانی سے تھوڑا پانی لیں گھر کی چھت پر چاروں کونوں میں پانی

ڈالیں آسمانی بلائیں دور ہو جائیں گی۔ گھر کی دیواروں پر دم کیا ہوا پانی چھڑکیں گھر کے اندر تعویذ دھاگہ نحوست کالا جادو ختم ہو جائے گا۔ انشاء اللہ باقی پانی پینے کیلئے ہے اس سے جسمانی ...

اور سلام کے بعد بکثرت یَا عَزِیْزُ یَا رَحِیْمُ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چشم خلائق میں معزز و محترم ہو جائے گا۔

سوتے وقت ڈر جائیں یا جھٹکے لگتے ہوں

اگر رات کو سوتے وقت کوئی ڈرتا ہو یا جھٹکے لگتے ہوں تو یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ کی ایک تسبیح اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ ان شاء اللہ یہ مسئلہ ختم ہو جائے گا۔ (ع، لاہور)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 فروری بروز اتوار صبح 11 بجکر 23 منٹ سے لیکر 12 بجکر 11 منٹ تک۔ 19 فروری بروز منگل رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 27 منٹ تک۔ 27 فروری بروز بدھ عصر تا مغرب۔ یَا وَاسِعُ یَا جَلِیْلُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ ... میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی ... س سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ... لی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور ... سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ... وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم ... اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' ... لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین ... اتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ... دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ ... الوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ... پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو ... ماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ ... وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا ... تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور ... وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی ... پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی ... پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

...ریا کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے تعویذ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس لیکوریا کے لیے ایک تعویذ ہے جو میرا آزمودہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ هُوَالْاَمْرُ هِیَ عَمَانُوِیْلُ بِحَقِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَارِیُٔ الْمُصَوِّرُ الْاَرْحَامِ۔ یہ دعا بسم اللہ کے ساتھ لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں پہن لیں اور یہی دعا لکھ کر 40 دن صبح نہار منہ پانی میں گھول کر پی لیا کریں۔ یہ لیکوریا کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ (ف، بنوں)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

Digitized by Google

حضرت ابوبکر غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

سخت بیماری حملہ آور ہوگئی ہو جس سے مریض اٹھ نہ پا رہا ہو تو صبح و شام اس کے کانوں میں سورۂ رحمٰن کی تلاوت کی جائے۔ اگر روزانہ دونوں وقت سورۂ رحمٰن واک مین‘ ٹیپ ریکارڈ یا موبائل فون میں ریکارڈ کرکے ایئرفون دونوں کانوں میں لگا کر مریض کو سنوائیں۔

دائمی اور پرانی بیماری کیلئے آیات شفاء: جو بیماری بہت پرانی ہو چکی ہو اور جان چھوڑنے کا نام نہ لیتی ہو اس سے شفاء پانے کیلئے آیات شفاء کا مریض ورد بھی کثرت سے کرے اور پانی، تیل اور ادویات پر اس کا خود بھی دم کرے اور خانہ بھی اس کے کھانے پینے یا جسم پر ملنے کی اشیاء ادویات پر زیادہ سے زیادہ پڑھ کر دم کریں۔ چھ آیات شفاء درج ذیل ہیں:۔ (1) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (توبہ ۱۴) (2) شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (یونس 57) (3) يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (نحل 69) (4) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بنی اسرائیل 82) (5) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (الشعراء 80) (6) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حم سجدہ 44)

سورۂ رحمٰن اور پرانی بیماری: اگر بیماری بہت پرانی ہوگئی ہو اور مریض مستقل بستر پر پڑ چکا ہو یا سخت بیماری حملہ آور ہوگئی ہو جس سے مریض اٹھ نہ پا رہا ہو تو صبح و شام اس کے کانوں میں سورۂ رحمٰن کی تلاوت کی جائے۔ اگر روزانہ دونوں وقت سورۂ رحمٰن واک مین‘ ٹیپ ریکارڈ یا موبائل فون میں ریکارڈ کرکے ایئرفون دونوں کانوں میں لگا کر مریض کو سنوائیں۔ پوری تلاوت کے دوران مریض آنکھیں بند رکھے پوری توجہ تلاوت پر رکھے اور اللہ سے یہ امید رکھے اور دعا کرتا رہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اسے اس بیماری سے نجات نصیب فرمائے تو مریض جلد صحت یاب ہو جائے گا۔ ہسپتالوں میں اگر وارڈز میں صبح و شام کا اجتماعی اہتمام کر دیا جائے تو بہت ہی اچھے نتائج نکلیں گے۔

سردرد اور ہر قسم کے درد کا مجرب ترین نسخہ: یہ عمل بے شمار دفعہ کا آزمودہ ہے۔ اس عمل کے بعد درد ایسا بھاگا بھاگا پھرتا ہے کہ اسے بھاگنے کا راستہ ہی نہیں ملتا۔ سر درد ہی میں نہیں بلکہ جسم میں کہیں بھی‘ کسی بھی قسم کا درد ہو تو اپنی سانس روک کر درد والی جگہ پر تین بار لِيُعَذِّبَهُمْ لکھیں۔ اول تو ختم ہو جائے گا ورنہ کسی دوسری جگہ منتقل ہو جائے گا۔ درد جدھر منتقل ہو وہیں لکھنا شروع کر دیں۔ دو تین منٹ میں ہر طرح کا درد نیست و نابود ہو جائے گا۔

انجائنا، دل کی تکلیف کا علاج ...: انجائنا کا درد ... ہارٹ اٹیک کا اندیشہ ہو یا ایک آدھ بار ہو چکا ہو اور اب حالات کے رحم و کرم پر ہو تو اس کیلئے ... کا درجہ رکھنے والا عمل درج ذیل ہے: يَاقَوِيُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ ... یہ دعا ہر نماز کے بعد سات بار ... اس طرح پڑھیں کہ ہر ... وقت سینے پر بائیں جانب ہاتھ کی ہتھیلی سے ایک دائرہ مکمل کریں۔ ان شاء اللہ درد سے بھی جان چھوٹ جائے گی اور ہارٹ اٹیک کا اندیشہ خطرہ بھی ختم ہو جائے گا۔

معدہ کی کمزوری کا حل: اگر معدہ کمزور ہو گیا ہو‘ کھانا پینا ہضم نہ ہوتا ہو اور معدہ میں گرانی رہتی ہو تو سورۂ انشقاق تین بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے گیارہ روز تک مریض کو دیں۔ دن میں پانچ سات بار وہ یہ پانی پیتا رہے۔ پینے کا پانی ... پانی پر روزانہ نیا دم کرنا ہے اور ہر روز کا پانی اسی روز ختم کر دینا ہے۔

پیشاب میں جلن: خواتین کو بعض مخصوص وجوہ کی بنا پر پیشاب میں جلن شروع ہو جاتی ہے ... یا پیشاب ... کی جلن جیسی بیماری کا اکثر اوقات خواتین شرم کے مارے کئی روز تک کسی سے ذکر نہیں کرتیں۔ اس تکلیف کا ہمارے ہاں بارہا کا آزمودہ عمل یہ ہے کہ مریضہ خود یا کوئی بھی شخص ایک بوتل پانی پر تین سو تیرہ بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ پڑھ کر دم کرے اور مریضہ اس دم شدہ پانی سے دن میں سات بار یا گیارہ بار پاک حالت میں خود پر چھڑکیں اور پئیں۔

بچہ خواب میں ڈرتا ہو: اگر بچہ خواب میں ڈر کر روتے ہوئے بیدار ہو جاتا ہو یا سوتے سوتے گھبرا کر زور سے بلتا ہو تو اس پر تین دفعہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں۔ 1۔ پہلی دفعہ سات بار۔ 2۔ دوسری دفعہ گیارہ بار۔ 3۔ تیسری دفعہ اکیس بار۔ ان شاء اللہ ایک دو روز ایسا کرنے سے اس کا خواب میں ڈرنا ختم ہو جائے گا۔

قرض اتارنے کا نسخہ: اگر کوئی قرض کے جال میں پھنس گیا ہو اور قرض اتارنے کے اسباب مہیا نہ ہو رہے ہوں تو اسے چاہیے کہ سب سے پہلے پختہ نیت اور اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کرے کہ میں ہر صورت اپنا قرض اتاروں گا۔ پھر روزانہ عصر کی نماز کے بعد سورۂ نصر (پارہ 30) اکتالیس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مدد مانگے ان شاء اللہ قرض کی ادائیگی کا کوئی راستہ نکل آئے گا۔

معدہ کے تمام امراض کیلئے خاندانی راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں‘ خاص طور پر آپ کا طبی آرٹیکل جو ہر ماہ ماہنامہ عبقری کے صفحہ نمبر 24 پر آتا ہے‘ میرا سب سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ آپ نے ایک مرتبہ اپنے طبی کالم میں ”سفید پاؤڈر“ کا نسخہ بتایا۔ میرے دوست نے ایک دن اپنی بیوی کے بارے میں بتایا کہ اسے معدہ کا السر ہے جس کی ادویات خرید خرید کر وہ تنگ آ چکا ہے مگر مرض ٹھیک نہیں ہو رہا۔ میں نے اسے یہی ”سفید پاؤڈر“ والا نسخہ بتایا‘ اس کی اہلیہ نے چھ ماہ مسلسل یہ نسخہ استعمال کیا بقول میرے دوست کے اہلیہ کا السر 80 فیصد تک ٹھیک ہو چکا ہے اور مہنگی ادویات سے جان بھی چھوٹ چکی ہے۔ اس کے علاوہ بھی میں لوگوں کو یہی نسخہ بنا کر دیتا ہوں‘ بے شمار افراد معدہ کے امراض سے چھٹکارا پا چکے ہیں۔ نسخہ درج ہے۔ ھوالشافی: چینی باریک ایک پاؤ پسی ہوئی‘ میٹھا سوڈا ایک چھٹانک اور ست پودینہ ایک تولہ‘ چینی اور میٹھا سوڈا آپس میں ملائیں اور پھر ست پودینہ اس میں ملا کر خوب رگڑیں اتنا کہ چینی میٹھا سوڈا اور ست پودینہ آپس میں یکجان ہو جائیں۔ کسی ہوا بند ڈبے میں یا بوتل میں محفوظ رکھیں۔ زیادہ مقدار میں نہ بنائیں‘ نمی کے موسم میں جم جاتا ہے۔ بناتے رہیں استعمال کرتے رہیں‘ آدھا چمچ کھانے کے بعد دن میں تین دفعہ بھی لے سکتے ہیں‘ اگر طبیعت زیادہ خراب ہو تو بار بار بھی لے سکتے ہیں۔ (محمد رئیس قادری‘ کراچی)

خواص الخواص عمل کے بعد جادو شکن تیل
کالا جادو جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بد روحوں کے برے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں‘ گھریلو جھگڑے‘ اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔ (قیمت 60 روپے)

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com
Digitized by Google

اخروٹ کے صرف چند فوائد پڑھیے!

چار پانچ منقی کے دانے بیج نکال کر دو اخروٹوں کی گری لیں اور چبا چبا کر کھالیں۔ روزانہ صبح دودھ کے گلاس کے ساتھ کھائیے، جسمانی کمزوری دور ہوگی اور سر درد بھی ختم ہو جائے گا۔ دماغ اور اعصاب کے لیے اس سے بہتر کوئی سستا اور آسان ٹوٹکہ نہیں آزما کر دیکھیے۔

اخروٹ بہت مزے کے ہوتے ہیں۔ اس کے مغز میں حیاتین کے علاوہ معدنی اجزا بھی وافر مقدار میں ہوتے ہیں جس سے بدن کی ٹوٹ پھوٹ اور عام جسمانی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ حافظے کے لیے روزانہ خود اور بچوں کو بھی ایک دو اخروٹ کھلائیے۔ اگر کمزوری کی وجہ سے سر میں درد ہو، حافظہ کمزور ہونے لگے، باتیں بھولنے لگیں، تو ایسے میں اخروٹ کو یاد رکھیے۔ چار پانچ منقی لیں ان کے بیج نکال کر دو اخروٹوں کی گری لیں اور چبا چبا کر کھالیں۔ روزانہ صبح دودھ کے گلاس کے ساتھ کھائیے، جسمانی کمزوری دور ہوگی اور سر درد بھی ختم ہو جائے گا۔ دماغ اور اعصاب کے لیے اس سے بہتر کوئی سستا اور آسان ٹوٹکہ نہیں آزما کر دیکھیے۔

اگر آپ کے پاس اخروٹ وافر مقدار میں ہیں تو چار پانچ کلو گری لے کر اس کا تیل کولہو یا مشین سے نکلوا کر رکھیے۔ سردیوں میں اکثر پٹھوں کا درد پریشان کرتا ہے۔ اخروٹ کا تیل مالش کرنے سے پٹھوں کی اکڑاہٹ اور درد ختم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح پرانے طبیب بالوں کے سیاہی قائم رکھنے کے لیے سردیوں میں اخروٹ کا تیل سر میں اچھی طرح مالش کرواتے جس سے بالوں کی سیاہی تا دیر قائم رہتی تھی۔ اخروٹ زیادہ نہیں کھانے چاہئیں۔ خصوصاً اخروٹ کی گری پرانی ہو جائے تو پھینک دیں، زیادہ کھانے سے منہ میں چھالے پڑ جاتے ہیں اور متلی ہوتی ہے۔ یاد رکھیے کہ اخروٹ گرم ہوتے ہیں، اس لیے گرم مزاج والوں کو زیادہ نہیں کھانے چاہئیں، فائدے کے بجائے نقصان ہوتا ہے اور طبیعت بگڑ سکتی ہے۔ دو چار اخروٹ سے زیادہ نہ کھائیے۔ پرانی چوٹ کا نشان رہ جائے تو بہت بدنما لگتا ہے۔ اس پر اخروٹ کی گری پیس کر لیپ کرنے سے داغ چند ہفتوں میں میں دور ہو جاتا ہے۔ اسی طرح چھائیوں پر اخروٹ پیس کر لگائے جائیں تو یہ کم ہو جاتی ہیں۔ ہماری ایک عزیزہ کو معدے کی تکلیف تھی۔ ان کا معدہ بہت کمزور تھا۔ انہیں اخروٹ کھانے سے آرام آیا۔ پھلوں کے سرکے میں اخروٹ کی گری ڈال دیں۔ دھیان رکھیں کہ سرکہ اخروٹ سے اوپر رہے۔ پندرہ دن بعد گری نکال کر تھوڑی تھوڑی کھانے سے معدہ کو تقویت ملتی ہے۔ کچھ لوگ اخروٹ کا مربہ شہد میں ڈالتے ہیں۔ یہ مربہ سرد مزاج

اخروٹ رکھنے کے بعد نکال کر توڑتے ہیں تو گری ثابت رہتی ہے۔

بڑھے گی اور آپ کو بے حد خوشی بھی ہوگی۔ آپ اخروٹ فریزر میں رکھیے۔ پھر جتنے توڑنے ہوں نکال کر کھولتے گرم پانی میں ڈالیے۔ پھر ایک ایک اخروٹ نکال کر جوڑ کے پاس ہتھوڑی سے توڑیے۔ گری ثابت نکلے گی۔ اسی طرح بادام جتنے توڑنے ہوں، لیجئے اور چار منٹ چھلنی میں ڈال کر نلکے کے نیچے رکھیے۔ پھر بادام ترچھا کر کے توڑیں، وہ کھل جائے گا۔ انہیں فریزر میں رکھنے کی ضرورت نہیں۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک ہوں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَآ اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

دل میں خوشی اور سکون پانے کیلئے مراقبہ کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ بے شک اس رسالہ میں آئے اعمال اور نسخہ جات کی بدولت دکھیاروں کے دکھ دور ہوتے ہیں۔ میں رسالہ عبقری میں آئے مراقبہ کے عمل کو ہر ماہ کرتی ہوں' گزشتہ نماز عشاء کے بعد میں رسالہ میں دیئے مراقبہ کے عمل کو بتائے طریقہ کے مطابق کرنے بیٹھی تو کچھ ہی دیر کے بعد تصور بنا کہ میں آسمان کی طرف دیکھتی ہوں چاند اور ستارے بہت زیادہ روشن ہوتے ہیں جبکہ ایک ستارہ ان سے بھی زیادہ روشن ہوتا ہے' میں اس ستارہ کو دیکھتی ہوں تو دوران مراقبہ ہی اس ستارہ سے روشنی اپنے جسم میں داخل کرتی ہوں' اس دوران روشنی اتنی زیادہ ہوجاتی ہے کہ میرا دل بہت زیادہ خوش ہوتا ہے اور اتنا سکون ملتا ہے کہ میں بیان نہیں کر پا رہی۔ پھر میرا تصور ختم ہوتا ہے اور میں انتہائی مسرور ہوتی ہوں۔ (فضیلت بنوں)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
قیمت صرف 500 روپے
قوت وشباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔

Digitized by Google

جن کا اپنا گھر نہ کاروبار ان کیلئے
جن کے میاں کا موڈ ہر وقت خراب رہتا ہو
جنات' بدروحیں' جادو یا تعویذ کے اثرات
جن کو ڈاکٹرز نے جواب دیا ہو

گھر نہ کاروبار: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! ہمارا گھر نہیں ہے اور نہ ہی کوئی کاروبار ہے' ایک تعلیمی ادارہ میں پڑھاتا ہوں' کوئی وظیفہ عطا فرمائیں کہ اپنا کاروبار کرسکوں' اپنی غربت کو دور کرسکوں۔ (م۔ا)

جواب: اَلْاَحَدُ سَطَعَ کُلُّ مُوْدُ صبح و شام 313 مرتبہ اول و آخر درود شریف 7 مرتبہ پڑھیں۔ وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اگر مسئلہ بہت مشکل ہو تو ہزاروں' لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ سے کئی سوا لاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ باقی وظائف اگر آپ پڑھ رہے ہیں پڑھیں لیکن اس پر بہت زیادہ توجہ دھیان دیں۔ عمل مستقل مزاجی سے کریں چند دن کر کے گھبرا نہ جائیں۔ جتنی توجہ دھیان ہوگا' اتنا نفع زیادہ ہوگا۔

میری بہن کو ڈاکٹر نے جواب دیدیا: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری بہن کینسر کی مریضہ ہے' ڈاکٹرز نے اس کو جواب دے دیا ہے کہ اب یہ چند ماہ یا چند ہفتوں کی مہمان ہے۔ میری بہن ہر وقت درد سے چیخیں مارتی رہتی ہے' اس کو نیند کے بڑے سخت انجکشن لگتے ہیں اس کے باوجود وہ چند گھنٹوں بعد ہی درد سے چلانا شروع کردیتی ہے۔ خدارا کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ اس کو راحت نصیب ہو اور اس کی جان اس تکلیف سے چھوٹ جائے۔ (ش۔ن)

جواب: حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کو گیارہ دن' اکیس دن' اکتالیس یا اکانوے دن میں سوا لاکھ مکمل کریں۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہوتا اسی طرح ایک۔ تین۔ پانچ۔ سات۔ سوا لاکھ جتنے زیادہ کرسکتے مکمل کریں۔ دن زیادہ ہوجائیں تو گھبرائیں نہیں عمل جاری رکھیں۔ وضو بے وضو پاک ناپاک ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ جتنی عمل میں توجہ زیادہ ہوگی اتنا زیادہ نفع ہوگا۔ اتنی بیماریاں' بندشیں' سفلی عمل' بیماریاں اور مشکلات زیادہ جلدی ختم ہوں گی۔ درج بالا مسائل میں مبتلا تمام قارئین کو اس کے پڑھنے کی اجازت ہے۔

گھر میں جنات' بدروحیں' جادو یا تعویذ کے اثرات: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! گھر میں رات کو ایسے لگتا ہے جیسے پیچھے کوئی ہے اور خوف کی لہریں اٹھتی ہیں' سارے جسم میں عجیب سی سرسراہٹ شروع ہوجاتی ہے۔ میرے خاوند کی بہن اور بھائی ... ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں چلی جاتی ہیں۔ کیا کسی نے کوئی جادو کیا ہے اور وہ کون ہیں؟ میری شادی کو بھی سات سال ہوگئے ہیں مگر اولاد نہیں ہوئی حالانکہ ہر رپورٹ بالکل ٹھیک آتی ہے۔ ... بالکل ٹھیک آیا ہے۔ (س' فیصل آباد)

جواب: آپ ... صبح و شام اول و آخر ... درود شریف کے ساتھ ... تسبیح اسم الٰہی یَا قَھَّارُ پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن چلتے پھرتے زیادہ سے زیادہ وضو بے وضو پڑھیں۔ اس کے ساتھ ہر جمعرات حسب توفیق ایک بکرا اچھا صحت مند یا ایک مرغی ذبح کر کے گوشت غرباء مساکین میں اس انداز سے تقسیم کریں کہ غرباء مساکین کی عزت اور قدر دانی باقی رہے' ان کے بارے میں آپ کے دل میں حقارت بالکل نہ آئے۔ صدقہ کا عمل 11، 19 یا 27 دن کریں۔ اگر مرغا نہ کرسکیں تو حسب توفیق بڑا گوشت غریبوں کو یا چیلوں کو ڈال دیں۔ عمل میں کوتاہی نہ کریں۔ گوشت چاہے اپنی چھت پر یا کہیں بھی ڈال دیں۔

نہ شادی ہوئی نہ کروانے کو دل کرتا ہے: ... ہوں میرا کیا بنے گا ... بہت زیادہ زندگی اچھی نہیں لگتی' تھک گئی ہوں' عمر 29 سال ہوگئی' وزن صرف 35 کلو ہے' اکثر لوگ کہتے ہیں کہ ... شادی کے بعد کیا کرو گی اور زندگی کیسے گزارو گی؟ سسرال والے الگ طعنے دیں گے' نہ شادی ہوئی اور نہ ہی کروانے کو دل کرتا ہے' آخر شادی کیوں ضروری ہے' والدین کے گھر ساری عمر کیوں نہیں گزاری جاسکتی' بہت حساس ہوں' اکثر ڈرتی ہوں' چھپ چھپ کر روتی ہوں' ہر وقت ڈپریشن' ٹینشن' کوئی وظیفہ بتادیں۔ شادی کے بعد کی زندگی کیسے گزاروں گی' کیا مجھ سے بھی کوئی شادی کرے گا' طنز طعنے الگ ملتے ہیں' آپ بتائیں کیا کروں' کہاں جاؤں؟ خدارا مجھے کچھ تو بتائیں۔ (ش۔گ)

جواب: آپ عبقری دواخانہ میں آکر اسسٹنٹ صاحب کو اپنا چیک اپ کروائیں اور ان کی تجویز کردہ ادویات استعمال کریں۔ اگر دواخانہ تشریف نہیں لاسکتیں تو جوابی لفافہ کے ساتھ خط ارسال کردیں آپ کو ادویات ارسال کردی جائیں گی۔ اس کے ساتھ آپ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں وضو بے وضو درود ابراہیمی پڑھیں اور پانی پر دم کرتی رہیں اور سارا دن وہی پانی پئیں۔

اڑھائی سال کے بیٹے کی ضد: میرا بیٹا بہت زیادہ ضد کرتا ہے' صرف اڑھائی سال کا ہے' مارتا بھی ہے' کاٹتا بھی ہے' کوئی ایسا وظیفہ بتائیں کہ وہ میرا فرمانبردار ہوجائے اور آگے چل کر تعلیم میں لائق فائق بن جائے۔ مجھے اس کی طرف سے بہت زیادہ پریشانی ہے۔ (ج۔ش)

جواب: آپ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ یَامُمِیْتُ یَا قَابِضُ یَامَانِعُ یَاصَبُوْرُ کی پڑھیں اور پڑھ کر بچے کے اوپر دم کردیں۔ اولاد کی نافرمانی سے پریشان والدین اسی وظیفے کو روزانہ اسی ترتیب سے پڑھیں۔ اگر اولاد پاس نہیں تو تصور میں بھی دم کرسکتے ہیں یا دم شدہ پانی بھی پلا سکتے ہیں۔

میاں کا موڈ ہر وقت خراب رہتا ہے: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے مسائل بہت پیچیدہ ہیں' میرے میاں کا موڈ ہر وقت خراب رہتا ہے' جس کی وجہ سے مجھے بہت الجھن ہوتی ہے' ہر وقت مجھ سے کھنچے کھنچے رہتے ہیں' کبھی سیدھے منہ بات نہیں کرتے' لاکھ بن سنور کر ان کے سامنے جاؤں مگر کوئی نوٹس ہی نہیں لیتے۔ گھر میں برکت بالکل نہیں' سود والے قرض سر پر ہیں' صحت اکثر خراب رہتی ہے' بچے بھی بیمار رہتے ہیں اور میں خود بھی بیمار رہتی ہوں۔ مجھے کوئی وظیفہ پڑھنے کیلئے بتائیں۔ (خ۔ا' اسلام آباد)

جواب: سورۃ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار اول و آخر تین بار درود شریف اور سورۃ کے ہر "ک" پر 9 بار یَا کَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح و شام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں' جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کرسکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں' نو مقاصد اکٹھے بھی تصور میں رکھ سکتے ہیں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہوتو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9،9 دن کا عمل کرتے رہیں۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدے کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت 440/- روپے
Digitized by Google

خدارا! میرے خاوند کو ٹھیک کر دیں

کاش! قد بڑھے اور چہرہ خوبصورت ہو

بالوں کا گرنا کوئی تو رکوادے

درد شائیٹکا اور میری پریشانی

خدارا! میرے خاوند کو ٹھیک کر دیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک ڈاکٹر ہوں، میں ذہنی طور پر بہت زیادہ پریشان ہوں میرا خاوند جسمانی طور پر بہت کمزور ہے، بہت علاج معالجہ کروایا، پہلے بھی ادویات کھا کر ازدواجی حقوق ادا کرتے تھے، بمشکل ایک بیٹا پیدا ہوا ہے اب دوسرے بچے کیلئے کہتی ہوں تو مانتے نہیں، ہم دونوں ایک چھت، ایک کمرے میں اجنبیوں کی طرح رہتے ہیں میں جانتی ہوں میری راتیں کیسے گزرتی ہیں، میاں بیوی کا رشتہ صرف نام کا ہی ہے۔ اپنی کمزوری کی وجہ سے مجھ پر سختی کرتے ہیں ہے۔ خدارا کوئی میڈیسن بتائیے میں نے بڑے حوصلے کے ساتھ یہ خط لکھا ہے، میری زندگی اجیرن ہو چکی ہے، ذہنی سکون ختم ہو چکا ہے۔ (ڈ۔ل)

مشورہ: آپ اپنے شوہر کو سمجھائیں اور انہیں عرض کریں کہ وہ پنساری سے درج ذیل اشیاء لے کر بتائے گئے طریقے سے دوائی تیار کرلیں۔ روزانہ رات کو دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ **ھوالشافی:** دار چینی، کباب چینی، حرمل سوختہ خراطین ہم وزن لیکر سفوف بنالیں اور کیپسول میں بھر لیں۔ صبح و شام ایک کیپسول ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ اس کے ساتھ بے شمار افراد کا آزمودہ غذائی ٹوٹکہ نوٹ فرمالیں۔ یہ تمام کمزور مرد و خواتین کیلئے انتہائی لاجواب اور تیر بہدف ہے۔ **ھوالشافی** سوتے وقت تین عدد اچھی قسم کے چھوہارے، پانچ عدد خشک خوبانی اور پانچ میٹھے باداموں کی گریاں پانی میں بھگو دیں صبح اٹھ کر یہ تمام چیزیں خالی پیٹ کھالیں اور ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کریں۔ ہر قسم کی کمزوری کیلئے انتہائی طاقتور ٹانک ہے۔

میں اکثر بیمار رہتا ہوں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اکثر بیمار رہتا ہوں، الرجی ٹائپ نزلہ کافی پرانا ہے، کبھی کبھی آدھا سر درد کرتا ہے، اب تو ایک نیا مسئلہ شروع ہو گیا ہے، سر کو چکر آتے ہیں، سر کے بائیں طرف کھوپڑی کے اندر دماغ میں درد ہوتا ہے، ہلکے ہلکے چکر مسلسل آرہے ہیں، کافی پریشان ہوں۔ کوئی ٹوٹکہ بتادیں۔ (ج، لاہور)

مشورہ: آپ کچھ عرصہ عبقری دواخانہ بنفشی قہوہ کے ساتھ یہ نسخہ استعمال کریں۔ **ھوالشافی:** مغز بادام شیریں، اسطخودوس، مرچ سفید ہموزن کوٹ پیس کر آدھا چمچ [illegible] صبح و شام [illegible] دودھ [illegible] استعمال کریں [illegible]

کاش! قد بڑھے اور چہرہ خوبصورت ہو: [illegible] میری عمر 20 سال ہے اور میری [illegible] سال ہے [illegible] مجھے کسی قسم کا کوئی [illegible] نہیں [illegible] بتائیں کہ [illegible] قد [illegible] بڑا ہوگا اور ہم دونوں [illegible] بھی بڑھ رہا ہے [illegible] کوئی ٹوٹکہ نسخہ یا دوائی بتادیں کہ [illegible] بھی قد بڑھ جائے بے شک چند سال لگ جائیں مگر قد بڑھ جائے اس کے علاوہ کوئی [illegible] کریم ٹوٹکہ یا نسخہ بتادیں کہ ہمارے چہرے [illegible] ختم اور جلد خوبصورت [illegible] ہو جائے [illegible] جلد از جلد بتادیں ہم بہت زیادہ پریشان [illegible] رشتہ دار [illegible] بہن بھائی مذاق اڑاتے ہیں۔ (پوشیدہ)

خط نمبر 2: میری بیٹی کی عمر 13 سال ہے اور قد صرف 4 فٹ ہے اللہ تعالیٰ نے ہر خوبی سے نوازا ہے صرف قد سے مار کھا گئی ہے چاند [illegible] والی مثال ہے مزید ایک یا دو سال بعد [illegible] ہو جائے [illegible] سات آٹھ سال کی بچی لگتی ہے کوئی [illegible] بتائیں [illegible] بچی کا قد بڑھ سکے۔ (م ص، کراچی)

مشورہ: جن کا بھی قد چھوٹا ہو وہ درج ذیل نسخہ جات پر عمل کریں ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں قد بڑھنا شروع ہو جائے گا۔ **ھوالشافی:** گیارہ جوڑیں گٹھلیاں نکال کر رات کو پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح دودھ میں گرائنڈ کر کے پئیں۔ کچھ ہی عرصے میں قد بڑھ جائے گا۔ بہت ہی کمال کا ٹانک بھی ہے۔ **نسخہ نمبر 2:** ستاور ایک جڑی بوٹی ہے جو پنساری سے عام مل جاتی ہے۔ اسے لیکر پیس لیں۔ ایک چائے کا چمچ ایک گلاس دودھ میں ڈال کر بچوں کو دیں۔ اس سے قد بھی بڑھتا ہے اور بچے مضبوط بھی ہوتے ہیں۔ پرانے زمانہ میں پہلوانوں کو یہ خوراک دی جاتی ہے۔ 3۔ ٹراؤٹ مچھلی شمالی علاقہ جات میں عام ملتی ہے اگر وہ نہ بھی ملے تو عام مچھلی کے کانٹے لے کر اس کو کنگھی بوٹی (پنساریوں کے ہاں مل جاتی ہے) ہم وزن لیکر اس میں رکھ کر ملالیں اور صبح شام 2 تا 4 رتی استعمال کریں۔ اللہ کے فضل سے ایک مہینہ میں ایک انچ قد بڑھ جائے گا۔

درد شائیٹکا اور میری پریشانی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے چار پانچ سال سے کمر کی تکلیف ہے جس کو ڈاکٹروں نے شائیٹکا کا نام دیا ہے۔ اور یہ کمر سے شروع ہو کر [illegible] ٹانگ سے ہوتی ہوئی پنجے تک جاتی ہے۔ بہت [illegible] استعمال کرلیں مگر فرق خاص نہیں پڑا۔ اب دائیں [illegible] میں بھی درد محسوس ہوتا ہے یہ تکلیف اتنی ہے کہ نماز بھی [illegible] کر پڑھنا پڑتی ہے اس کے علاوہ میری بائیں طرف [illegible] سے پنجے تک بھی درد ہوتا ہے اور اکثر یہ بائیں [illegible] کی طرف وزن محسوس ہوتا ہے آپ سے گزارش ہے کہ [illegible] تجویز فرمادیں۔ (فرحان جاوید، لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' اور [illegible] ماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب سے چند ہفتے استعمال [illegible] یں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

بالوں کا گرنا کوئی تو رکوادے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پندرہ سال کی عمر سے بال اچانک گرنا شروع ہو گئے بہت علاج، دم وغیرہ کروایا لیکن بالکل فرق نہیں پڑا، [illegible] نے کہا جادو ہے اور کسی نے کہا نظر بد۔ اب میں 35 [illegible] کی ہو چکی ہوں اور تقریباً گنجی۔ بالوں کی گروتھ اب بھی ہے اور نئے بال بھی کافی نکلتے ہیں لیکن گر جاتے ہیں، بال [illegible] ئلی نہیں تھے لیکن اب حد سے زیادہ آئلی ہیں۔ اگر میں [illegible] بال نہ دھوؤں تو مجھے بالوں میں خارش شروع ہو جاتی [illegible] اسکن بھی حد سے زیادہ آئلی ہے۔ (ایک پریشان بیٹی)

مشورہ: آپ بادام سات دانے، کشمش سندرخانی اکیس دانے [illegible] میں روزانہ کھائیں۔ عبقری دواخانہ کی دوائی اکسیر البدن اور روشن دماغ لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں اور عبقری دواخانہ کا طب نبوی ہیئر آئل چند مہینے مستقل مزاجی سے لگائیں۔ اس کے ساتھ عمدہ قسم کے بادام، خالص شہد، زیتون کا تیل یا مکھن، خالص عمدہ انگور غذا میں شامل رکھیں۔ اگر معدہ خراب ہے تو عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' ہر کھانے کے بعد ایک چمچ چائے والا ضرور استعمال کریں۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutube.com

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ
کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں
قیمت 150 روپے
دانے کیل مہاسے جھائیاں، داغ، گڑھے، چھپ دار الرجی زنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ
Digitized by Google

ساس بہو کے درمیان جنگ بندی کی وجہ عبقری بنا

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روزسنیں' آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو بے شمار بے بس' پریشان حال لوگوں کے خط آتے ہیں' مگر میرا خط پڑھ کر آپ بالکل بھی دکھی نہیں ہوں گے بلکہ آپ خوش ہوں گے۔ ایسا نہیں ہے کہ میری زندگی میں کوئی دکھ' پریشانی یا کمی نہیں ہے' بہت ساری ہیں لیکن پتہ نہیں عبقری ملا اور سب کچھ بدل گیا ہے' میں آپ کو مختصری اپنی کہانی سناتی ہوں اور بتاتی ہوں کہ میری زندگی کیسے بدلی؟ میری عمر 32 سال ہے' 2001ء میں میری شادی خالہ کے بیٹے کیساتھ ہوئی' شادی سے پہلے میں بالکل الگ تھی' نہ مجھے بننے سنورنے کا شوق' نہ کپڑوں' نہ جیولری' کوئی زندگی میں تمنا یا خواہش نہیں تھی بالکل مست ملنگ تھی' نہ کوئی بے ایمانی' نہ چالاکی' سیدھی سادھی گائے' اور میری سہیلیاں بھی بالکل سادہ میرے مجھے اپنی فیملی سے طعنے ملتے پر مجھے کوئی فرق نہ پڑتا میری ماں پڑھی لکھی ماڈرن عورت ہے جس نے اعلیٰ تربیت میں اپنی ساری زندگی بدل دی' ہم سب کو ڈگریاں دلوائیں' دینی تعلیم بھی بہترین دی۔ مختصراً یہ کہ میں نے اپنی ماں سے ہی سیکھا کہ اولاد کی بہترین تربیت کیسے کرتے ہیں' اب میں اپنی ماں کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کررہی ہوں۔ اب آتی ہوں ''میری زندگی کیسے بدلی؟'' میرا روحانیت کی طرف ہمیشہ سے ہی لگاؤ تھا' نماز' روزہ اعمال اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ سے باتیں اکیلے خود ہی سارا دن' ساری رات' جیسا کہ آپ اکثر درس میں بھی فرماتے ہیں۔ میرا میرے اللہ کریم اور نبی کریم ﷺ سے بہت ہی بہترین تعلق تھا' اللہ تعالیٰ پر بہت توکل تھا اور اس وقت نہ تو مجھے اس بات کا پتہ تھا اور اور احساس' جو کہتی ہوجاتا' رب سے جو مانگتی مل جاتا' زندگی میں بہت مشکلات آئیں' غم کیسے آئے' کیسے گئے' کچھ پتہ نہ چلا۔ ہمیشہ اللہ کریم نے عزت رکھی اور ہر مشکل میں مدد کی۔ شادی کے بعد آہستہ آہستہ میری زندگی بدلنا شروع ہوئی' بچیم آنے کے بعد میں ویسے ہی رہی مگر میرے رشتے جن پر مجھے بہت اعتبار تھا پتہ نہیں وہ بدل گئے یا ان کا اصل رنگ میرے سامنے آیا' میری خالہ (ساس) جان نے مجھے کبھی کھانے پینے یا کسی اور چیز کی تنگی نہ دی انہوں نے بہترین خود بھی پہنا' کھایا اور مجھے پہنایا کھلایا مگر چند مخصوص حرکتیں یعنی کہ میرے خاوند اور گھر والوں کے میرے خلاف کان بھرنا'

ایک دن خاوند کے ساتھ میری اتنی لڑائی ہوئی۔ میں پھٹ پڑی اور چیخ چیخ کر رب کریم کے حضور [illegible]

[illegible]

معاف نہیں کروں گی' بدلہ لوں گی' سکیمیں بنانے لگی وغیرہ وغیرہ۔ حالات مزید بد سے بدتر ہوگئے' میرا میرے اللہ سے توکل ختم ہوتا گیا' میں اللہ کو اپنا دوست بنانا چاہتی تھی مگر خود ہی اللہ کریم کو چھوڑ دیا' مگر اللہ کریم نے پھر بھی میرا ساتھ نہ چھوڑا جب بھی مشکل میں میں بے بس ہوجاتی اللہ کریم کوئی ایسی غیبی ہوا چلاتے کہ خود ہی میرے مخالفین کا پردہ فاش ہوجاتا' مگر میں ویسے کی ویسے ہی رہی' کبھی کبھی دل کرتا کہ ایک مرتبہ پھر کلمہ پڑھ کر اللہ کریم پر ایمان لے آؤں' مگر نہ کرسکی' خیر وہ توکل جو میری زندگی سے چلا گیا' اللہ سے تعلق جو میں نے خود ہی ختم کردیا' اللہ کریم نے مجھے سب کچھ واپس لوٹا دیا' ایک دن میرے مخلص خاوند کے ساتھ میری اتنی لڑائی ہوئی کہ میں پھٹ پڑی اور چیخ چیخ کر رب کریم کے حضور حاضر ہوئی اور کہا بس! میری ہمت ختم ہوئی' اب جو کرنا ہے کردے اس نے مجھے چھوڑنا ہے تو چھوڑ دے' نہیں تو اسے سب ٹھیک کردے' بس نجانے میری تڑپ کیسی تھی کہ وہ سزا کا آخری دن ہوا۔ اس کے بعد میری زندگی میں کچھ بدل گیا اور وہ کیسے بدلہ وہ بھی ضرور پڑھیے! پھر آپ کا درس سننے کا موقع ملا' عبقری مجھے کیسے ملا مجھے نہیں معلوم' دل دماغ میں ایک احساس کی طرح عبقری تھا یا ہے' میں نے کبھی آپ کا پہلے ذکر نہیں سنا' لیکن ایسا لگتا ہے جیسے میرا اور عبقری کا سالوں پرانا کوئی ناطہ ہے' کوئی خونی رشتہ ہے' بس اتنا یاد ہے کہ ایک مرتبہ بہن نے عبقری کا ذکر کیا تھا کہ اس کے ٹوٹکے اور وظائف بہت اچھے ہوتے ہیں۔ پھر میری دیورانی آپ کا درس سنتی تھی' اس نے ذکر کیا مگر میں نے خاص نوٹس نہ لیا' اللہ نے ہدایت بخشی' رمضان المبارک میں اعتکاف بیٹھی' دیورانی نے آپ کے درس موبائل میں ڈاؤن لوڈ کرکے دیئے' چند درس سنے' اللہ تعالیٰ نے زندگی بدل دی' 24 گھنٹوں میں اللہ کریم نے نفرت کی گانٹھ جو میرے دل کو لگی تھی کھول ڈالی' سب کیلئے دعا کی' سب کو معاف کیا' مگر پھر بھی دل میں کچھ کسک تھی' افطاری سے دس منٹ پہلے میرے پاس کھانے کی ایک ٹرے آئی' بہترین طریقے سے سجی ہوئی' سٹارٹر' مین کورس اور سویٹ ڈش' دیکھ کر کہا واہ خدایا تو بڑا مہمان نواز ہے' سویٹ ڈش کا بھی بندوبست کیا ہے' افطاری کے وقت دل میں سوچا کہ یہ کون ہے جس نے اللہ کی طرف سے میری مہمان نوازی کی ہے' مجھے ہرصورت اس انسان سے ملنا ہے' کچھ تو خاص ہے (مجھے یہ پتہ تھا کہ یہ میری ساس کے ہاتھ کا کھانا نہیں ہے اور میں نے ان کو منع کیا تھا کہ (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

ستر شفائیں
ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سوفیصد شفاء
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

لاکھوں کی خرد برد، جھوٹا الزام مگر ایک دعا نے سب سنوار دیا

حبیب اشرف صبوحی

میں اپنے ڈاکٹر سے ملا اور اس کو بتایا کہ تم نے کہا تھا کہ ساری زندگی کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھو گے لیکن اب میں بغیر کرسی کے نماز پڑھتا ہوں جب اس نے میرا تازہ ترین ایکسرے دیکھا تو حیران ہو گیا کہ میرے گھٹنوں کی جو ہڈیاں بڑھی ہوئی تھیں وہ بالکل ٹھیک ہوگئیں تھیں۔

علامہ اقبال بھی عجیب مرد قلندر تھے ان کا کلام بغور پڑھیں تو آپ کو اس کلام کے الہامی ہونے کا احساس قوی تر ہوتا چلا جائے گا۔ دعا کے بارے میں واضح فرمان ہے کہ یہ وہ واحد راستہ ہے جو رب اور اس کے بندے کے درمیان ہے۔ دعائیں یا تو فوراً قبول کرلی جاتی ہیں یا ان کا اجر روز آخرت کیلئے محفوظ کرلیا جاتا ہے یا کوئی آنے والی آفت اور بلا دعا کے صدقے ٹال دی جاتی ہے۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ: 'افلاک سے آتا ہے نالوں کا جواب آخر' اور یہ عجیب بات مشاہدے میں آئی ہے کہ ادھر بندہ نے اپنی جبیں خاک پر رکھ کر پیدا کرنے والے سے خاص التجا کی ادھر اس کی مراد پوری ہوگئی یا ہونا شروع ہوگئی۔ میں یہاں کچھ ایسے واقعات کا ذکر کروں گا کہ غریب امیر کسی نے بھی اپنی ضرورت اور حاجت رب کائنات کے حضور رکھی اور وہ سنی گئی۔ اس سلسلے میں کچھ واقعات سنانا چاہتا ہوں۔ میرے بچپن اور جوانی کے دوست جو کچھ ناگزیر وجوہات کی وجہ سے مجھ سے بچھڑ گئے تھے ایک طویل مدت کے بعد ملے مختلف موضوعات پر باتیں ہوتی رہیں، ایک روز میں نے باتوں باتوں میں پوچھا کہ تم ماشاء اللہ ہمارے ہم عمر تقریباً جتنے ساتھی ہیں گھٹنوں میں کمزوری کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھتے ہیں لیکن تم ماشاء اللہ کرسی کا استعمال نہیں کرتے کس خوراک کا استعمال کرتے ہو کہ تمہارے گھٹنے قائم ہیں؟ اس بات پر انہوں نے مجھے ایک ایمان افروز واقعہ سنایا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک روز میں اپنی بیٹی کو کالج چھوڑ کر موٹر سائیکل پر گھر آرہا تھا کہ ایک گاڑی والے نے میری موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس سے میں گر گیا، سر میں اور ٹانگوں پر سخت چوٹیں آئیں کئی روز ہسپتال میں داخل رہا، علاج ہوتا رہا جب صحت یاب ہونے کے بعد چھٹی ملی تو ڈاکٹروں نے بتایا کہ تمہارے دونوں گھٹنے اس قابل نہیں رہے کہ تم سجدہ کرسکو تم کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھا کرو اور گھٹنوں پر زیادہ زور مت دو ورنہ تکلیف بڑھ جائے گی۔ اس کے ساتھ کچھ ادویات لکھ کر دے دیں اور ہدایت کی کہ یہ ادویات ساری زندگی کھانی ہیں۔ کچھ عرصہ تو میں کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھتا رہا لیکن میرا دل نماز میں نہیں لگتا تھا، میرا دل چاہتا تھا کہ میری جبیں زمین پر لگے اور میں حق بندگی ادا کرسکوں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں بھی کرتا رہا کہ یا اللہ جو تھوڑی سی زندگی رہ گئی ہے وہ زندگی تیری بندگی میں گزر جائے۔ ایک روز میں نماز پڑھنے جب مسجد گیا ابھی وضو سے فارغ ہی ہوا تھا کہ مسجد کے امام صاحب جو میرے قریب ہی کھڑے ہوئے تھے اور بہت اللہ والے انسان تھے انہوں نے مجھے کہا کہ تم صحت مند اور گھٹنے سلامت تم کرسی پر نماز نہیں پڑھو گے۔ شاید یہ کوئی الہامی جملہ تھا جس کو ماننے کے لیے میں نے ہامی بھرلی اور ساتھ یہ بھی خیال آیا کہ سجدہ کی تکلیف کو میں کیسے برداشت کروں گا؟ بہرحال اللہ کا نام لے کر میں نے اقامت پڑھی اور نماز مکمل کی، رکوع اور سجدہ میں تکلیف ہوئی اور میں نے [illegible] اللہ سے گڑگڑا کر دعا کی یا اللہ تیرے خزانے میں کسی چیز کی کمی نہیں اگر تو مجھے اس تکلیف سے نجات دے دے تو میں تیرا شکر گزار رہوں گا اور تہیہ کرلیا کہ آئندہ سے نماز بغیر کرسی کے پڑھوں گا چاہے کتنی تکلیف کیوں نہ ہو۔ کچھ دنوں تک تو مجھے تکلیف ہوتی رہی لیکن آہستہ آہستہ میری تکلیف میں کمی آنے لگی اور پھر ایک دن تکلیف بالکل ختم ہوگئی۔ میں اپنے ڈاکٹر سے ملا اور اس کو بتایا کہ تم نے کہا تھا کہ ساری زندگی کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھو گے لیکن اب میں بغیر کرسی کے نماز پڑھتا ہوں جب اس نے میرا تازہ ترین ایکسرے دیکھا تو حیران ہوگیا کہ میرے گھٹنوں کی جو ہڈیاں بڑھی ہوئی تھیں وہ بالکل ٹھیک ہوگئیں تھیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم تھا جس کیلئے میں اس کا شکر گزار ہوں۔ اسی قسم کا ایک واقعہ میرے ساتھ بھی پیش آیا، میں ایک ادارے میں پرچیز آفیسر کی حیثیت سے کافی سالوں سے کام کر رہا تھا' ایک دفعہ مجھ پر الزام لگ گیا کہ میں نے ایک خریداری میں لاکھوں روپے خرد برد کیے ہیں' میں نے اپنی صفائی کیلئے دلیلیں (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

URDU TUBE
www.urdutubes.com

کچھ نہ ہونے سے سب کچھ تک

مولانا وحیدالدین خان

جو شخص کم فائدہ پر قناعت کرے گا وہ بڑے فائدہ کا مالک بنے گا۔ یہ ایک ایسا بے خطا اصول ہے جو اپنے اندر ابدی اہمیت رکھتا ہے آپ جس معاملہ میں بھی اس کو آزمائیں گے یقینی طور پر آپ کامیاب رہیں گے۔ ایک شخص نے بازار میں چھوٹی سی دکان کھولی وہ کپڑا دھونے کا صابن اور کچھ اور چیزیں بیچتا تھا۔ اس کی دکان پر بہت جلد بھیڑ لگنے لگی۔ دن کے کسی وقت بھی اس کی دکان گاہکوں سے خالی نہ رہتی۔ اس کا راز یہ تھا کہ وہ دو روپے کا صابن پونے دو روپے میں بیچتا تھا۔ آدمی اگر چار صابن خریدے تو عام نرخ کے لحاظ سے اس کا ایک روپیہ بچ جاتا تھا۔ (جو اس وقت اچھی رقم سمجھی جاتی تھی) ایک آدمی نے تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ پونے دو روپیہ اس صابن کی تھوک قیمت ہے۔ دکاندار کو وہ صابن کارخانہ سے پونے دو روپے میں ملتا تھا اور اسی دام پر وہ اس کو گاہکوں کے ہاتھ فروخت کردیتا تھا۔ اس آدمی نے دکاندار سے پوچھا کہ تم دام کے دام صابن بیچتے ہو پھر تم کو اس میں کیا فائدہ ملتا ہے۔ دکاندار نے کہا کہ میری دکان پر اتنا صابن بکتا ہے کہ اس کی 25 پیٹیاں دن بھر میں خالی ہو جاتی ہیں۔ میں ان خالی پیٹیوں کو ایک روپیہ فی پیٹی کے حساب سے 25 روپے میں بیچ دیتا ہوں۔ اس طرح ہر روز میرے 25 روپے بچ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب آدمی میرے ہاں سے صابن لیتا ہے تو اکثر وہ کچھ نہ کچھ دوسری چیزیں بھی خرید لیتا ہے یہ فائدہ اس کے علاوہ ہے۔ یہ دکاندار دھیرے دھیرے ترقی کرتا رہا۔ اس کا نفع پہلے 25 روپے روز تھا' پھر پچاس روپے روز ہوا پھر وہ سو روپے اور دو سو روپے تک جا پہنچا۔ آدمی نے اتنا پیسہ بچایا کہ اپنے بغل کی دکان بھی حاصل کرلی اور دونوں کو ملا کر ایک کافی بڑی دکان بنالی۔ اب اس کا کاروبار بڑھا یہاں تک کہ دس سال میں وہ ایک بڑا دکان دار بن گیا۔ یہ واقعہ بتاتا ہے کہ موجودہ دنیا میں کامیابی حاصل کرنے کے امکانات کس قدر زیادہ ہیں۔ حتیٰ کہ یہاں یہ بھی ممکن ہے کہ آدمی ''بے نفع'' کی تجارت شروع کرے اور کل وہ زبردست نفع والا تاجر بن جائے۔ آج وہ اپنے آپ کو ''بے کچھ'' پر راضی کرلے اور کل وہی وہ شخص ہو جو ''سب کچھ'' کا مالک بنا ہوا ہو۔ مگر دنیا کے ان بے حساب امکانات کو اپنے حق میں واقعہ بنانے کی لازمی شرط صبر اور عقل مندی ہے جس کے پاس صرف بے صبری اور نادانی کا سرمایہ ہو اس کیلئے دنیا کے بازار میں کچھ نہیں۔

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند دنوں میں خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔
قیمت -/120 روپے

گھر میں شوہر کی دلچسپی کب اور کیوں کم ہوتی ہے؟

یوسف انجم

وہ کون سے عوامل ہیں جو شوہر حضرات کو گھر سے باہر رہنے پر مجبور کرتے ہیں۔ کچھ خواتین کی عادت ہوتی ہے بیماری کو اپنے اوپر طاری رکھنے کی۔ کہیں خواتین گھریلو پریشانی سے تنگ آکر سارا غصہ بچوں کو مار کر نکالتی ہیں۔ اس شور شرابے، ہنگامے سے بچنے کے لیے بیچارے شوہر کو باہر پناہ ڈھونڈنی پڑتی ہے۔

کیا گھر سے دور رہنا بہتر ہے؟: اکثر دیکھا گیا ہے کہ [illegible] حضرات دفتری وقت کے علاوہ اپنا وقت الجھانہ کے [illegible] گزارنے کی بجائے دوستوں یا ادھر ادھر بیٹھ کر گزارتے ہیں۔ خواتین کی طرح مرد حضرات بھی مختلف فطرت [illegible] مالک ہوتے ہیں۔ یہ خواتین پر منحصر ہوتا ہے کہ انہوں [illegible] گھر کا ماحول کسی قسم کا رکھا ہے۔ بعض گھرانوں کا ماحول [illegible] ہوتا ہے کہ وہاں کے مردوں کو گھر پہنچنے کی جلدی ہوتی ہے اور بعض جگہ شوہر دفتری وقت کے علاوہ دوستوں کے ساتھ یا اور کوئی مصروفیات نکال کر صرف سونے کے لئے گھر جاتے ہیں یعنی کہ وہ گھر کے ماحول سے گھبراتے ہیں کوشش کرتے کہ جتنا گھر سے دور رہیں اچھا ہے۔ **چڑچڑی بیوی کا کمال:** کہیں مل جل کر رہنے کا رواج ہوتا ہے۔ کئی بھائی بھابھیاں والدین کے ساتھ مل کر رہتے ہیں۔ ایک نئی بہو سارے خاندان میں ہلچل مچا دیتی ہے جس طرح ٹھہرے ہوئے پانی میں کنکر مارنے سے ارتعاش پیدا ہوتا ہے اسی طرح چڑچڑی بہو سب کو ناکوں چنے چبوا دیتی ہے۔ نتیجتاً گھر کا سکون تباہ و برباد ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے گھر کے مرد باہر سکون ڈھونڈتے ہیں۔ انہیں معلوم ہوتا ہے کہ گھر کا ماحول کس قسم کا ہوگا۔ اگر دفتر سے جلدی گھر جانا پڑے تو وہ دوست احباب کے ساتھ بیٹھ کر وقت گزارنا زیادہ پسند کرتے ہیں جس گھر میں لڑائی جھگڑے ہوتے ہیں وہاں بیماریاں زیادہ پنپتی ہیں۔ سب لوگ ٹینشن زدہ ہوتے ہیں۔ کچھ مرد حضرات بیویوں کی آئے دن کے فرمائشی پروگرام سے پریشان رہتے ہیں۔ کچھ خواتین کو شاپنگ کا جنون ہوتا ہے بعض دفعہ وہ اس سلسلے میں حد سے تجاوز کر جاتی ہیں جس سے گھر کے ماحول میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہے۔ شوہر کی روک ٹوک ایسی شاپنگ زدہ خواتین کو ناساز گزرتی ہے۔ گھر کا ماحول خراب ہوتا ہے جس سے شوہر گھبرا کر باہر وقت زیادہ گزارنا پسند کرتا ہے یا ایسا بھی ہوتا ہے کہ بیوی کے نت نئے فرمائشی پروگرام کے لئے شوہر کو اوور ٹائم بھی کرنا پڑتا ہے۔ وہ زیادہ سے زیادہ محنت کرتا ہے کہ گھر کا خرچ پورا ہو سکے۔ اس کی وجہ [illegible]



[illegible] گی۔ اب پورے ہفتہ میں سخت کام اور ذہنی ٹینشن کے بعد جو چھٹی آتی ہے وہ شوہر کو اور تنہا کر دیتی ہے۔ وہ بھی وقت گزارنے کے لئے باہر نکل جاتا ہے۔ کہیں ہر سال بچوں کے اضافے سے گھر گویا مچھلی مارکیٹ کا منظر پیش کرتا ہے۔ اسی شور شرابے سے بچنے کے لئے شوہر باہر نکل جاتے ہیں۔ کہیں بیوی کے میکے والوں کا آنا جانا زیادہ ہوتا ہے۔ شوہر بیچارہ کرکٹ کا بارہواں کھلاڑی لگتا ہے مجبوراً وہ باہر نکل جاتا ہے۔

گھومنے پھرنے کی آزادی: اکثر شوہروں کی شادی سے پہلے گھومنے پھرنے کی آزادی یا عادت شادی کے بعد بھی نہیں بدل سکتی۔ وہ گھر بیوی بچوں کے ہوتے ہوئے خود کو تنہا محسوس کرتے ہیں اور وقت ملتے ہی دوست احباب میں ملنے چلے جاتے ہیں۔ انہیں گھر کے ماحول سے زیادہ باہر کے ماحول میں سکون ملتا ہے جو بھی وقت ملتا ہے وہ یار دوستوں میں بیٹھ کر گزارنا اپنی شان سمجھتے ہیں۔ کچھ شوہروں کو ویک اینڈ پر شکار کھیلنے کا بہت مزہ آتا ہے۔ دوست مل کر ایک جگہ جمع ہو کر کوئی کھیل کھیلتے ہیں یعنی انہیں فیملی سے الگ انجوائے کرنے میں مزہ آتا ہے۔ ان کی فیملی پورا ہفتہ انتظار میں رہتی ہے کہ چھٹی آئے گی ہم بھی کہیں جائیں گے مگر ایسے لوگ اپنی فیملی سے الگ زیادہ خوش رہتے ہیں۔ **بیوی کا پھوہڑ پن:** کہیں بیوی کی پھوہڑ پن کی وجہ سے گھر ہر وقت بکھرا رہتا ہے بچے بھی گندے پھر رہے ہوتے ہیں، کوئی چیز جگہ پر نہیں ملتی۔ شوہر کو دفتر جاتے ہوئے ایک ایک چیز خود ڈھونڈنی پڑتی ہے۔ کبھی تنگ آکر بیوی کو اپنی اس پریشانی کا بتاتا بھی ہے مگر کوئی اثر نہیں پڑتا مجبوراً وہ خاموش رہتا ہے۔ اگر بیوی زبان دراز ہوتی ہے تو بات بات پر چیخنے لگتی ہے۔ کہیں شوہر بھی مقابلہ کرتے ہیں۔ گھر گویا جنگ کا میدان بن جاتا ہے۔ **شوہروں کی عادات بد:** بعض شوہروں کو عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنی چیز جگہ پر نہیں رکھتے۔ دفتر سے آنے پر اور جانے کے بعد تمام استعمال کی اشیاء جگہ جگہ بکھری رہتی ہیں جو بیوی سمیٹتے سمیٹتے تنگ آجاتی ہے مجبوراً وہ لڑنا شروع کر دیتی ہے۔ **دیر تک سونے کی عادت:** بعض بیویوں کو زیادہ ہی سونے کی عادت ہوتی ہے۔ وہ صبح دیر سے سو کر اٹھتی ہیں دوپہر کو لازمی سوئیں گی چاہے کچھ ہو جائے۔ چھٹی کے دن بھی سونا ضروری ہوگا۔ شوہر کو عادت نہیں ہوتی، وہ کیا کرے اس لئے گھر سے باہر دوستوں میں چلا جاتا ہے۔

ہر قسم کا نشہ اور بری عادات چھڑوانے کا تعویذ

محترم قارئین! اگر کوئی شخص شراب' ہیروئن' چرس' جوا' سود' نسوار' سگریٹ نوشی یا جھوٹ' غیبت' چغلی' غیر عورتوں میں دلچسپی' زنا جیسے گناہوں میں بری طرح مبتلا ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے باوضو سفید کپڑے پر سورۂ مومنون مکمل لکھ کر موم جامہ کر کے تعویذ بنا کر اس شخص کے گلے میں ڈالیں' وہ شخص بہت جلد توبہ کر لے گا۔ یہ بے شمار کا آزمودہ ہے۔ (ج، حلہ گنگ)

آنکھ شفاء موسمی و بائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے

جدید شیمپو، جیل، سپرے بالوں کیلئے انتہائی نقصان دہ

خوبصورت بال خوبصورتی کی علامت سمجھے جاتے ہیں اور بالوں کا گرنا ایسا پریشان کن مسئلہ ہے کہ اس کے لئے خواتین ہزاروں شیمپو، لوشن، سپرے اور ہیئر آئل آزماتی ہیں کیونکہ بالوں کی کنگ یا سیٹنگ جیسی بھی ہو وہ خوشنما تبھی لگتے ہیں جب گھنے اور صحت مند دکھائی دے رہے ہوں۔ بعض اوقات گرتے بالوں کو روکنے کی تمام کوششیں ناکام ہو جاتی ہیں اور نتیجہ گنجے پن کی صورت میں سامنے آتا ہے جس کو چھپانے کیلئے طرح طرح کی وگیں استعمال کی جاتی ہیں یا پھر سرجری کے ذریعے قدرتی بال لگانے کا طریقہ آزمایا جاتا ہے۔ موجودہ دور میں سرجیکل اور نان سرجیکل دونوں طرح کے علاج کیلئے کئی کلینکس اور سنٹر کھل چکے ہیں۔ ان میں جہاں دنیا کے اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد موجود ہیں وہاں بعض لوگوں کے پاس مطلوبہ کوالیفکیشن نہیں ہے جس کی وجہ سے گنجے پن کا مسئلہ دور یا کم ہونے کے بجائے مزید گھمبیر شکل اختیار کر لیتا ہے۔ بعض خواتین کے بال تیزی سے گرنے لگتے ہیں اسکی بہت سے وجوہات ہیں ہارمونز کی کمی بیشی، طویل نزلہ زکام، تھائی رائیڈ کا مسئلہ، سکون کی دواؤں، مختلف امراض مثلاً شوگر، بلڈ پریشر اور ٹی بی وغیرہ کی دواؤں کا دیر تک استعمال کرتے رہنے اور گائنی مسائل سے اکثر عورتوں کے بال گرنا شروع ہو جاتے ہیں۔

اسکے علاوہ ہمارے ہاں عجیب ٹرینڈ ہے کہ ہر عمر کی خواتین اخبارات اور ٹی وی میں نت نئے شیمپوز، ہیئر آئل، جیل، لوشن اور سپرے ہیں یہ درست ہے کہ کبھی کبھار کسی خاص موقع پر سال چھ ماہ کے بعد ان چیزوں کا استعمال کر لیا جائے لیکن معمول بنانے سے بالوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچتا ہے۔ حمل اور زچگی کے دوران بھی خواتین کے بال گرتے ہیں جبکہ امتحان، سسرال اور مختلف پریشانیوں، ٹینشن، موسم کی تبدیلی بالخصوص گرمی حبس برسات میں بھی یہ شکایت عام [illegible]

کیمیاوی مادے کئی جلدوں کو راس نہیں آتے ان کے لگانے سے سر میں خارش خشکی یا سوزش ہو جاتی اگر ہیئر بلیچنگ ایسی کوئی چیز استعمال کی جائے تو سر دھونے سے پہلے بالوں میں روغن بادام یا زیتون کا تیل لگائیں اور دھونے کے بعد بھی روغن بادام لگانا چاہیے۔ اگر سر میں الرجی کی وجہ سے خارش یا سوزش ہوگئی ہو تو ایک چمچہ روغن بادام میں چار قطرے کاربالک ایسڈ ملا کر سر کو مساج کریں اگر کاربالک ایسڈ ملانا پسند نہ کریں تو صرف روغن بادام ہی کافی ہے۔

[illegible]

کریں۔ زیادہ تر 25 سے 35 سال کی خواتین جب وہ شادی بیاہ حمل اور زچگی کے مراحل سے گزر رہی ہوتی ہیں یا انکے دل میں نئے طریقوں سے بالوں کی آرائش کا خیال آتا ہے۔ اسکے علاوہ مینوپاز شروع ہو تو بھی یہ مسئلہ پیش آتا ہے جب انکی عمر 40 سے 50 سال کے درمیان ہوتی ہے۔ (رفیہ نا ہید)

بالوں کی دیکھ بھال: بالوں کے چھوٹے ہونے کی صورت میں ایک شیمپو استعمال کریں۔ البتہ دھونے سے پہلے کسی اچھے اور خالص روغن سے بالوں کو مساج کریں دوسری صبح ایک انڈے کی زردی نیم گرم پانی کے آدھے کپ میں پھینٹیں۔ پھر وہ محلول بالوں کی جڑوں میں لگائیں۔ اچھی طرح مساج کریں اور باقی ماندہ محلول سے تمام بال بھگولیں۔ اپنے سر پر پلاسٹک شیٹ باندھ لیں تاکہ انڈہ اچھی طرح بالوں کی جڑوں میں اپنا کام کرے۔ ایک گھنٹے کے بعد نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اب اسے ایگ (انڈہ) شیمپو سے دھوئیں۔ اگر سر میں خشکی پڑ جائے تو جانے کا نام نہیں لیتی۔ اس کے لیے درج ذیل نسخہ آزمائیں یہ نسخہ متواتر چار روز استعمال کرنا ہوگا۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے اور تیسرے روز سفید روئی کے ساتھ سفید آیوڈین بالوں میں لگائیں۔ دوسرے اور چوتھے روز بالوں میں کسٹر آئل سے مساج کریں مگر پہلی بار بالوں میں کیسٹر آئل بہت ہلکا ہلکا لگائیں۔ دوسری مرتبہ یعنی چوتھے روز کیسٹر آئل کی مقدار بڑھا دیں۔ بہتر یہ ہے کہ یہ تیل رات کو سونے سے پہلے لگائیں۔ اگلی صبح اٹھ کر سر دھونے سے ایک گھنٹہ پہلے بالوں میں انڈے کی زردی لگائیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد نیم گرم پانی سے دھویا جائے اور سر میں ٹھنڈا پانی ڈالا جائے۔ اب ہتھیلی پر تھوڑی سی کیسٹرین لے کر بالوں کی جڑوں کو لگائیں۔

اگر بالوں کی حفاظت نہ کی جائے تو ان کی نوکیں پھٹ جاتی ہیں جس سے بال بڑھنے بند ہو جاتے ہیں اس کے لئے بالوں میں اچھی طرح کنگھی کرنا چاہیے۔ اور پھر بالوں کی جڑوں میں زیتون کا تیل لگا کر اچھی طرح مساج کریں۔ تولیہ کو سر باندھ کر سوئیں۔ صبح اٹھ کر بال شیمپو کرنے سے ایک گھنٹہ پہلے ان میں مہندی، شکر، کافی اور انڈے کو دودھ میں گھول کر بالوں میں لگائیں۔ اور پھر انہیں الگ شیمپو سے دھوئیں۔ ہیئر بلیچنگ اور ہیئر ٹوننگ سے سر کے بالوں کو مختلف رنگوں کے کیمیائی شیمپو یا ہیئر لوشن یا ہیئر کریم لگانے سے کئی خواتین حضرات کے سر میں خارش ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سر کی جلد کی الرجی ہوتی ہے کیمیاوی مادے کئی جلدوں کو راس نہیں آتے ان کے لگانے سے سر میں خارش خشکی یا سوزش ہو جاتی ہے اگر ہیئر بلیچنگ ایسی کوئی چیز استعمال کی جائے تو سر دھونے سے پہلے بالوں میں روغن بادام یا زیتون کا تیل لگائیں اور دھونے کے بعد بھی روغن بادام لگانا چاہیے۔ اگر سر میں الرجی کی وجہ سے خارش یا سوزش ہوگئی ہو تو ایک چمچہ روغن بادام میں چار قطرے کاربالک ایسڈ ملا کر سر پر مساج کریں۔

URDU TUBE
www.urdutube.com

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
نو لیوے کے شکار مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
Digitized by Google

میری عمر رسیدہ سہیلیوں کے چمکتے دمکتے ٹوٹکے

(رضیہ خاتون، فیصل آباد)

دہی اگر کھٹی ہو تو اس میں دو پیالی پانی ڈال کر 10 منٹ کیلئے فریج میں رکھ دیں۔ دہی نیچے بیٹھ جائے گی اور پانی اوپر آجائے گا۔ اوپر والا پانی اچھی طرح نتھارنے پر دہی بالکل خشک ہوجائے گا۔ اب دہی میں تھوڑا سا دودھ ملا کر مزید دس منٹ کے لئے فریج میں رکھ دیں۔ اب دہی کو فریج میں سے نکال کر چکھیں کھٹا دہی میٹھا ہوجائے گا۔

محترم قارئین! میری عمر اس وقت الحمدللہ 58 سال ہے بالکل فٹ اور روزانہ نماز فجر کے بعد واک کیلئے جاتی ہوں۔ پارک میں میری ہم عمر بہت ساری سہیلیاں ہیں' عبقری ہم سب بہت شوق سے پڑھتی ہیں اور اکثر واک کے بعد کسی نہ کسی ٹوٹکے' نسخے یا وظیفے پر عبقری میگزین پکڑ کر بحث ہوتی ہے۔ گزشتہ ہفتے ہم نے ایک اعلان کیا کہ آنے والے جمعۃ المبارک کو تمام خواتین اپنے آزمودہ ٹوٹکے نسخہ جات ایک کاغذ پر لکھ کر لائیں۔ اللہ اللہ کرکے جمعۃ المبارک کا سورج بھی طلوع ہوا' ہم نے جلدی جلدی گراؤنڈ کا چکر لگایا اور بیٹھ گئیں' میری تمام سہیلیوں نے اپنے آزمودہ ٹوٹکوں پر مشتمل چھوٹی چھوٹی پرچیاں میرے ہاتھ پر تھمائیں' جسے ایک ایک کرکے پڑھ کر سنایا گیا اور بالآخر فیصلہ ہوا کہ یہ تمام ٹوٹکے ایک صفحے پر لکھ کر ماہنامہ عبقری کو بھیجی جائیں گی اب آج میں اپنا یہ وعدہ پورا کررہی ہوں۔ لیجئے قارئین میری سہیلیوں کے آزمودہ ٹوٹکے آزمائیں۔ **مچھلی کو باحفاظت تلیں:** مچھلی کو تلنے سے پہلے اس پر تھوڑا سا کارن فلور لگا دیا جائے تو تلتے تلتے وقت ٹوٹیں گے نہیں۔ **ہاتھوں سے مصالحوں کی مہک دور کرنا:** ہاتھوں سے لہسن، دھنیے، پیاز اور مرچوں کی مہک دور کرنا ہو تو فوراً ٹوتھ پیسٹ ہاتھوں پر لیں بدبو دور ہوجائے گی۔ **کھٹی دہی کو میٹھا کرنا:** دہی اگر کھٹی ہو تو اس میں دو پیالی پانی ڈال کر دس منٹ کے لئے فریج میں رکھ دیں۔ دہی نیچے بیٹھ جائے گی اور پانی اوپر آجائے گا۔ اوپر والا پانی اچھی طرح نتھارنے پر دہی بالکل خشک ہو جائے گی۔ اب دہی میں تھوڑا سا دودھ ملا کر مزید دس منٹ کے لئے فریج میں رکھ دیں۔ اب دہی کو فریج میں سے نکال کر چکھیں کھٹا دہی میٹھا ہوجائے گا۔ **اوون کی ناگوار مہک دور کریں:** مائیکرو ویو اوون میں سے اگر ناگوار مہک آنے لگے تو ایک پیالے پانی میں تھوڑا سا لیموں نچوڑ کر اوون میں رکھ کر پانی ابال لیں، بو ختم ہوجائے گی۔ **کن کھجورا چھڑانا:** اگر خدانخواستہ کن کھجورا کسی شخص کے جسم کے ساتھ چمٹ جائے یا کان میں گھس جائے تو تھوڑی سی سفید شکر اس کے اوپر ڈال دیں۔ وہ فوراً اپنے ناخن کھال میں سے نکال لے گا اور اگر کن کھجورے پر پیاز کا عرق ڈالیں تو وہ نہ صرف جلد کو چھوڑ [illegible]



[illegible] **بھگائیں:** لونگ کا سفوف ایک چھوٹا چائے کا چمچ لے کر اس میں ایک لیموں کا رس نچوڑ لیں اور اسے اچھی طرح مکس کرکے درد والے دانتوں پر ملیں تو فوری فائدہ ہوتا ہے۔ **گرم تیل میں پانی پڑ جائے تو:** اگر گرم تیل میں پانی کے چھینٹے چلے جائیں تو اس میں فوراً ایک چٹکی نمک یا میدہ ڈال دینے سے تیل کے چھینٹے اُچھلنا فوراً بند ہوجاتے ہیں۔ **چہرے کی جھائیاں دور کریں:** کلونجی، مولی کے بیج اور الائچی، تینوں ایک ایک چھٹانک لے کر انگور کے سرکے میں پیس کر چہرے پر لیپ کریں۔ ایک ماہ کے استعمال سے جھائیاں ختم ہو جائیں گی۔ **کیلے کا کمال:** اگر کسی کو قبض کی شکایت رہتی ہو تو وہ چھ سے آٹھ عدد کیلے ایک ساتھ کھالیں، قبض ختم ہوجائے گی۔ **پرانی چھری تیز کرنا:** زنگ آلودہ اور کند چھری کو تیز کرنے کے لئے ایک چمچ ریت لے کر صاف فرش پر ڈالیں اور اس ریت پر آدھا لیموں نچوڑ دیں۔ تیس سیکنڈ کے بعد چھری کو دونوں طرف سے اچھی طرح اس ریت پر رگڑ لیں۔ نہ صرف چھری تیز ہوگی بلکہ ایسے چمک اٹھے گی جیسے ابھی بازار سے نئی خرید کر لائے ہیں۔ **مکئی کی روٹی ٹوٹے گی نہیں:** مکئی کے آٹے میں ابلے ہوئے آلو مسل کر ملا کر گوندھ لیں۔ مکئی کی روٹی نہ بیلنے میں، نہ ہی پکنے میں ٹوٹے گی اور ذائقہ بھی دوبالا ہو جائے گا۔ **بیٹھی آواز اور گلا صاف کریں:** ایک لال دانے والا انار لے کر اس میں سے تمام دانے نکال لیں۔ پھر ایک دیگچی میں ایک کپ پانی ڈال کر انار کے چھلکے کا چوتھائی حصہ اس میں ڈال کر خوب ابالیں اور پھر چھان کر اس میں سے آدھا کپ لے کر چائے کی طرح پی لیں۔ ایک مرتبہ کے استعمال سے گلا بھی صاف ہوجائے گا اور بیٹھی ہوئی آواز بھی صحیح ہوجائے گی۔ **ٹماٹر کا چھلکا:** بعض لوگ کھانے میں ٹماٹر کا چھلکا پسند نہیں کرتے۔ چھلکے کو اتارنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ چھری کی نوک پر ٹماٹر کو لگائیں اور چولہے کی آنچ دھیمی کرکے اسے سینک لیں۔ چند سیکنڈ میں چھلکا پھٹنا شروع ہوجائے گا، اسے انگلیوں سے پکڑ کر بآسانی اتارلیں۔ **بچوں کے لیے:** سردیوں میں بچوں کو سردی سے بچانے کے لیے حسب ضرورت سرسوں کا تیل لے کر اس میں اجوائن آدھا چائے کا چمچ، چار جوئے لہسن اور چھ لونگیں ڈال کر خوب پکالیں، اتنا کہ دانے کالے پڑ جائیں۔ اب اس تیل کو بوتل میں محفوظ کرلیں اور سینے پر ٹھنڈ لگ جانے کی شکایت ہو تو اس تیل سے سینے اور پیٹھ پر مالش کریں، بہت جلد آرام آجائے گا۔ **زکام کے لیے:** اگر کسی کو زکام ہوجائے اور گھر کے دوسرے لوگ زکام کے وائرس سے بچنا چاہیں تو پیاز کو چار حصوں میں کاٹ کر پلیٹ میں رکھ کر کمرے میں رکھ دیں۔ اس کمرے میں بیٹھنے والوں کو زکام نہیں ہوگا۔ **بچوں کا بستر پر پیشاب کردینا:** سوتے میں بستر پر پیشاب کرنے والے بچوں کو ناریل کوٹ کر اس میں مصری ملا کر کھلائیں ان شاءاللہ افاقہ ہوگا۔ **ناخن پر نیل کا نشان:** چوٹ لگنے سے اگر ناخن یا انگلی پر نیل پڑ جائے تو قابل برداشت گرم پانی میں پانچ منٹ رکھنے سے نیل ٹھیک ہوجائے گا۔

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

مصائب سے نجات اور حصول مقاصد کے لیے خاص ورد

اکثر گھروں میں چوہوں کی فوج دندناتی پھرتی ہے انہیں بھگانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ سورۂ ماعون صبح وشام اول وآخر درود شریف کے ساتھ 7 مرتبہ پڑھیں اور چوہوں کے بل میں گندھک کی دھونی دیں یا مٹی کا تیل ڈال دیں' پٹرول بھی ڈال سکتے ہیں۔

یہ پڑھ! جو دعا مانگو گے قبول ہوگی: حدیث شریف میں ہے کہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھنے کے بعد جو دعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (طبرانی منتخب احادیث ص ۴۴۶)

مصیبتوں سے نجات اور حصول مقاصد کے لیے خاص ورد: اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ درج ذیل گنتی کے مطابق پڑھیں: (۱) شر و فتن سے حفاظت کے لیے 341 (2) وسعت رزق اور ادائے قرض کے لیے 308 (3) خاص کام کی تکمیل کے لیے 111 مرتبہ (4) مصائب پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لیے 140 مرتبہ۔

نور حاصل کرنے کا نبوی ﷺ نسخہ: حافظ ابوبکر بزار نے اپنی کتاب میں یہ روایت ذکر کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص رات کے وقت یہ آیت پڑھے گا: فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا (کہف: آیت ۱۱۰) ترجمہ: جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھتا ہو وہ نیک کام کرتا رہے اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے۔ (فرزانہ، سنبل، ثمینہ۔ کھوئیاں)

چوہوں کو بھگانے کا طریقہ: اکثر گھروں میں چوہوں کی فوج دندناتی پھرتی ہے انہیں بھگانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ سورۂ ماعون صبح وشام اول وآخر درود شریف کے ساتھ 7 مرتبہ پڑھیں اور چوہوں کے بل میں گندھک کی دھونی دیں یا مٹی کا تیل ڈال دیں' پٹرول بھی ڈال سکتے ہیں۔ اس سے چوہے مرجائیں گے اگر کوئی چوہا بل سے باہر نکل آئے تو اسے ہاتھ نہیں لگانا چاہیے اور نہ ہی اسے باہر گلی میں پھینکنا چاہیے بلکہ گھر سے دور کسی جگہ لے جا کر دبا دیں۔

گندم کو کیڑے سے محفوظ رکھنے کیلئے: گندم کو کیڑے مکوڑوں سے محفوظ رکھنے کیلئے یہ نسخہ استعمال کریں۔ پارے کو ریت میں ملا کر کرم خوردہ گندم میں ملا دیا جائے اس سے کیڑے ختم ہوجائیں گے۔ نیم کے پتے رکھنے سے بھی کرم خوردہ گندم کو کیڑا نہیں لگے گا۔ **لوہے کی چیزوں کو زنگ سے**

المبارک میں گیارہ ہزار مرتبہ پڑھا اور اب روزانہ ایک تسبیح پڑھتا ہوں۔ میرے تمام رکے ہوئے کام ہوگئے' میری پریشانیاں ختم اور خوشحالیاں شروع ہوچکی ہیں۔ گھر سے بیماری' پریشانی اور الجھنیں ختم ہوگئی ہیں۔ میری ہر مشکل کیسے آتی ہے اور کیسے ٹل جاتی ہے سوچ کر میں خود حیران ہوتا ہوں۔ وہ آیت یہ ہے: اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا (مزمل ۷) (ف، بہاولپور)

ایمان والوں کی نقل

فاران ارشد بھٹی خان گڑھ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا عبقری ہماری جان ہے اور سب سے بڑی بات کہ آپ لکھنے والے اناڑیوں کو بھی اہمیت دیتے ہیں۔ ان کی ٹوٹی پھوٹی تحریروں کو بھی نوک پلک سنوار کر جگہ دیتے ہیں قارئین کیلئے سچے واقعات لیکر حاضر ہوا ہوں۔

ایمان والوں کی نقل اصل بن گئی: دمشق کی جامع مسجد کے متولی کی دولت اور عزت و احترام دیکھ کر ایک کمزور ایمان والے شخص صفوان کو لالچ نے گھیر لیا اس کے منہ میں پانی بھر آیا' شیطان نے دل میں وسوسہ ڈالا کہ تو بھی دکھاوے کی عبادت کرتا کہ لوگ تجھے عزت دیں اور تجھے بھی دولت سے نوازیں' اب وہ ہر جگہ عبادت کرتا نظر آتا لیکن کسی نے توجہ نہ دی۔ آخر اس کے دل میں احساس ندامت جاگا' اللہ تعالیٰ سے رو رو کر توبہ کی اور خلوص دل سے چھپ کر عبادت کرنے لگا۔ سچے دل سے جب عبادت شروع کی تو ابھی پندرہ دن بھی نہیں گزرے تھے کہ اس کی شہرت پھیل گئی' دمشق کا حاکم انتہائی عقیدت سے ملنے آیا اور اشرفیوں کی چند بوریاں اور جامع مسجد دمشق کی دستار صوفی کو پیش کی' صوفی تو سچا پکا مومن بن چکا تھا۔ صوفی نے کہا مجھے کچھ نہیں چاہیے اب اللہ تعالیٰ سے مانگو گا کسی کے آگے دست سوال دراز نہیں کروں گا۔

ہاتھ اور زبان: ایک بادشاہ نے گدھوں کو قطار میں جاتا دیکھ کر کمہار سے پوچھا یہ کیسے ممکن ہے؟ گدھے قطار میں چل رہے ہوں' کمہار نے کہا: میں انہیں بہترین کھانے کو دیتا ہوں' ان کا خیال رکھتا ہوں مگر جو گدھا لائن توڑتا ہے اسے سخت سزا اسی وقت دیتا ہوں' بس اسی لیے یہ سیدھے چلتے ہیں۔ بادشاہ بولا: میرے ملک میں بہت بدامنی ہے' کیا تم امن قائم کرسکتے ہو؟ کمہار نے حامی بھرلی' شہر آیا' بادشاہ نے اسے منصف بنا دیا۔ اگلے دن ایک چور کا مقدمہ آگیا' کمہار نے مقدمہ سنا اور ایک ہی نشست میں فیصلہ سنا دیا کہ چور کا ہاتھ کاٹ دیا جائے' اسی اثناء میں موجود وزیر نے جلاد کو کوئی خفیہ اشارہ دیا' جلاد کمہار کے کان میں آکر بولا: یہ وزیر صاحب کا خاص آدمی ہے' کمہار نے دوبارہ با آواز بلند دہرایا چور کا ہاتھ کاٹ دو' پھر وزیر نے کمہار کے کان میں کہا: یہ اپنا آدمی ہے' خیال کرو' کمہار نے تیسری بار جلاد کو حکم دیا کہ چور کا ہاتھ اور وزیر کی زبان کاٹ دو' جلاد آگے بڑھا اور دونوں کام کردیئے۔ چند ہفتوں کے اندر اندر لوگوں نے دیکھا کہ ملک میں خوشحالی لوٹ آئی اور امن بھی قائم ہوگیا۔

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں ''جادو شکن پانی'' کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔

جادو شکن پانی

قیمت صرف 60 روپے

Digitized by Google

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کررہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کردیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

ساجدہ' نوشہرہ سٹی۔ ناظمہ خاتون' کراچی۔ شازیہ عبدالغفور سومرو' ٹنڈو جام محمد۔ محمد شعیب کمبوہ' گوجرانوالہ۔ مبارک علی' کراچی۔ صفیہ ناصر' صادق آباد۔ صائمہ غنی' فیصل آباد۔ واجد علی' جہلم۔ محمد عارف خان' جھنگ۔ نادیہ بشیر' جنگ۔ ردا دانش علی' کراچی۔ خالد حسین' خانیوال۔ خراسانی' سیالکوٹ۔ ثمینہ محبوب' ملتان۔ طاہر اصغر' گجرات۔ بینش جاوید' باغ۔ روبینہ' خوشاب۔ صالحہ سلطانہ' حیدرآباد۔ رحمت جان ساغری' کلرسیداں۔ مسرت شہزادی' منڈی بہاؤالدین۔ محمود خان خالد' ہری پور۔ شگفتہ جبیں' وہاڑی۔ یاسرہ کرن' گوجرانوالہ۔ حمیرا' فیصل آباد۔ رابعہ کبیروالا۔ شیراز' سیالکوٹ۔ سونیا یوسف' رحیم یارخان۔ حاجی نورالٰہی' کنجاہ۔ شعبان علی' راولپنڈی۔ شازیہ گل' پشاور۔ جاذب وسیم' واشنگٹن۔ نجمہ بیگم' لاہور۔ ندیم' لاہور۔ نبیل احمد' لاہور۔ روبینہ ندیم' لاہور۔ سمیع الرحمٰن' لاہور۔ ادیبہ راشد' لاہور۔ رضیہ اصغر' گوجرہ۔ سدرہ کراچی۔ خورشید علی خان' حیدرآباد۔ رفعت عائشہ' چشتیاں۔ نسرین اختر' گوجرہ۔ محمد عاصم' بہاولپور۔ پروین کوثر' کراچی۔ محمد فہد حسین بھٹی' صادق آباد ضلع رحیم یارخان۔ حنا اشرف حسین' حیدرآباد۔ کرن' کراچی۔ محمد یاسر' لاہور۔ مظہر اقبال' کوٹ ادو۔ راشد جاوید راٹھور' لاہور۔ صفدر ککی نوشورکوٹ۔ نسرین' کراچی۔ نازش بی بی' کراچی۔ حیدرآباد۔ نسرین خاتون' کراچی۔ اہلیہ محمد نعیم' راولپنڈی۔ زینب اقبال' دیپالپور۔ اویس احمد' کراچی۔ اوسیم احمد میاں چنوں۔ قمر بتول' احمد پور شرقیہ۔ شاہد عزیز' بہاولپور۔ مریم' لاہور۔ کامل حیدر' کچا کھوہ۔ محمد ایوب' سرگودھا۔ محمد عمران قاسم' کراچی۔ حمیرا' کراچی۔ نوشین لیلیٰ' پشاور۔ ندیم احمد شاد انصاری' لاہور۔ شہلا رانا' گوجرہ۔ محمد عامر' ملتان۔ محمد عظیم' محمد مبین' فیصل آباد۔ حسن' حسنین' سمیع' زہرہ' زلیخہ' فیصل آباد۔ محمد عثمان' شورکوٹ سٹی۔ روبینہ زاہد' راولپنڈی۔ محمد طارق' صادق آباد۔ فریحہ منیر' شورکوٹ شہر۔ گل ناز خاں' لاہور۔ فرزانہ' میرپور خاص۔ منور احمد' شکرگڑھ۔

حامد نواز بنگش' راولپنڈی۔ محمد رفیق خان' تلہ گنگ۔ تبسم فاطمہ' چکوال۔ شجاعت حسین' دھیڑکوٹ۔ رحمان اللہ' چارسدہ۔ روبینہ سعید' راولپنڈی۔ فہمیدہ گل' ضلع لیہ۔ شہلہ

طیب' لاہور۔ مسرت شاہین' راولپنڈی۔ نذر حسین انجم' گوجرخان۔ ماہم گل' راولپنڈی۔ ناہید اختر۔ مریم' سرگودھا۔ زینب' لاہور۔ عجب خان' لاہور۔ محمد عدیل آصف' ملتان۔ حافظ اکبر علی' یزمان۔ سلامت بی بی' رحیم یارخان۔ رخسانہ' بہاولنگر۔ مدیحہ' حیدرآباد۔ صوبیہ عالمگیر' لاہور۔ محمد منشاء' منڈی یزمان۔ محمد عارف خان' جھنگ صدر۔ شبانہ کوثر' لاہور۔ محمد عادل' لاہور۔ بشیر احمد کاشمیری' لاہور۔ نیلم' اسلام آباد۔

حاجی رحیم بخش' طائف۔ حمیرا کوثر' کراچی۔ صائمہ عمران' گوجرخان۔ زمر نثار' کراچی۔ لائبہ' مردان۔ ریحانہ کوثر' ہری پور۔ حنا شہزاد' کراچی۔ محمد حمزہ' راولپنڈی۔ فرناز' لاہور۔ افتخار' لاہور۔ آفتاب احمد' اٹک۔ محمد حسیب رمضان' چنوں۔ سید مجاہد علی شاہ بخاری' پشاور۔ ارشد محمود ل۔ صائمہ ہارون' واپڈا ٹاؤن۔ شہناز بیگم' واہ کینٹ۔ النساء ضلع منڈی بہاؤالدین۔ شازیہ' کراچی۔ زرینہ غ آزاد کشمیر۔ ثمینہ یعقوب' جوہرآباد۔ نیلم شہزادی' انوالہ۔ فاروق مغل' گلشن بلاک۔ طیبہ' لاہور۔ غلام شہر سلطان۔ عبدالرافع' کراچی۔ محمد فیاض' باغ شمیر۔ عاصمہ' سمندری۔ اسماء کوثر' گاؤں محلہ حیا سنگھ۔ یدر' لاڑکانہ۔ رئیس الدین' بنوں سٹی۔ حنا' حیدرآباد۔ کراچی۔ محمد نصیر احمد' کراچی۔ محمد کاشف' گجرات۔ نال' لاہور۔ تحسین الرحمٰن۔ سلیمان عامر' لودھراں۔ احمد' کراچی۔ تبسم پرویز' کراچی۔ فرزانہ کھوئیاں۔ طاہرہ وحید' ملتان۔ نسیم' حیدرآباد۔ مینا ثمینہ ی۔ محمد حنیف' کراچی۔ روزینہ بانو' کراچی۔ محمد حسین' دین پناہ۔ طارق محمود' راولپنڈی۔ مسرت نذیر' پشاور۔ محمود خان' پلندری۔ محمد علی خان' کراچی۔ فریحہ بشیر' لاہور۔ عثمان' لاہور۔ شہناز ادریس' لاہور۔ بی بی انمول' کراچی۔ صدیق' لاہور۔ مسز صدف عادل' کراچی۔ عاصمہ ں۔ صائمہ بی بی' اٹک۔ میرافسر جنجوعہ' راولپنڈی۔ نازیہ ن۔ آمنہ عبدالغفور سومرو' ٹنڈو جام محمد۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں

یَاحَکِیۡمُ یَاعَزِیۡزُ یَالَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ بکثرت یعنی روزانہ وضو بے وضو' پاک' ناپاک' ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔ یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے' چند مہینے ضرور کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

برص پھلبہری کورس

برص' خارش' چنبل' ایگزیما' کوڑھ' جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

500

قسط نمبر 28

فصل کو چار چاند لگانے والی سپرے بالکل مفت

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تسبیح خانہ میں دوسری روحانی کلاس میں شریک ہوا' بہت مفید اور اچھے اچھے اعمال اور ٹوٹکے سیکھے۔ میں نے اس روحانی کلاس میں حروف تہجی کے بارے میں سنا۔ میرے ماموں ایک کسان ہیں اور وہ اپنی زمین میں کپاس کاشت کرتے ہیں۔ میں ایک مرتبہ ان سے ملنے گیا تو میرے ماموں سر پکڑ کر انتہائی پریشانی کے عالم میں بیٹھے تھے' میں نے ان سے پریشانی کی وجہ پوچھی تو کپاس کے کھیت کی طرف انگلی سے اشارہ کرکے کہنے لگے فصل کو بیماری لگ گئی ہے' اس بیماری میں کپاس کے پتے کر خشک ہوجاتے ہیں اور کپاس کا پودا مرجاتا ہے۔ بتایا کہ طرح طرح کے مہنگے سے مہنگے سپرے کر کر کے تھک چکا ہوں مگر کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ خیر میں اپنے ماموں کو اسی پریشانی میں چھوڑ کر گھر آگیا۔ ایک ہفتے بعد دوبارہ ماموں کے گھر گیا تو پھر انتہائی پریشان' میں نے وجہ پوچھی تو کہنے لگے: یار اس بار بڑا نقصان ہوگیا ہے' ساری کپاس ختم ہوتی جارہی ہے' اتنا خرچہ کیا ہے' ٹھیکہ بھرا ہے۔ ہزاروں کے سپرے کرچکا ہوں۔ میری تو ساری جمع پونجی ختم ہوگئی۔ میں کیا کروں؟ میں نے ماموں کو تسلی دی اور انہیں کہا کہ آپ پریشان نہ ہوں' میرے پاس ایک عمل ہے آپ وہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے فصل پر سپرے کریں آپ کی اجڑی فصل پھر سے ہری بھری ہوجائے گی۔ ماموں چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے میری بات سن کر فوراً اٹھ کر بیٹھ گئے اور میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگے جلدی سے بتاؤ کیا عمل ہے؟ میں نے انہیں وہی حروف تہجی کا عمل جو آپ نے روحانی کلاس میں بتایا تھا بتادیا۔ میں نے کہا: آپ گیارہ لوگ بیٹھ کر ہر بندہ 129 مرتبہ (اب پ۔۔۔۔نورانی قاعدہ والی مکمل) پڑھ کر پانی پر دم کرتے جائیں۔ اس کے بعد اس پانی کو سات دن کر مسلسل اپنی فصل پر سپرے کریں' ہر روز نیا عمل کرنا ہے اور پانی نیا لینا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے پانچ دن ہی سپرے کرنے سے فصل بالکل ٹھیک ہوگئی۔ نجانے کیوں جب میں یہ عمل بتارہا تھا تو ان شاء اللہ کے ساتھ میرے منہ سے نکل گیا کہ دیکھئے گا ان شاء اللہ جب آپ یہ عمل کریں گے تو آپ کے آس پاس کی کپاس بھی آپ کی کپاس کا مقابلہ نہ کرسکے گی اور لوگ آکر پوچھیں گے کہ کونسا سپرے کیا ہے؟ سپرے کرنے کے چند دنوں کے بعد ہی اللہ تعالیٰ کا اتنا کرم ہوا کہ واقعی ہی اس کپاس کے آس پاس کی کپاس اس کے [illegible] کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھے اور ان کا سایہ ہم پر تادیر سلامت رکھے۔ آمین ثم آمین۔

جانوروں کے زخم کیلئے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جو جانور زخمی ہوں یا کیڑے پڑ جاتے ہوں، [illegible]

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

اسم اعظم کا روحانی دم سے پرانا بخار اتر گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ سات سال سے پڑھ رہا ہوں الحمدللہ! اس سے خوب مستفید ہوتا ہوں۔ مجھے گزشتہ ایک سال سے بخار تھا' بے شمار ٹوٹکے' ادویات اور ڈاکٹر آزمائے مگر بخار وقتی طور پر اترتا اور دوسرے دن پھر ہوجاتا۔ اس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا بلکہ میں تو ہمت ہی ہار بیٹھا تھا کہ اب ساری زندگی اسی بخار کے ساتھ گزارنا پڑے گی۔ ایک دن میری بڑی بہن ہاتھ میں عبقری رسالہ تھامے میرے پاس آئی اور کہا کہ بھائی تم تسبیح خانہ میں جاکر دم کرواؤ مجھے یقین ہے کہ تمہارا بخار اسم اعظم کے دم سے اتر جائے گا۔ میں نے عبقری رسالہ کے ٹائٹل پر لکھی تاریخ اور وقت نوٹ کیا اور ملتان سے لاہور کی ٹکٹ بک کروائی اور بروز اتوار صبح چار بجے تسبیح خانہ لاہور پہنچ گیا' دم سے پہلے آپ نے شفائیہ دعا کروائی' دعا مانگتے ہوئے عجیب کیفیت بنی اور میں خوب رویا' پھر روحانی دم شروع ہوا' جیسے ہی میں آپ کے سامنے سے گزرا' آپ نے دم فرمایا' مجھے ایسا محسوس ہوا میرے دماغ سے کوئی چیز نکل گئی ہے' میرا جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا۔ اس دن سے لے کر آج تک تقریباً چھ ماہ ہوچکے ہیں مجھے دوبارہ بخار نہ ہوا۔ (اویس ملتان)

24 فروری 2019 بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب درس مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7یا14یا21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری گھریلو الجھن کاروباری مسائل کا سوفیصد حل ہے۔

خاص تبدیلی اہم نوٹ: [illegible]

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ زرغونی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفا بخشے لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنادیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج
شاہی ٹانک بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر مؤثر قیمت صرف 2200 روپے

19 سال پرانا نزلہ زکام ایسے ٹھیک ہوتا ہے!

سخت سردی کی وجہ سے سبز رنگ کے موشن کر رہا تھا' اینٹی بائیوٹک دی گئی مگر کچھ فرق نہ پڑا اس کے علاوہ دم وغیرہ بھی کروایا مگر بچے کا رونا کم نہ ہوا۔ آخر میں نے اس کی ماں کو کہا کہ خود بھی نیم گرم دودھ میں دو چمچ شہد ڈال کر پیو اور بچے کو بھی اپنی انگلی پر لگا کر صبح و شام چٹاؤ۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست جسے ہمیشہ سردی گرمی ہر موسم میں زکام رہتا تھا بچپن سے تھا۔ اب تقریباً 19 سال اس کی عمر ہے ہر جگہ علاج کروایا مگر فائدہ نہ ہوا۔ زکام کی وجہ سے کان میں اور داڑھ میں درد شروع ہو گیا میرے پاس آئی اور اس کا حل پوچھا میری سمجھ میں بھی کچھ نہ آیا اگلی بار آئی پھر بہت پریشان تھی۔ میں نے کہا آقا مدنی ﷺ نے جو اپنی زبان اطہر سے فرمایا ہے اور جو قرآن میں ہے وہ کبھی جھوٹ نہیں ہو سکتا۔ میرے دماغ میں اچانک آیا کہ اسے شہد اور کلونجی بتادوں۔ میں نے اسے سردیوں میں گرم پانی میں اور گرمیوں میں ٹھنڈے پانی میں شہد ایک چمچ ملا کر پینے کو کہا اور طاق عدد میں کلونجی نہار منہ صبح کے وقت بتایا جو کہ وہ اب بھی استعمال کر رہی ہے اور یہ ستر فیصد تک بالکل ٹھیک ہو چکی ہے۔ جو مہنگی سے مہنگی دوائی سے بھی نہ ہوا۔ اب ان شاء اللہ ہو رہا ہے۔

ڈھیٹ لیکوریا کا آسان علاج: اسی طرح ایک عورت آئی ہر مشکل میں مجھ سے دوائی وظیفے وغیرہ پوچھتی رہتی ہے اس نے بتایا کہ مجھے لیکوریا پانی کی طرح آتا ہے' مہنگے سے مہنگا علاج کروایا۔ میں نے صرف اس کو پھٹکڑی بریاں کر کے پڑیا بنا کر دیں اور کہا کہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ ایک پڑیا کھانی ہے۔ آپ یقین کریں کہ صرف 2 دن کے استعمال سے ہی مکمل آرام آ گیا' وہ حیران رہ گئی اور بہت خوش ہوئی۔

سردیوں میں بچوں کو لگے سبز موشن کا علاج: ایک بچہ دو دن سے مسلسل رو رہا تھا اور سخت سردی کی وجہ سے سبز رنگ کے موشن کر رہا تھا' اینٹی بائیوٹک دی گئی مگر کچھ فرق نہ پڑا اس کے علاوہ دم وغیرہ بھی کروایا مگر بچے کا رونا کم نہ ہوا۔ آخر میں نے اس کی ماں کو کہا کہ خود بھی نیم گرم دودھ میں دو چمچ شہد ڈال کر پیو اور بچے کو بھی اپنی انگلی پر لگا کر صبح و شام چٹاؤ۔ ایک دن میں ہی بچے بالکل ٹھیک ہو گیا۔

سدا جوان رہنے کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا پچھلے تین سالوں سے قاری ہوں' بہت ہی اچھا رسالہ ہے اس کے علاوہ آپ کے بارے میں کیا لکھوں میرے پاس آپ کی تعریف لکھنے کے لیے کوئی الفاظ ہی نہیں کہ آپ کتنے اعلیٰ درجے کے انسان ہیں عبقری قارئین کیلئے میرے پاس چند مشاہدات ہیں جو میں قارئین کی نذر کرتا ہوں۔

سدا جوان رہنے کے لیے: ایک دن میری بھابھی کے اپنی دادی کے بارے میں بتا رہی تھیں کہ وہ 90 سال کی عمر میں وفات پائی ہیں۔ بڑے پر ایک جھری بھی نہیں پڑی تھی' بال بالکل سیاہ تھے وہ دیکھنے میں 50 سال کی بھی نہیں لگتی تھی ان کا راز یہ تھا کہ وہ صبح شام ایک گلاس خالص دودھ پیتی تھیں اور رات کو دودھ میں روغن بادام کے قطرے ڈال کر پیتی تھیں۔ دودھ زندگی میں وہ کبھی نہیں چھوڑتی تھیں تو جو لوگ سدا جوان اور دماغی کمزوری سے دور رہنا چاہتا ہے تو ان چیزوں کو اپنی زندگی کا لازمی جزو بنا لے۔

منہ کے چھالوں کے لیے نسخہ: میں نے ایک دن اپنی انگلش کی استانی کو فون کیا تو جب ان کی صحت کے بارے میں پوچھا تو وہ کہنے لگیں صحت کے بارے میں نہ پوچھو تو پھر میں نے پوچھا کیا ہوا ہے تو وہ کہنے لگیں کہ منہ میں چھالے بن گئے ہیں بہت ادویات کھائی ہیں لیکن آرام نہیں آ رہا میں نے پھر اپنی دادی کو گاؤں فون کیا ان سے چھالوں کیلئے نسخہ پوچھا تو انہوں نے کہا ایک جڑی بوٹی ''رس'' 20 روپے کی پنساری سے لے لو اور کسی برتن میں بھگو کر رکھ دو تھوڑی دیر بعد جڑی بوٹی نکال کر زخموں پر لگا دیں اور یا پی لیں میری استانی نے ایسے ہی کیا' ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ انکے چھالے دو مرتبہ کرنے سے ہی ختم ہو گئے۔ پنساری کی دکان پر جا کر ''رس'' جڑی بوٹی مانگیں گے تو وہ دے دے گا۔

شیمپو کے نقصانات: آپ نے ماہنامہ عبقری میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات کے بارے تحریریں بھیجنے کا حکم فرمایا تھا تو اس حکم کی تعمیل میں شیمپو کے چند نقصانات درج ذیل ہیں:۔ جب شیمپو سر پر لگاتے ہیں تو اس میں کیمیکل اتنے زیادہ ہوتے ہیں جو بظاہر تو بالوں کو سلکی کر دیتے ہیں لیکن یہ بالوں کی جڑوں کو کھوکھلا کر کے انسان کو انوکھے روگ دے جاتے ہیں۔ شیمپو جلد کی قدرتی روغنیت (آئل) سب کچھ نچوڑ لیتا ہے۔ بانجھ پن، نسوانی بیماریاں، عینک کا لگنا، بالوں کا گرنا، ٹینشن، اینگزائٹی، عدم برداشت، جوڑوں اور کمر کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، چہرے پر داغ، دھبے، چھائیاں ان سب بیماریوں کا ایک بڑا سبب یہ شیمپو ہے۔

ٹوتھ برش کے نقصانات: برش کرنے سے دانتوں میں خلا ہو جاتا ہے جسکی وجہ سے مسوڑھے کمزور ہو جاتے ہیں مسوڑھوں میں درد ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ دانتوں میں کیڑا لگ جاتا ہے اس لئے نیم کا مسواک استعمال کیا جائے۔ اس سے دانتوں میں کیڑا نہیں لگتا۔ دماغ تیز ہوتا ہے مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں دانت چمک جاتے ہیں۔ (محمد شاہد نواز، ایبٹ آباد)

دست کے لیے میرا تجربہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے میں کراچی سے میانوالی جانے کیلئے بس میں سفر کر رہا تھا۔ راستے میں کنڈیکٹر ڈرائیور آپس میں بات کر رہے تھے کہ ہم نے ایک ڈرائیور سے مذاق کیا اس کو باسی کھانا کھلا دیا اس کو دست لگ گئے جب بس رکتی وہ بیت الخلاء کی طرف دوڑتا بس سے ایک شخص جھوٹ موٹ بھاگ جاتا اور بیت الخلاء میں گھس جاتا۔ انہوں نے بتایا کہ سفر میں کسی سواری کا پیٹ خراب ہو جاتا ہے' دست آنے لگتے ہیں تو ہم اس کو چائے کی پتی جو ابھی استعمال نہ کی گئی ہو چٹکی بھر پانی کے ساتھ دیتے ہیں' مریض فوراً ٹھیک ہو جاتا ہے' اسی سفر میں میانوالی سے جب آگے بڑھے' موچھ میں بس رکی تو مجھے تقاضا ہوا' وہاں آگے داؤد خیل بس رکی تو پھر تقاضا ہوا آگے تو بہت شدت کا تقاضا ہوا مگر بس نہ رکی' میں نے اللہ اللہ کر کے سفر طے کیا اور اپنی منزل سے پہلے کمر مشانی میں اتر گیا' وہاں اتر کر ہوٹل والے سے مانگ کر دو چٹکی کالی پتی پھانک لی' جس کے بعد مجھے پھر دست نہیں آئے' دو تین دن پہلے مجھے پانی کی طرح دست آ رہے تھے' کئی جتن کیے مگر دست نہ رکے۔ پھر میں نے اسپغول کا چھلکا دہی میں ملا کر استعمال کیا مگر افاقہ نہ ہوا تو میں نے پتی پانی کے ساتھ استعمال کی پھر دست نہیں آیا۔ (حکیم ریاض حسین' مکڑوال' میانوالی)

ناک شفاء
دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

جلیبی کا انگلینڈ کی لیبارٹری میں ٹیسٹ! ہوشربا رزلٹ

قسط دوئم

ایک انگریز نے چپکے سے ایک جلیبی لی اور اسے انگلینڈ کے بڑے میڈیکل کالج کی خاص الخاص لیبارٹری میں ٹیسٹ کے لیے بھجوا دیا کہ اس کے مابعد اور مضر اثرات کتنے ہیں اور اس کے صحت مند اثرات کتنے ہیں۔ جب ٹیسٹ رپورٹ آئی تو وہ خوشی سے ہنستا مسکراتا ہوا انگریز اس زمیندار کے پاس آیا

جلیبی کا آٹا دراصل خمیر ہوتا ہے پہلے دور میں خمیری خمیری میدہ اور خمیری چیزیں صحت اور معدہ کیلئے ہمیشہ اور آزمودہ سمجھی جاتی تھیں اور آج بھی ویسے ہی ہے۔ یہ صحت اور تندرستی کے لیے بہت زیادہ آزمودہ ہے زود ہے اس سے قبض نہیں ہوتی اور حتیٰ کہ آنتوں کے اندر کے گندے فضلات کو یہ باہر نکال پھینکتی ہے۔

موجودہ دور میں جن غذاؤں سے ہم جنگ لڑ رہے ہیں اور جو غذائیں مسلسل استعمال کر رہے ہیں وہ غذائیں دراصل غذائیں نہیں ہیں وہ غذائیں بنیادی طور پر میٹھا زہر ہیں طلسماتی زہر ہیں جو انسان کو اندر ہی اندر روگی اور مریض کرتا جاتا ہے اور پھر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ انسان صحت جنگ لڑنا تو دور بیماری کی جنگ لڑنا شروع کر دیتا ہے۔ خود اپنی نسلوں کو جتنا ہوسکے سادہ اور دیسی غذاؤں کی طرف کریں اور ایسی غذائیں جو ہماری صحت اور تندرستی کے مفید اور آزمودہ ثابت ہوں اور ایسی غذائیں جو ہمارے انگ انگ کو صحت مند اور تندرست بنائیں' ہماری طبیعت اس وقت اس کی طرف راغب ہوگی جب اس کے سو فیصد فوائد ہمارے سامنے ہوں گے اور سو فیصد فوائد ہمارے سامنے نہ ہونے تو پھر ہم اس کو یہاتی غذا سمجھیں گے۔

بہت بڑے زمیندار جو کہ تمام گرمیاں مری میں گزارتے تھے اور ان کا بہت بڑا بنگلہ تھا اور اس وقت کے مالدار تھے' جب عموی پکے مکان اور بنگلے کوٹھیاں ہر کسی کے پاس نہیں ہوتی تھیں چند گنے چنے لوگوں کے پاس ہوتی تھیں اور گاڑی تو ویسے ہی کسی ایک فرد کے پاس ہوتی تھی۔ سڑکوں پر عموماً تانگے ہی نظر آتے تھے یا گدھا ریڑھی وہ جب بھی یورپ امریکہ کا سفر کرتے تو اپنے ساتھ بطور راشن جلیبی لے جاتے۔

ان کے ملازم کو پتہ تھا کہ انہوں نے اگر وہاں ایک ماہ یا دو ماہ کا سفر کرنا ہے تو مجھے ایک ماہ اور دو ماہ کی جلیبی اضافی رکھنی ہے' جو انہوں نے وہاں اپنے انگریز دوستوں کو کھلانی ہے کیونکہ انگریز دوست ان کی جلیبی اور دودھ جلیبی کا انتظار کرتے تھے اور کھاتے اور پھر اپنے میڈیکل ٹیسٹ کرواتے۔ ایک

میں نے اپنا وزن اٹھانے کے لیے بڑھایا' یکایک دس کلو وزن بڑھا دوں میری کمر اور ہڈیاں اپنے جوڑ سے ہل جاتی اور میں ساری زندگی اپنے آپ کو معذور کر بیٹھتا۔ اس لیے میں نے یہ عمل کبھی نہیں کیا۔ لیکن دودھ جلیبی کے بعد جب میں نے دیکھا کہ میرا جسم اس قابل ہے تو ایک دفعہ آزمائش کے طور پر میں نے اپنے ویٹ لفٹنگ میں دس کلو وزن بڑھایا میرے جسم کو احساس تک نہ ہوا اور میں مسلسل اپنے وزن کو

بڑھاتا چلا گیا اور میرا جسم صحت مند ہے تندرست ہے کسی بلا اور وباء کا مجھے سامنا نہیں کرنا پڑا۔ گورے کی بات سن کر زمیندار نے وہ رپورٹ اپنے پاس رکھ لی' آج بھی وہ رپورٹ اس خاندان کے پاس موجود ہے جو کہ 1953ء کی ہے اور واقعتاً اس رپورٹ میں جو کچھ کہا ہے وہ سچ کہا ہے کہ دودھ جلیبی صحت مند زندگی' صحت مند جسم اور طبیعت کے لیے ایک راحت کا سامان ہے اور واقعتاً اس کو استعمال کرنے والے وہی لوگ ہوتے ہیں جو اپنی صحت اور تندرستی کا پہلے دن سے خیال رکھتے ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے مسائل کو حل کرنے میں غذاؤں کا ساتھ لیتے ہیں نہ کہ دواؤں کا۔ کیونکہ غذا ہمیشہ صحت ہے لیکن دوا کتنی بھی مہنگی اور قیمتی کیوں نہ ہو یقین نہیں ہوسکتا ہے کہ وہ صحت ہے یا بیماری' تندرستی ہے یا روگ یقینی طور پر یہ بات دعویٰ سے نہیں کہہ سکتا' ہماری زندگی صحت اور تندرستی کا تعلق رہن سہن معیشت' معاشرت' معاملات اور تعلقات کے ساتھ بہت زیادہ ہے۔ مریض ہوتا ہے جس سے معاشرہ ٹوٹ جاتا ہے مریض اندر سے ٹوٹا ہوا ہوتا ہے وہ خود کو نہیں جوڑ پاتا' دوسروں کو کیا جوڑے گا۔ تندرستی اور صحت ہماری زندگی میں کتنی اہمیت رکھتے ہیں آپ صرف چھوٹی سی بات سے اندازہ لگالیں جسٹس کارلے وہ شخص تھا جس نے بتیس سال پورے برصغیر پر حکومت کی' وائسرائے بھی اس کے اقتدار اور حکومت کو مانتا تھا اور وہ ہمیشہ انصاف کے فیصلے کرتا اور اس کی یادداشت بہت تیز تھی' کتب کے حوالے از بر یاد تھے سو سال پرانے کیس عدالتی فیصلے اس کو ہمیشہ یاد رہے کبھی نہ بھولے' ایک اخبار نے ریٹائر ہونے کے بعد اس کا انٹرویو لیا' انٹرویو میں اس کی بہترین یادداشت کا راز اس سے پوچھا اس نے دو چیزیں بتائیں (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

سٹوڈنٹس اگر یقینی کامیابی چاہتے ہیں تو یہ پڑھیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنا ایک وظیفہ قارئین کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ یہ وظیفہ میں گزشتہ چھ سال سے کر رہی ہوں اور اس وظیفے کی بدولت مجھے پڑھائی میں ہر طرح کی کامیابی حاصل رہی' یہاں تک کہ پڑھائی کے فوراً بعد مجھے لیکچرار کی جاب بھی مل گئی' یہ وظیفہ میں نے ابھی تک جاری رکھا ہوا ہے جس سے میری ہر پریشانی ختم ہوجاتی ہے' اس وظیفہ سے مجھے بہت برکات حاصل ہوتی ہیں۔ وظیفہ یہ ہے: بعد نماز عشاء 313 مرتبہ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ پڑھنا ہے۔ (ث۔ و۔ ملتان)

معدہ کا السر (کورس) معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج

بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں

معدہ کے تمام امراض کا علاج

معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنائیے

معدہ میں درد ہو معدہ کا کینسر ہو تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں

(قیمت صرف 400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پریشان اور بدحال لوگوں کے سچے خطوط اور سچے جواب

▪ اپنی بہن کو سمجھائیں ▪ مجھے غصہ نہیں آتا مگر
▪ دل کا مرض، موٹاپا اور غصہ ▪ خواب کو نظر انداز کیجئے
▪ ذہنی مریضہ کی شادی؟ ▪ واقعی میں دل کا مریض ہوں

اپنی بہن کو سمجھائیں: آج کل میں بہت مشکل حالات سے گزر رہا ہوں۔ بہن کی شادی کی، اس کے ساتھ مسائل ہوئے۔ وہ کئی بار واپس آئی ہے۔ اس دوران قرض دار ہوگیا اور قرض کی واپسی ممکن نہیں ہو پا رہی ہے۔ ایک طرف سے اطمینان ہوتا ہے تو دوسری طرف سے پریشانی آتی ہے۔ میری اپنی منگنی ہوئے پانچ سال ہوگئے ان لوگوں کو فکر ہے کہ اب تو بہن کی شادی ہوگئی لیکن میرے لئے صورتحال ابھی واضح نہیں۔ بہن سسرال میں رہے گی یا واپس آجائے گی۔ ذہنی دباؤ ہر دن پہلے سے زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ (عبدالکریم، کراچی)

مشورہ: اپنی بہن کو سمجھائیں کہ وہ ایک بار فیصلہ کرلے کہ سسرال میں نباہ کرنا ہے تو ناراض ہوکر میکے نہ آئے بلکہ حالات اور لوگوں سے مل کر رہنے کی کوشش کرے۔ شادی کے ابتدائی دنوں میں اکثر لڑکیوں کو مختلف طرح کے حالات کا سامنا ہوتا ہے، وقت کے ساتھ بہتری آجاتی ہے۔ اپنی شادی میں دیر نہ کریں۔ اگر سادگی کے ساتھ شادی کریں گے تو قرض کا بوجھ بھی نہیں بڑھے گا اور مسنون طریقہ بھی یہی اور برکت بھی اسی میں ہے کہ شادی ہمیشہ سادہ کی جائے۔

خوفناک صورتحال: اس وقت میں آٹھویں جماعت میں تھا۔ اپنی کلاس ٹیچر سے شام کے وقت ٹیوشن پڑھنے جاتا، واپسی پر رات ہوجاتی۔ ان کا گھر تاریک اور تنگ گلیوں گزرنے کے بعد آتا۔ مجھے ڈر بھی لگتا مگر خوف پر قابو پا کر گھر پہنچ ہی جاتا تھا۔ اب میں میٹرک کرچکا ہوں۔ خواب میں تنگ و تاریک گلیاں اور ان کے حوالے سے خوف کی صورتحال سامنے آتی ہے، حالانکہ آج کل گھر سے باہر بھی نہیں نکل رہا۔ دن، رات اپنے والد کے ساتھ کاروبار میں مصروف رہتا ہوں (شفیق، ملتان)

مشورہ: خوابوں کو نظر انداز کرنے کے عادی بنئے۔ دن، رات کام کے دوران چند لمحات آرام کے لئے ضرور نکالیں، یعنی کام اور آرام کا وقت مقرر ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ اہل خانہ یا اچھے دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح کے لئے کسی ایسی جگہ بھی جائیں جہاں خوبصورت اور سہانے قدرتی مناظر کو دیکھا جاسکے۔ خوشگوار یادیں، پرمزاح اور پرلطف معیاری گفتگو اور تحریریں ذہن کو دباؤ سے آزاد کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

ذہنی کمزوری: پہلے ہم لوگ سمجھتے تھے کہ ہماری بہن عمر [illegible]

مجھے غصہ نہیں آتا مگر: مجھے غصہ نہیں آتا مگر کوئی غصہ دلا دے تو برداشت نہیں ہوتا۔ میرے ایک دوست نے دوسرے دوست کے حوالے سے بتایا کہ وہ مجھے برا سمجھتا ہے اس کے علاوہ بھی اس نے اور بہت کچھ کہا۔ مجھے غصہ آگیا اور میں جاکر دوسرے دوست سے جھگڑ پڑا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ پہلے والا لڑکا غلط بیانی کررہا تھا۔ دراصل اس کو مجھ سے حسد ہے۔ لیکن ملنے پر اس نے کہا کہ میں نے مذاق کیا تھا۔ یہ تو تھی ایک بات لیکن میں چاہتا ہوں صرف ایسے لوگوں سے ملوں جو مجھ سے حسد نہ کریں، غصہ نہ دلائیں۔ جھوٹ نہ بولیں اور میں لوگوں کو چہرے سے پہچان لوں۔ (بلال، لیہ)

مشورہ: ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ خود کو بچائیں، غصہ پر قابو کریں۔ خواہ دوسرا کوئی بھی بات ایسی کہے جو ناگوار ہو، آپ احتیاط برتیں اور اس جگہ سے دور ہوجائیں جہاں لوگ وقت ضائع کرتے ہیں۔ اپنے ذہن کو مثبت رخ دیں۔ اس کے بعد آپ کا ذہن اپنی ترقی اور خوشحالی کیلئے کچھ اقدامات کرنے کے قابل ہوگا۔ احتجاج میں وقت ضائع ہوتا ہے۔ دوسرے سے الجھنے کے بجائے اپنی کامیابی کی تدبیر کرنے والے ہی اچھے انداز سے جینا جانتے ہیں۔

مرض، موٹاپا اور غصہ: دل کا مرض، موٹاپا اور غصہ مجھے ورثے میں ملا۔ دل کا مریض تو ابھی میں نہیں، مگر وزن تیزی سے بڑھ گیا اور غصہ تو بچپن سے آتا ہے۔ گھر والے کھانا کھانے پر روکتے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ ابھی دل کا مرض باقی ہے جب یہ ہوجائے تو ایک ساتھ احتیاط کروں گا۔ یہ باتیں مذاق میں کہہ جاتا ہوں لیکن اب مجھے خوف محسوس ہونے لگا ہے کہ واقعی اگر میں دل کا مریض ہوگیا تو اس کا علاج بھی کروانا مشکل ہے۔ (احمد، گجرات)

مشورہ: احتیاط کی جائے تو موروثی امراض سے بھی بچا جاسکتا ہے۔ اپنی صحت کے حوالے سے ڈاکٹر سے مشورہ کریں اور اس کے ساتھ اپنے دماغ میں اس بات کو نہ بٹھائیں کہ بیمار ہونا ہی ہے۔ اچھی صحت کیلئے غصہ پر قابو پانے کی صلاحیت پیدا کرنی ضروری ہے، جہاں تک دل کے مرض کا تعلق ہے تو اس کا انتظار نہ کریں۔ اپنے اندر اس مرض کو محسوس بھی نہ کریں۔ صحت مند طرز زندگی اپنا کر مثبت طرز فکر بھی اختیار کرنی چاہئے۔ خوف کا شکار ہونے سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ ورزش کو معمول بنائیں۔

عینک ہمیشہ کیلئے چھوٹ سکتی ہے! اب دیر کیسی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ دکھی انسانوں کے ہمدرد ہیں اس کا منہ بولتا ثبوت عبقری ہے۔ میرے پاس ایک روحانی عمل ہے جو بھی اس کو جتنے یقین کے ساتھ کریگا اتنا ہی زیادہ فائدہ ہوگا۔ جس کی نظر کمزور ہو اور عینک سے تنگ ہو وہ یہ عمل کرے۔ ہر وضو کے بعد آسمان کی طرف منہ کرکے ایک مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔ ان شاء اللہ کچھ عرصہ کے بعد ہی اس کی نظر ٹھیک ہوجائے گی اور عینک چھوٹ جائے گی۔ (محمد کاشف کھوکھر، مظفرگڑھ)

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی
دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال دماغ کمزور حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف -/600 روپے

ابھی آزمالیں! شرطیہ بیٹا پیدا ہوگا (ان شاء اللہ)

عظمیٰ اقبال، لاہور

میں نے خود بھی آزمایا بعد میں دوسروں کو بھی بتایا جس کو بھی بتایا بیٹا ہی ہوا۔ اپنی بہنوں کو بھی ماشاء اللہ ان کے چار بیٹے ہیں لوگوں کو بھی محلے میں بھی ان کے بیٹے ہی ہوئے۔ ایک عورت کی چھ بیٹیوں کے بعد دو بیٹے کسی کی سات بیٹیوں کے بعد کسی کے اولاد ہی نہیں تھی بیس سال بعد بیٹا ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے خود بھی آزمایا بعد میں دوسروں کو بھی بتایا جس کو بھی بتایا بیٹا ہی ہوا اپنی بہنوں کو بھی ماشاء اللہ ان کے چار بیٹے ہیں لوگوں کو بھی محلے میں بھی ان کے بیٹے ہی ہوئے۔ ایک عورت کی چھ بیٹیوں کے بعد دو بیٹے کسی کی سات بیٹیوں کے بعد کسی کے اولاد ہی نہیں تھی بیس سال بعد بیٹا ہوا۔ پنج گانہ نماز کی پابندی کریں۔ قرآن پاک کی تلاوت کریں۔ سورۂ مریم روزانہ بلاناغہ پڑھنی ہے۔ جب دس یا پندرہ دن اوپر ہو جائیں تب پڑھنا شروع کر دیں پورے 9 ماہ دن میں ایک ٹائم مقرر کر لیں کسی بھی نماز کے بعد وہی ٹائم رکھنا ہے۔ سورۂ والتین روزانہ 7 مرتبہ پڑھیں صرف تین دن پڑھنی ہے۔ ناف پر ہاتھ پھیر کر بیٹے کیلئے دعا کرنی ہے۔ روزانہ اَلْمُبْدِئُ 100 مرتبہ پڑھنا ہے۔ ناف پر ہاتھ پھیر کر گھر کی چھت پر کھلے آسمان کے نیچے چارپائی پر لیٹ کر دائیں طرف شہادت کی انگلی ناف پر دائرہ میں گھماتے جائیں۔ جب خوشخبری کا پتہ چل جائے تو سورۂ محمد عصر سے لیکر مغرب کے ٹائم تک ایک مرتبہ پڑھیں کسی سے بات نہیں کرنی پاس ایک گلاس پانی کا رکھ لیں اس پر پھونک مار کر دم کر کے پانی پی لیں۔ سورۂ آل عمران کی آیت 12 اور 13 لکھنی ایک پرچی پر اپنا نام اور والدہ کا نام لکھنا ہے اور یہ لکھنا ہے اللہ تعالیٰ مجھے بیٹا دے اور میں اس کا نام محمد سے شروع کروں گی اور یہ آیت لکھنی ہے اور قرآن پاک میں اسی جگہ رکھنی ہے جہاں یہ آیت لکھی ہے۔ پرچی تعویذ کی طرح بند کر کے رکھ دیں۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یَاوَارِثُ. یَامُصَوِّرُ اور رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ چلتے پھرتے یَاوَارِثُ یَامُصَوِّرُ پڑھیں۔ ان شاء اللہ گارنٹی ہے کہ بیٹا ہی ہوگا۔ اس کے علاوہ چند مزید روحانی نوٹکے قارئین کی نذر کر رہی ہوں: **گمشدہ چیز کے لیے:** اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھیں گمشدہ چیز مل جائے گی۔ آیت الکرسی پڑھنے سے گھنٹوں کا سفر منٹوں میں طے۔ کچن میں داخل ہوتے وقت، راشن پر دم، درود پاک پڑھیں داخل ہوں۔ راشن پر بھی دم کریں برکت ہوگی۔ **جادو اور نظر بد کیلئے کام کی بندش کیلئے:** آیت الکرسی، چاروں قل اور درود تاج بکثرت پڑھیں۔ **رزق بارش کی طرح برسے:** درود پاک [illegible]

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر

0332-7552382

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

لاعلاج مریض بیس دن میں ٹھیک

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری کی مستقل قاری ہوں۔ اس میں ایک مرتبہ میں نے سورۂ کافرون کا عمل پڑھا تھا جس کو میں نے تیل پر 1001 مرتبہ پڑھ کر دم کیا جو مریض کو اس طرح استعمال کروانا تھا کہ بسم اللہ مکمل پڑھ کر دائیں کان میں ایک قطرہ پھر بائیں کان میں ایک قطرہ ڈالیں۔ اس کو ایک معذور بچے پر استعمال کرایا گیا تھا تو وہ بہتر ہو گیا ہے۔ اب ایک ایسے شخص کو استعمال کروایا جو کہ [illegible] عرصہ ڈیڑھ سال سے ایکسیڈنٹ کی وجہ سے چارپائی [illegible] اس کو بلڈ پریشر اور یورین شوگر بھی ہے۔ ڈاکٹر جہاں پر [illegible] لگاتے وہیں زخم بن جاتے اس طرح ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے کر ڈسچارج کر دیا تھا کہ یہ کچھ عرصے کا [illegible] ہے اب جبکہ اس کو یہ تیل تقریباً پندرہ سے بیس دن استعمال کروانے کے بعد مریض کو ماشاء اللہ کافی افاقہ ہوا اور [illegible] بیساکھی کے سہارے چلنے کے قابل ہو گیا ہے۔

جوڑوں کے درد کا نسخہ خاص

ھوالشافی: سورنجاں شیریں معبر' سیاہ نمک' چھلکا ہریڑ عمدہ' [illegible] دام' سونٹھ' مرچ سیاہ' مگھاں ہر ایک ایک تولہ۔ مثل آٹا [illegible] کر کے پانی' کنوار گندل یا عرق گلاب یا عرق سونف [illegible] گولیاں بقدر نصف چنا تیار کریں۔ **مقدار خوراک:** ہر روز [illegible] گولی کھائیں۔ **غذا:** گندم کی روٹی ہمراہ دیسی گھی۔ **پرہیز:** [illegible] اچار لال مرچ' گوشت۔ جوڑوں کے درد کا نسخہ خاص [illegible] دردوں کیلئے تریاق: **ھوالشافی:** پوست بیخ مدار چار تولہ' قلمی [illegible] چار تولہ' کچلہ مدبر ایک تولہ' بیش مدبر چھ ماشہ' افیون ایک تولہ' سورنجاں شیریں ایک تولہ' کشتہ بارہ سنگا چار تولہ' اسپرین چار تولہ' [illegible] سلاس چار تولہ' چینی پانچ تولہ سب کو ملا کر سفوف بنا کر کیپسول بھر لیں ایک کیپسول تازہ پانی کیساتھ استعمال کریں۔ جوڑوں کے درد میں پہلی خوراک ہی آرام دیتی ہے۔

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہوں گے۔

قیمت فی جلد -/500 علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام ورد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں

داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج

صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

Digitized by Google

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

جننی کی زچگی اور میرے گاؤں کی دائی انوکھا واقعہ

کلیم اللہ شیخ، ڈیرہ اسماعیل خان

یہ بہت ہی پرانا واقعہ ہے جو ہمیں نانا جان اکثر سنایا کرتی تھی واقعہ کچھ یوں ہے کہ ہمارے گاؤں میں اس وقت صرف ایک ہی دائی تھی جسکا نام اللہ وسائی تھا۔ جب بھی کسی کے ہاں بچے کی پیدائش ہوتی تو لوگ اللہ وسائی کو لے جاتے۔ اپنے گاؤں کے علاوہ نزدیکی علاقوں سے بھی لوگ اس دائی کو لے جاتے۔ اللہ وسائی میری نانی کی رشتہ دار بھی تھی اس لئے اکثر میری نانی کے پاس آیا جایا کرتی تھی۔ ایک دن اس نے میری نانی جان کو ایک واقعہ سنایا کہ پچھلی رات جب ہم اپنے مکان میں سو رہے تھے۔ سردی بہت زیادہ تھی رات کافی ڈھل چکی تھی کہ اچانک ہمارے مکان کا دروازہ کسی نے کھٹکھٹایا اتفاق سے میری آنکھ کھل گئی میں اٹھی اور دروازہ کھولا تو باہر ایک مرد اور عورت کھڑے تھے۔ انہوں نے مجھے کہا کہ ہمارے ہاں بچے کی پیدائش ہونے والی ہے ہم آپ کو لینے آئے ہیں۔ میں نے اپنے خاوند کو جگایا اور اس کو بتا کر ان کے ساتھ چل پڑی۔ تھوڑی ہی دیر میں ہم ایک ویرانے میں جا پہنچے وہاں ایک جھونپڑی تھی۔ جب میں نے جھونپڑی دیکھی اور وہاں کا شور و غل سنا تو ڈر گئی اور پریشانی کی حالت میں پوچھا کہ تم کون ہو اور مجھے کہاں لے آئے ہو۔ وہ دونوں مرد اور عورت نے کہا کہ پریشان ہونے اور ڈرنے کی کوئی بات نہیں ہم جن ہیں اور آپ سب کو ہم جانتے ہیں سب آپ کے گھروں میں آتے جاتے رہتے ہیں بس آپ ہمیں دیکھ نہیں سکتے۔ اس کے بعد وہ مجھے اس جھونپڑی کے اندر لے گئے جس میں ایک جن عورت نیچے زمین پر لیٹی ہوئی تھی اس جھونپڑی کے اندر ایک اور کمرہ بھی تھا جس سے بچوں کے بولنے اور رونے کی آوازیں بھی آ رہی تھیں۔ خیر جو مرد (جن) تھا اس نے مجھے کہا کہ جب بچوں کی پیدائش شروع ہو تو آپ نے بسم اللہ شریف نہیں پڑھنی یہ بات ... وہ مرد (جن) غائب ہو گیا۔ تھوڑی دیر بعد بچوں کی پیدائش شروع ہوئی ایک کے بعد ایک بچہ، جو ساتھ جن (عورت) بیٹھی ہوئی تھی میں بچہ اس کو اٹھا کر دیتی وہ بچہ مجھ سے لے کر غائب ہو جاتی اسی طرح میں اس کو ہر بچہ دیتی اور وہ مجھ سے لے کر غائب ہو جاتی۔ تھوڑی دیر کے بعد میں بہت تھک گئی اور میں نے بسم اللہ شریف پڑھ دی۔ بسم اللہ شریف کا پڑھنا تھا کہ بچوں کی پیدائش کا سلسلہ رک گیا۔

کچھ دیر بعد وہ مرد (جن) آگیا اور مجھ سے ناراضگی کا اظہار کرنے لگ گیا کہ یہ آپ نے کیا کیا؟ آپ نے بسم اللہ شریف کیوں پڑھی؟ ابھی تو میرے بچے صرف 18 ہی پیدا ہوئے ہیں۔ میں نے کہا: میں بہت تھک گئی تھی میرے بازو کام چھوڑ گئے تھے اس لئے میں نے بسم اللہ پڑھ دی

کچھ دیر بعد وہ مرد (جن) آگیا اور مجھ سے ناراضگی کا اظہار کرنے لگ گیا کہ یہ آپ نے کیا کیا؟ آپ نے بسم اللہ شریف کیوں پڑھی؟ ابھی تو میرے بچے 18 ہی پیدا ہوئے ہیں۔ میں بہت تھک گئی تھی میرے بازو کام چھوڑ گئے تھے اس لیے میں نے بسم اللہ پڑھ دی۔ اس جن نے کہا آپ نے بہت زیادتی کی ہے۔ چلو ٹھیک ہے وہ پھر باہر چلا گیا اور کچھ دیر کے بعد دوبارہ اندر آیا تو لوہے کا ایک بہت بڑا تھال جس میں کوئلے تھے وہ لے کر آیا اور مجھے کہا کہ یہ تھال آپ کیلئے ہے ساتھ لے جانا ... میں نے دل میں کہا کہ یہ مجھ سے مذاق کر رہے ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ میں نے ان کوئلوں کو کیا کرنا ہے یہ تھال میں لے کر نہیں جاتی۔ وہ جن اور جننی بہت اصرار کرنے لگے کہ آپ یہ تھال لیجائیں ان کے بے حد اصرار پر میں نے اس تھال سے تین یا چار کوئلے اٹھائے اور اپنے دوپٹے کے ایک کونے پر باندھ لیے کہ بس یہی کافی ہیں ... میری تیاری ہوئی تو وہ مرد (جن) مجھے چھوڑنے کیلئے میرے ساتھ آیا مجھے اپنے دروازے تک چھوڑ کر وہ جن واپس چلا گیا ... صبح ہونے میں تھوڑا ٹائم رہتا تھا مرغے اذانیں دے رہے تھے لہٰذا میں اپنی چارپائی پر کچھ دیر لیٹے سو گئی تھوڑی دیر بعد سب گھر والے جاگ گئے میں بھی اٹھ گئی میں بہت پریشان ہو گئی جب میں نے وہ دوپٹہ اٹھایا تو وہ جو میں نے کوئلے ایک کونے میں باندھے تھے، جب ان کو دیکھا تو وہ کوئلوں کی جگہ ہیرے اور موتی تھے، اس وقت میں بہت زیادہ پچھتائی کہ کاش میں وہ تھال لے لیتی یا چند کوئلے زیادہ ہی اٹھا لیتی۔

جنتی عورت

محمد انس، حضرو

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو جنتی عورت کے بارے میں نہ بتاؤں؟ وہ کون ہے۔ ہم نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ' زیادہ بچے جننے والی' جب غصہ ہو جائے یا اسے کچھ برا بھلا کہہ دیا جائے یا اس کا شوہر ناراض ہو جائے تو یہ عورت (شوہر کو راضی کرتے ہوئے کہے) میرا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں ہے' میں اس وقت تک نہ سوؤں گی جب تک تم خوش نہ ہو جاؤ۔ (ترغیب جلد 3 ص 37) **جہنمی گروہ:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جہنم کے دو گروہوں کو میں نے اب تک نہیں دیکھا (کہ اس عہد میں ان کا پایا جانا نہیں ہوا تھا) ایک گروہ ان جن کے پاس بیلوں کی دم کی طرح کوڑے ہوں گے جن سے لوگوں کو ظلماً ماریں گے۔ دوسرا گروہ ان عورتوں کا ہوگا جو (ظاہر میں تو کپڑے پہنے ہوں گی مگر ننگی ہوں گی' مردوں کو مائل کرنے والی اور ان کی طرف مائل ہونے والی ہوں گی) ان کے سر اونٹ کی کوہان کی مانند ہوں گے جو جھکے ہوئے ہوں گے (یعنی سر کے بالوں کو پیچھے سے جمع کر کے اوپر کو فیشن کے طور پر اٹھا دیا کریں گی) یہ عورتیں نہ جنت میں داخل ہوں گی نہ ہی جنت کی خوشبو پا سکیں گی۔ حالانکہ جنت کی خوشبو اتنی دور سے (یعنی پانچ سو سال کی مسافت سے) آتی ہے۔ (مسلم جلد 2 ص 205)۔ **خوشبو لگا کر بازار جانے والی:** حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب عورت عطر لگا کر لوگوں کے پاس سے گزرے کہ لوگ اس کی خوشبو سے محظوظ ہوں تو وہ زانیہ ہے۔ (کنز العمال جلد 16 ص 159)۔ **عورت اور اجنبی مرد:** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ ہرگز خلوت اختیار نہ کرے' الا یہ کہ ذی محرم ہو۔ (بخاری جلد 2 ص 787)۔ **قبرستان اور عورت:** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان عورتوں پر لعنت فرمائی ہے جو قبروں پر جانے والی ہو' اس طرح کی روایت حضرت عبدالرحمٰن بن حسان رضی اللہ عنہ کی بھی ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی بھی ہے۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پا چکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید جگر کو طاقت دے خون بڑھائے چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320 چھوٹی 120 روپے میں)
ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

فرمانبردار بیٹے کیساتھ باپ کا ظلم اور اس کا انجام

سات سال کے بعد اچانک ایک آدمی (ا) کے پاس آیا اور کہا کہ تمہارے والد بہت بیمار ہیں اور تم کو بلا رہے ہیں' (ا) نے اتنا سننا تھا کہ اسی حالت میں دوڑا اور والد کے دروازے پر جا کر خود کو روکا' کانپتے بدن کے ساتھ گھر میں داخل ہوا اور باپ کے قدموں سے لپٹ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج قارئین عبقری کیلئے ناانصافی کا ایک واقعہ لکھ رہا ہوں' اس واقعہ کو لکھتے ہوئے' جسے سن کر میں سوچ میں پڑ گیا کہ کیا والدین اور بہن بھائی بھی ناانصافی کر سکتے ہیں' میں ایک ہومیو ڈاکٹر ہوں اس لیے میرے پاس اکثر مریض آتے رہتے ہیں' ایک م میرے پاس آیا جس کا میں یہ واقعہ تحریر کر رہا ہوں۔ نام (ا) ہے یہ واقعہ اس کے ساتھ 1996ء میں پیش آ اس نے خود بتایا۔ (ا) ایک شریف اور مخلص انسان تھا باپ کی خدمت کرنا' مزدوری کرتا تھا' جب اس کی ش ہوئی تو ایک دن اس کے والدین نے کہا کہ بیٹا تم اب علیحدہ خرچہ مقرر کر دو یعنی ہر جمعہ کو ایک مقررہ رقم ہمیں د یہ سن کر (ا) نے ادب کے ساتھ کہا کہ میں مزدوری کرتا آمدنی مقرر نہیں کر سکتا' آپ کو جتنے پیسوں کی ضرورت سے روزانہ لے لیا کریں' اس کے دوسرے بہن بھائیو اپنے والدین کے کان بھرنا شروع کر دیئے انہوں والدین کو یہاں تک (ا) کے خلاف کر دیا کہ انہوں نے سے کہا کہ تم گھر سے نکل جاؤ' (ا) نے کہا کہ ابو مجھے جی کوئی گھر ملے گا میں گھر چھوڑ کر چلا جاؤں گا جب اس کے اور بھائیوں نے دیکھا کہ یہ گھر چھوڑ کر نہیں جا رہا تو انہوں نے والدین سے کہا کہ آپ بھائی کو عاق کر دیں اور پھر وہ خود ہی گھر سے نکل جائے گا۔ والد نے اپنے بیٹے (ا) کو عا کر دیا اور گھر سے نکال دیا۔ محلے والوں کو جب معلوم ہو سب اس باپ کے پاس آئے اور کہا کہ تم اپنے سب فرمانبردار اور غریب بیٹے کے ساتھ زیادتی کر رہے ہو کہو تو ہم تم باپ بیٹے کی صلح کروا دیتے ہیں' مگر وہ باپ اسی طرح چند ہمدردوں نے (ا) سے دلی ہمدردی کی کہ تمہارے ساتھ ظلم ہوا ہے' (ا) نے کہا کہ میرا اللہ میرے ساتھ ہے' میرا اللہ سب دیکھ رہا ہے' اس کے بعد (ا) گھر سے چلا گیا' چار سال کے اندر اللہ تعالیٰ نے (ا) کو سب کچھ دے دیا' جب اس کے والدین نے اسے گھر سے نکالا تھا اس کے کچھ ہی عرصہ کے بعد ہی (ا) کے والد سیڑھیوں سے نیچے گر گئے اور ان کی کمر پر شدید چوٹ لگی اور وہ سہارا لے کر

چلنے لگے مگر اپنے غریب بیٹے کو بتایا تک نہیں' اسی طرح سات سال گزر گئے' سات سال تک (ا) نے پیچھے گھر والوں کی طرف رخ نہ کیا' اور نہ ہی کبھی والدین یا بھائیوں نے اس کی خیر خبر لی۔ (ا) اندر اندر ماں باپ' بہن بھائیوں کی جدائی

ہے' ہمارے گھر میں بیماریوں نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں' کاروبار تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے' آپ ہمیں معاف کر دیں اور آ کر اپنا کمرہ سنبھال لیں' (ا) نے سب کو معاف کر دیا مگر واپس اس گھر میں جانے کی ہامی نہ بھری اور کہا اب میں علیحدہ اپنے گھر میں خوش و خرم زندگی گزار رہا ہوں آپ کو وہ گھر مبارک ہو اللہ تعالیٰ آپ کو خوشیاں اور ترقیاں عطا فرمائے۔ رہی بات میرے حصے کی تو مجھے اس گھر سے

کوئی حصہ نہیں چاہیے۔ آپ بھائی آپس میں بانٹ لیں۔ اس کے بعد وہ بھائی بھی اب خوش گوار زندگی گزار رہے ہیں۔ قارئین! یہ سن کر میں لکھنے پر مجبور ہو گیا کہ آج کل کے والدین بچوں کے ساتھ واقعی ناانصافی کرتے ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ سب کے ساتھ برابر کا سلوک کرو کسی میں بھی فرق نہ کرو' اگر بچے رب کے حضور جواب دہ ہوں گے کہ انہوں نے والدین کی خدمت صحیح نہیں کی تو والدین بھی اللہ تعالیٰ حضور جواب دہ ہوں گے انہوں نے بچوں میں فرق کیوں کیا؟ ان کی پرورش صحیح طریقے سے کیوں نہ کی؟۔ میں ماہنامہ عبقری میں صرف اس لیے لکھ رہا ہوں کہ شاید اس کے پڑھنے سے والدین اپنے بچوں کے ساتھ برابر کا سلوک کرنا شروع کر دیں اور ان کو بھی آخرت یاد آ جائے کیونکہ آج کل تو خون ہی سفید ہو گیا ہے۔ آپ نے وہ کہاوت تو سنی ہوگی کہ اللہ رب العزت کی لاٹھی بڑی بے آواز ہے یہ اس واقعہ پر پوری اترتی ہے۔ (نعیم اقبال' ملتان)

درد شقیقہ تین روز میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں چند نسخے عبقری کے قارئین کیلئے لکھ کر بھیج رہا ہوں' جو میرے آزمودہ ہیں۔ **درد شقیقہ تین روز میں ختم:** اسطخدوس 4 ماشہ' دھنیا خشک چار ماشہ' کالی مرچ سات عدد' ایک چھٹانک پانی میں پیس کر چھان کر ذرا سی شکر ملا کر سورج نکلنے سے پہلے پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تین روز یہ عمل کرنے سے دردِ سر جاتا رہتا ہے۔ **دانت کا درد:** دانت کے درد کو فوراً غائب کرتا ہے۔ **هوالشافی:** اجوائن خراسانی' کونین ہم وزن ہر دو کو ملا کر منجن بنالیں جہاں درد ہو وہاں اس کو لگا دیں' اگر دانت کے اندر گڑھا ہو تو اس گڑھے کے اندر بھر دیں بہت جلد کرم ہوگا۔ ان شاء اللہ درد ٹھیک ہوگا۔ **پیٹ کے کیڑے نکالنے کا سفوف:** **هوالشافی:** مغز اخروٹ ایک تولہ' خرما ایک تولہ' باؤبڑنگ ایک تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ تین ماشہ تازہ پانی سے کھا لیا کریں یا آڑو کے پتے سات عدد پانی میں پیس کر شکر سفید ملا کر صبح نہار منہ تین روز پلانے سے پیٹ کے کیڑے نکل جاتے ہیں۔ **نسخہ دافع سوزاک:** کتیرا ایک تولہ' تالمکھانہ ایک تولہ' رال سفید ایک تولہ' شکر سفید تین تولہ' کوٹ چھان کر سفوف بنا کر سات پڑیاں بنالیں۔ روزانہ صبح کو گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ کھا لیا کریں۔ سات دن میں ان شاء اللہ آرام ہوگا۔ (محمد حمزہ حنیف' کچہ کھوہ)

خون روک شفاء
حیض اور جسم سے کسی بھی ... خون ... والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آ رہا ہو مثلاً زخمی ہو جانا' پیچش میں خون آ رہا ہو' نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔
لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
Digitized by Google

مرگی! ایک ماہ میں نجات	اپنا گھر پانے کا آزمودہ وظیفہ	معدہ کی مریضہ کیلئے نصیحت
ضدی بچے کا علاج	کمزور بچوں کیلئے ٹانک	تنگی رزق سے نجات

قارئین! زیرِ نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

دسمبر کے جوابات

1۔محترمہ ج صاحبہ! آپ نے سوال کیا کہ آپ کا ایک بچہ ضدی' اور دوسرا انتہائی کمزور ہے' مزید کاروبار میں نقصان اور تنگی رزق ہے۔ تو آپ ایسا کیجئے کہ آپ کا جو بچہ ضدی ہے جب وہ سو جائے تو اس کے سرہانے کھڑے ہو کر تین مرتبہ روزانہ سورۂ کوثر پڑھ کر اس کے سر پر دم کر دیں۔ بیٹا کمزور ہے اس کیلئے روزانہ رات کو سات بادام' سات کھجوریں دودھ میں بھگو دیں' صبح اٹھ کر اسے بادام' کھجور' دودھ اور ایک عدد درمیانے سائز کا سیب کھلا دیں۔ یہ ناشتہ ہوگا۔ ان شاء اللہ چالیس دن بعد اس کی صحت خود لیں' مزید تنگی رزق سے نجات کیلئے آپ تمام گھر والے دن کھلا يَاقَادِرُ يَانَافِعُ پڑھیں۔ ان شاء اللہ برکات کے دروازے کھل جائیں گے۔ (جمشید بٹ' راولپنڈی)

2۔ذاتی گھر پانے کیلئے میرا کیا کئی گھرانوں کا آزمودہ عمل ہے۔ ہمیشہ وضو کرنے سے پہلے اپنا گھر پانے کا تصور کر کے یہ وضو والی دعا ضرور پڑھیں۔ دیکھیں پھر بگڑی کیسے بنتی ہے۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ (عائشہ مجید' لاہور)

3۔بہن! آپ کے تمام امراض کا حل عبقری دواخانہ کا ''معدہ کا السر کورس'' ہے' میری بہن بھی عرصہ دراز سے امراض کی ادویات کھا کھا کر تنگ آ چکی تھی' ہم نے دواخانہ سے یہی کورس منگوایا اور میری بہن گزشتہ آٹھ ماہ سے استعمال کر رہی ہے الحمدللہ! اسی فیصد ٹھیک ہو چکی ہے کے ساتھ آپ عبقری دواخانہ کا ہی ''فنفس فولاد سیرپ'' ماہ ضرور استعمال کریں۔ (اہلیہ سلمان' گوجرانوالہ)

4۔طارق بھائی! آپ اپنی بیٹی کو یہ نسخہ استعمال کروائیے' آزمودہ ہے۔ تمباکو کے پتے 4 ماشہ آدھا کلو پانی میں خوب اچھی طرح ابال لیں تقریباً ایک گھنٹہ پکائیں اچھی طرح چھان کر ایک کپ صبح' شام مریض کو کھانے کے بعد پلائیں انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوگا مدت علاج ایک ماہ ہے۔ مرگی میں تیز مرچ مصالحہ اور چٹ پٹی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ (ثاقب شفیق' کوئٹہ)

فروری کے سوالات

1۔محترم قارئین! میں ایک امید کے ساتھ آپ کی خدمت میں یہ خط لکھ رہا ہوں اور مجھے میرے مسئلے کا حل [illegible] تین سال [illegible] سلپ ہو گیا تھا [illegible] جس کی وجہ سے مجھے مہروں میں تکلیف ہوئی اور فوری طور پر ہسپتال میں داخل کروایا گیا علاج کے بعد مجھے کو [illegible] افاقہ ہوا لیکن [illegible] پاس چلا گیا اور ان کے [illegible] ایم آر آئی اور دیگر میڈیکل رپورٹس کے مطابق ڈاکٹر صاحبان میری [illegible] مہروں کے [illegible] اور فزیوتھراپی شروع [illegible] سے جاری ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل و کرم سے اب میں بیٹھ بھی جاتا ہوں اور واکر کے ذریعے سے کچھ چل بھی لیتا ہوں [illegible] قارئین [illegible] فرمائیں اور کوئی روحانی وظیفہ ہو جائے تو کیا ہی بات ہے۔ (محمد اکبر لودھی' کراچی)

2۔محترم قارئین! کبھی میری ہارٹ بیٹ تیز ہو جاتی ہے اور ہاتھ [illegible] ہو جاتے ہیں اور سارے جسم میں درد [illegible] ہوتی ہیں' نظر بھی کمزور ہے' آنکھوں میں بھی درد ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور مسئلہ بھی ہے [illegible] اپنا گھر فروخت [illegible] چاہتی ہوں اس کیلئے مجھے کوئی اچھا سا وظیفہ عنایت فرمائیں [illegible] اچھی قیمت پر بک جائے۔ (م۔ن' لاہور)

3۔قارئین! [illegible] میری جان نہیں چھوڑ رہا [illegible] میں مبتلا ہوں' اس کے علاوہ روزانہ رات کو ناپاک ہو جاتا ہوں۔ شادی کی بہت زیادہ طلب ہے۔ خدارا مجھے کوئی اپنا آزمودہ وظیفہ و نسخہ عطا فرمائیے! (پوشیدہ)

4۔میرا بڑا بیٹا مجھے بہت تنگ کرتا ہے' پہلے بہت لائق تھا' لیکن اب چند سالوں سے اس کا دل پڑھائی میں نہیں لگتا' پہلے پانچ وقت کا نمازی تھا' اب صرف بمشکل جمعہ کی نماز پڑھتا ہے گزشتہ تین ماہ سے کالج نہیں گیا۔ آگے امتحان ہے نامعلوم پھر کیا کرے گا؟ خدارا مجھے کچھ بتائیے۔ (اہلیہ م' لاہور)



مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: کلی احمد پوری

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے محبت کرو ان نعمتوں کی وجہ سے جو اس نے تمہیں عطا فرمائیں اور مجھ سے محبت کرو اللہ کی محبت کے سبب اور میرے اہل بیت سے میری محبت کی خاطر محبت کرو۔'' (ترمذی' حاکم' امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث حسن ہے)۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے بتایا کہ سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والوں میں، میں (یعنی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود) فاطمہ، حسن اور حسین (رضی اللہ عنہم اجمعین) ہیں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ ہم سے محبت کرنے والے کہاں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پیچھے پیچھے''۔ (اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا ہے کہ اس کی حدیث کی اسناد صحیح ہیں۔) (اخرجہ الحاکم فی المستدرک 163/3، الرقم: 4723)۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے پاس سردار عرب کو بلاؤ' میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ عرب کے سردار نہیں؟ فرمایا: میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کے سردار ہیں'' (اخرجہ الحاکم فی المستدرک 152/3، الرقم 4682) (امام حاکم' ابونعیم)

بچے کھانا نہیں کھاتے ان کیلئے میرا آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اس میں بہت کام کے ٹوٹکے' نسخہ جات اور وظیفے ہوتے ہیں۔ میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ان بچوں کیلئے ہے جو بچے کھانا نہیں کھاتے۔

ھوالشافی: مصری ایک چائے کا چمچ لے کر ایک کپ پانی میں ابال کر بچے کو پلا دیں۔ ان شاء اللہ وہ کھانا پینا شروع کر دے۔ یہ میں اپنے بچوں کو پلاتی رہی۔ الحمدللہ! انہوں نے کھانا پینا شروع کر دیا ہے۔ (رضیہ سلطانہ' لاہور)

اکسیر البدن کامیاب بچپن لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ' اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف 300/- روپے

خواب اور روشن تعبیر

☆ میری بیوی پر اثرات ہیں ☆ جب میری منگنی ٹوٹی ☆ میاں بیوی میں غلط فہمی ☆ حسد کی بنیاد پر بندش ☆ گھر کے اندر جن نظر آتا ہے ☆ رزق کی تنگی دور ☆ کالے جوتے ☆ نسبت دین اور بھاری ذمہ داری

عمل جاری رکھیں: میں کئی روز سے قرآن پاک کے خواب دیکھتا ہوں۔ قرآن پاک کی آیت، کبھی قرآن پاک کی آیت کے نمبر کبھی میں قرآن پاک پڑھ رہا ہوتا ہوں۔ (میری بیوی پر اثرات ہیں، میں اس کے لیے سورۂ بقرہ کی آیات پڑھتا تھا، اس کے بعد مجھے قرآن پاک کے خواب نظر آنے لگے ہیں)۔ (شفیق۔ نواب شاہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جس مقصد کے لیے آپ قرآن پاک کی تلاوت کررہے ہیں اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

جب منگنی ٹوٹی تھی: میں نے دیکھا کہ میری شادی ہورہی ہے اس شخص سے جس سے میری پہلے منگنی ٹوٹی تھی۔ پریشان ہوتی ہوں۔ سوچتی ہوں کہ میں تو شادی شدہ ہوں پھر کیوں میری شادی ہورہی ہے۔ میں نے یہ بھی دیکھا کہ میرے پاس میرا بھتیجا ہے اور میں اس کو صاف کررہی ہوں جبکہ میری بہت لمبی چٹیا ہے۔ (غ۔ راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے خاندان ہی کے کسی فرد نے آپ کے خلاف آپ کے شوہر کو ورغلایا ہے، تاہم یہ غلط فہمی ان شاء اللہ دور ہوجائے گی اور حالات بہتر ہوجائیں گے۔

غلط فہمی ختم: میں نے دیکھا کہ میرے واش روم میں گندگی ہے اور میں نے اس کو صاف کرنے کے لیے تین سفید بالٹیاں جس میں شفاف پانی ہے، استعمال کیں پھر دیکھا میں اپنے شوہر کے ہمراہ انگلینڈ میں رہ رہی ہوں اور وہ مجھے ایک تھیلی مالٹے اور ایک بڑی تھیلی میں سیب دیتے ہیں۔ (ش، پشاور)

تعبیر: آپ کے دونوں خواب اچھے ہیں اور اس میں اس بات کا اشارہ ہے کہ جو غلط فہمی آپ کے شوہر کو آپ سے پیدا ہوگئی ہے ان شاء اللہ دور ہوجائے گی۔

تنگی رزق دور ہوگی: میں نے دیکھا کہ ہمارے گھر کے قریب کسی کی شادی ہورہی ہے۔ ہمارے گھر والے شادی پہ گئے ہوئے ہیں۔ میں اپنی بلڈنگ کے نیچے بیٹھا ہوں، میرے دوست بھی میرے ساتھ بیٹھے ہیں۔ میں نمکین بسکٹ ایک بوتل میں ڈالتا ہوں اور دوستوں سے کہتا ہوں کہ آپ لوگ بھی کھاؤ۔ وہ کھاتے ہیں پھر میری بہن نے کسی کے ہاتھ چھوٹا بچہ بھیجا ہے کہ اسے گھر میں سلادو تو میں اسے اپنے گھر میں لے جاتا ہوں پھر میری بھتیجی مجھے کہتی ہے کہ میری کوئی چیز الماری کے پیچھے گرگئی ہے' مجھے اٹھا کردو تو میں اٹھا کر دیتا ہوں۔ اس کے بعد میں لسی پیتا ہوں، میری بھتیجی کہتی ہے کہ [illegible] دوپٹہ [illegible] تا ہوں [illegible] تھوڑی سی [illegible] وہ چپے [illegible] گھر کے اندر کوئی جن نظر آتا ہے [illegible] مجھ سے لپٹ کر روتی ہے اور [illegible] کچھ بھی نہیں رہی۔ میں آیت الکرسی پڑھ کر اس پر دم کرتا ہوں۔ (زوہیب' لاہور)

تعبیر: آپ کا خواب ماشاء اللہ بہت اچھا ہے [illegible] اس بات کا اشارہ ہے کہ [illegible] الکرسی پڑھتے رہنے [illegible] کی رزق کی تنگی دور ہوجائے گی۔ آپ روزانہ 41 مرتبہ ایک وقت مقرر کرکے آیت الکرسی پڑھ کر اپنے مقاصد کے لیے دعا کرلیا کریں۔

حادثے سے حفاظت: میں نے دیکھا کہ میں اور میری بہن جہاز میں بیٹھے [illegible] ہم دونوں جہاز کے دروازے کے پاس کھڑے ہیں۔ جہاز اڑ رہا ہے لیکن اس کا دروازہ کھلا [illegible] ہے۔ میں حیران ہوتی ہوں کہ دروازہ کھلا ہونے کے باوجود جہاز کے اندر [illegible] تو گر جانا چاہیے۔ میں جب پیچھے دیکھتی ہوں تو لوگ بہت اطمینان سے بیٹھے ہوتے ہیں اور انہیں کھلے دروازے کی کوئی فکر نہیں ہوتی۔ میں ڈرتے ڈرتے دروازے کے اور قریب ہوتی ہوں اور زور سے دروازے کو دھکا دیتی ہوں تو دروازہ بند ہوجاتا ہے۔ (بنت سلمان' ملتان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ اللہ پاک نے آپ کی اور آپ کے گھر والوں کی بڑے حادثے سے حفاظت فرمادی ہے۔ آپ دو رکعت نفل شکرانہ کے ادا کریں اور حسب توفیق اپنا اور اپنے گھر والوں کی طرف سے صدقہ دیں۔

نسبت دین اور بھاری ذمہ داری: میں نے دیکھا کہ مدینہ منورہ میں کوئی تقریب ہورہی ہے' اس تقریب میں آپ ﷺ بھی موجود ہیں، پھر چند لمحوں بعد آپ ﷺ میرے سر پر عمامہ شریف باندھتے ہیں۔ مجھے آپ ﷺ کا چہرہ مبارک تھوڑا تھوڑا نظر آتا ہے، پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (ق، ج۔ بھکر)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو دین کی نسبت سے کوئی بڑی ذمہ داری ملنے والی ہے۔ آپ اپنا تعلق کسی متبع شریعت وسنت اللہ والے بزرگ سے قائم کریں اور سیرت طیبہ ﷺ کا مطالعہ کرکے اپنی زندگی اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتے رہیں۔

بندش' حسد: میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا ہال ہے جس میں میری کزن کچھ کھارہی ہے اور میں دور سے دیکھ رہی ہوں۔ اچانک میری کزن مجھے بھی کھانے کو کہتی ہے، جو میں کھاتی ہوں وہ شے لکڑی نما چیز ہوتی ہے اور پانی سے تر ہوتی ہے۔ پھر اسی ہال میں میرے جوتے غائب ہوجاتے ہیں۔ میں اور میری کزن جوتے ڈھونڈتے ہیں۔ میری کزن بہت سے کالے جوتے دکھاتی ہے کہ یہ پہن لو لیکن میں وہ کالے جوتے لینے سے انکار کرتی ہوں اور ناامید ہوکر ہال سے نکلتی ہوں کہ اچانک میری کزن میرے پرانے جوتے میرے سامنے پھینک دیتی ہے۔ (میمونہ' فیصل آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے خاندان ہی کے کسی نے آپ پر حسد کی بنیاد پر بندش لگائی ہے لیکن اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ وہ بندش بالآخر ختم ہوجائے گی اور آپ کی شادی کسی اچھی جگہ پر ہونے کا بھی اشارہ ہے۔ آپ سورۂ فلق اور سورۂ ناس 313 بار روزانہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

نزلہ' زکام' سینے کی جکڑن' کھانسی اور دمہ کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درج ذیل نسخہ نزلہ' زکام' سینے کی جکڑن' کھانسی' دمہ اور بچوں کی پسلیاں چلنے کیلئے انتہائی کامیاب ہے۔ **ھوالشافی:** بنفشہ' برگ اڑوسہ' دمہ بوٹی' ملٹھی چاروں چیزیں ہموزن لیکر پیس لیں' آدھ چائے کا چمچ تین کپ پانی میں پکائیں جب پانی دو کپ رہ جائے تو اس میں شہد یا معمولی شکر ڈال کر آہستہ آہستہ پئیں' دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔ نزلہ، زکام، کھانسی' دمہ' بچوں کی پسلیاں چلنے میں بے حد فائدہ مند قہوہ ہے۔ ہمارا تو آزمودہ ہے۔ قارئین بھی آزمائیں۔ (نوید علی' حیدرآباد)

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

نوجوان شفاء!
- قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
- کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
- شادی شدہ و غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
- خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
- نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
- منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن

Digitized by Google

ارواح کے ساتھ لین دین! دورِ جدید کے سچے واقعات

مسز حافظ رحمانی

وہ اپنے فوت ہونے کے بعد میری خالہ کی خواب میں آئے اور کہا عشرت 316 روپے مجھ بھیج دو۔ خالہ نے کہا اچھا میں آپ کے بیٹے سے کہہ دونگی وہ دے دے گا۔ وہ غصہ ہو گئے کہ میں تمہیں کہہ رہا ہوں مجھے تم دو اور پورے 316 ہی دینا

موت کے معنی فنا ہونے کہ نہیں کہ آدمی موت کے آنے کے بعد فنا ہو گیا اور سب ختم بلکہ موت کے معنی منتقل ہو جانے کے ہیں اس جہاں سے اس جہاں میں۔ اس دار سے اس دار اس عالم سے اس عالم کی طرف یہ تو ہوتا ہی رہے گا مگر انسان کی روح بٹ جائے یہ نہیں ہو سکتا اس لیے میں کہہ سکتی ہوں انسان ازلی تو نہیں ابدی ضرور ہے۔ موت کا اصل مقصد ہے کہ اس کے ذریعے عبرت حاصل کی جائے اور اپنے توشہ آخرت کی تیاری ہو۔ اب آتے ہیں روح کے ابدی ہونے کی طرف تو چند ایک واقعات حاضر خدمت ہیں پڑھ کر آپ کو علم ہوگا کہ ہمارے عزیز جو ہمیں چھوڑ گئے ہیں انکا صرف جسم ختم ہوا ہے وہ بھی قیامت تک کیلئے کیونکہ ارشاد ربانی ہے (میرے بندے میں تمہاری انگلیوں کے پورے فنگر پرنٹس بھی تمہیں ہی لوناؤں گا) پورا جسم تو الگ فنگر پرنٹس ہمارے ہمیں کو ملیں گے۔ مگر روح جانے کے بعد بھی ہمارے ایصال ثواب ہماری تکلیف پر پریشان ہماری خوشی پر خوش ہوتی ہیں جیسا کہ ان واقعات سے آپ کو علم ہوگا۔ میری نانی امی جب فوت ہو گئیں تو کافی عرصہ تک ان کی قبر کی زیارت کیلئے کوئی ماموں نہ جا سکے۔ ایک دن ہمارے ایک ماموں جو کہ نانی امی کے سب سے زیادہ فرمانبردار تھے ان کے خواب میں آئیں اور بولیں احسان میرے گھر کی چھت [illegible] ہے۔ میرے کپڑوں پر کیچڑ لگتا ہے کسی دن میرے [illegible] مرمت کروا دینا۔ ماموں اگلے دن اٹھے تو اپنا تمام کام چھوڑ کر بنوں سے گوجرانوالہ گئے (کیونکہ نانی کی قبر گوجرانوالہ میں ہے) وہاں قبرستان جا کر جب قبر کو دیکھا تو اس کی حالت بوسیدہ تھی اور ایک سائیڈ پر سوراخ تھا اور بارش کا پانی سوراخ سے اندر جاتا تھا ماموں نے قبر کی مرمت کروائی اور اس کے بعد اگلی رات پھر دیکھا نانی کافی خوش تھیں اور بولیں چھت صحیح ہو گئی ہے اور کفن بھی صاف ستھرا ہے۔

دوسرا واقعہ: ہماری ایک جاننے والی کی بیٹی کا ہے ماں نے اس کو بستر پر ہر چیز دی' خوب کھلایا پلایا بیٹی کی ہر فرمائش پوری کی بس بیٹی سے صرف ایک بات کی کہ قرآن پاک حفظ کرو۔ بیٹی نے الحمدللہ قرآن پاک حفظ کیا جب وہ قرآن پاک حفظ کر چکی تو ماں نے ایک وعدہ لیا کہ وعدہ کرو جو کچھ بھی ہو ہر حال میں تم مجھے قرآن پاک ایصال ثواب کیا کرو [illegible]

[illegible] مانگتے تھے۔ اگلے دن خالہ اٹھی تو میرے کزن سے پوچھا تمہارے ماموں اتنے پیسے مجھ سے بار بار مانگتے ہیں کیا کروں تو کزن نے کہا کہ آپ کسی مدرسے یا مسجد میں اتنے پیسے دے دیں۔ نزدیک ہی ایک مدرسہ زیر تعمیر تھا۔ خالہ اس میں جا کر پیسے دے آئی اور پھر وہ کسی اور رشتہ دار کے گھر گئیں۔ رات کو وہی پر رہیں تو نماز فجر کی اذان کے بعد اس رشتہ دار نے جس کے گھر خالہ گئیں ہوئیں تھی ان کی خواب میں نانی آئی تو کہنے لگی کہ عشرت کو اٹھاؤ اس کی فجر کی نماز قضا نہ ہو جائے تو اس انکل نے بولا آپا میں عشرت کو اٹھاتا ہوں آپ تو بیٹھیں۔ تو میری نانی پتا ہے کیا بولیں؟ وہ بولی (اسلام) میرے ماموں کا نام تھا اسکے کچھ کاغذات پھنسے ہوئے تھے۔ آج ہی سارے کاغذات صحیح اور مکمل ہوئے ہیں۔ بس میں آتا ہی ہوگا ہم حج پر جا رہے ہیں اور پھر بولی عشرت کو جگا دو نماز کیلئے اور چلی گئیں۔ پھر اس انکل نے میری خالہ کو جگایا۔ جب خالہ نماز پڑھ چکی تو تمام بات بتائی خالہ بولی شاید جو پیسے ماموں مانگتے تھے وہی دینے پر ان کو حج کی اجازت ملی ہے۔

چوتھا واقعہ: یہ واقعہ میرے ابو کا ہے رمضان میں اعتکاف میں بیٹھی تھی تو میں نے دیکھا میرے ہاتھ میں تسبیح ہے ابو کہتے ہیں یہ تسبیح مجھے دے دو مگر آنکھ کھلنے تک میں نے انہیں تسبیح نہیں دی۔ صبح قاری صاحب سے خواب کے بارے میں پوچھا تو وہ بولے آپ کے پاس کچھ ذکر و اذکار ہیں؟ میں نے کہا جی میں نے اپنے ایصال ثواب کیلئے سورۃ ملک پڑھ رکھی ہے تو وہ [illegible] آپ کے ابو آپ سے وہی مانگتے ہیں۔ یہ دن جمعرات کا تھا۔ اسی دن میں نے اپنے لیے رکھی ہوئی سورہ ملک ابو کو ایصال ثواب کر دی پھر آنے والے سوموار کو میں نے خواب میں ایک طویل خواب دیکھا صبح قاری صاحب کو جب وہ بتایا تو وہ بولے آپ سے کوئی نہ کوئی ایسا عمل ہو گیا ہے ایسا کام ہو گیا ہے کہ اللہ رب العزت نے آپ کو گھر بیٹھے حج و عمرہ کا ثواب عطا کر دیا ہے۔ تو میں نے کہا کہ میں نے تو صرف ابو کو سورہ ملک بخشی تو قاری صاحب نے مبارک باد دی۔ دیکھا محترم قارئین عبقری ہمارے عزیزوں کی ارواح ہمارے ہر [illegible] سے نہ صرف واقف ہوتی ہیں بلکہ ان کو اطلاع ہوتی [illegible] آپ جو بھی پڑھ کر یا ان کی طرف سے صدقہ کرتے ہیں ان کو ملتا ہے اور وہ خوش ہوتے ہیں۔ لہٰذا کوشش کریں اپنے پیاروں کو زیادہ سے زیادہ تلاوت قرآن پڑھ کر ہدیہ کریں۔

خونی و بادی بواسیر کیلئے یہ کیپسول کھائیں

قارئین! اگر کسی کو خونی و بادی بواسیر ہے تو انہیں یہ نسخہ ضرور بتا دیں۔ **ھوالشافی:** رسونت' تخم نیم' تخم بکائن تینوں چیزیں ہم وزن لے کر نہایت باریک پیس کر فل سائز کے کیپسول بھر لیں۔ **خوراک:** دو کیپسول صبح اور دو کیپسول رات کو سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ بواسیر خونی و بادی کیلئے نہایت لاجواب نسخہ ہے۔ **پرہیز:** بادی' ثقیل' مرغن' تیز مصالحہ دار اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ (ن۔ع، حیدرآباد)

مشروب عبقری افزا
بوند بوند خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی نمایاں پسند
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے

URDU TUBE
www.urdutubes.com
Digitized by Google

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

گلاب کی چائے کے فوائد | عجوہ کھجور اور اس کے فوائد | زچگی سے پہلے کی پریشانی
نہانے سے پہلے مساج | چھوٹے بچے کو کیا کھلائیں | سردی میں چہرے کے دھبے

عجوہ کھجور کے فائدے: میرے والد عارضہ قلب میں مبتلا ہیں۔ کیا اس مرض میں عجوہ کھجور مفید ہے؟ (عالیہ عمران' لاہور)

مشورہ: کھجور کی بہت اقسام ہیں مگر عجوہ کو فوقیت حاصل ہے۔ حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی پیارے رسول ﷺ نے فرمایا کہ اس عظیم کھجور عجوہ بیماری سے شفاء ہے۔ اگر اسے نہار منہ کھایا جائے تو سے تریاق ہے (مسلم)۔ کوڑھ جیسی موذی بیماری میں دن عجوہ کھجور کے ساتھ دانے روزانہ کھائے جائیں تو ہوتا ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ ''میں بیمار ہوا تو رسول ﷺ تشریف لا انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا تو ٹھنڈک میری ساری چھاتی میں پھیل گئی' پھر فرمایا ''ا کا دورہ پڑا ہے۔ اسے حارث بن کلدہ کے پاس لے ثقیف میں مطب کرتا ہے۔ حکیم کو چاہیے کہ وہ مدینہ کی عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر اسے کھلائے''۔ عجوہ جنت کا تحفہ ہے۔ عجوہ میں غذائی عناصر زیادہ ہونے کی اسے دوسری کھجوروں پر فوقیت حاصل ہے۔ اس کا ذائقہ اور لذیذ ہے۔ مدینہ منورہ کی کھجوروں میں سیاہ عجوہ سب عمدہ ہے۔ اس کی گٹھلیاں پھینکنی نہیں چاہئیں بلکہ انہیں کر رکھ لیں۔ کئی امراض میں مفید ہیں۔ کھجور کی گٹھلی منجن بنایا جائے تو دانتوں کے لیے بہتر ہے۔

صحت مند بچہ: میرا بچہ چار ماہ کا ہے۔ میں اسے ٹھوس غذا دینا چاہتی ہوں۔ مشورہ دیجئے تاکہ میرا بچہ صحت مند (آصفہ' کراچی)

مشورہ: بی بی! چار ماہ کے بچے کو آہستہ آہستہ غذا کی طرف راغب کیجئے۔ کیلا اچھی طرح مسل کر کھلایئے۔ انڈے کی زردی چٹا سکتی ہیں۔ سوجی کا پتلا حلوہ بنا کر کھلایئے۔ سا گودانہ دودھ میں پکا کر دیں۔ مونگ کی دال ایک چمچہ، چاول ڈیڑھ چمچہ، مرغی کی ایک بوٹی ڈال کر کھچڑی پکایئے۔ اچھی طرح گھوٹ اور ہلکا سا نمک ملا کر بچے کو کھلایئے۔ روٹی کا ٹکڑا ہاتھ میں دیجئے۔ اسی طرح گیہوں کا دلیہ کھلا سکتی ہیں۔

یہ سب چیزیں اچھی طرح گھوٹ کر بچے کو کھلایئے۔ بچے کا ہاضمہ ٹھیک ہے تو ڈاکٹر سے پوچھے بغیر گرائپ واٹر یا کوئی ٹانک نہ دیں۔ شہد، پھلوں کا رس، بسکٹ بھی دے سکتی ہیں۔

کرایئے، ولادت کے بعد بھی رنگ ٹھیک ہوجائے گا۔

چہرے پر دھبے: سردی کے موسم میں میرے چہرے پر ہلکے بھورے دھبے پڑ جاتے ہیں۔ آنکھوں کے نیچے کی کھال سکڑنے لگتی ہے جس سے سارا چہرہ خراب لگتا ہے اس کے لیے کوئی گھریلو نسخہ بتایئے میں مہنگی کریمیں استعمال نہیں کرسکتی میری عمر ۲۲ سال ہے (رعنا امیر)

رعنا بی بی! سردیوں میں جلد خشک ہوجاتی ہے اسی وجہ سے

جھریاں پڑتی ہیں۔ جلد نرم رکھنے سے یہ شکایت نہیں ہوتی۔ گاجر کا رس ضرور پیجئے تاکہ آپ کی جلد صحیح رہے۔ سردی کے موسم میں کینو، فروٹر وغیرہ ضرور کھانے چاہئیں آپ ان کے چھلکے سکھا کر بھی رکھ سکتی ہیں۔ چھلکے پیس کر رکھیئے۔ جب ضرورت ہو تو تھوڑے سے پانی میں بھگو کر چہرے پر لگایئے۔ اس میں چند قطرے زیتون کے تیل کے ملایئے چہرے پر ملایئے، چہرے پر ملائمت رہے گی۔ لیموں کا رس ایک چمچہ لیں، آدھا چمچہ شہد، ایک چمچہ عرق گلاب ملایئے، آنکھوں کے نیچے جہاں جھریاں اور بھورے دھبے ہیں۔ ہلکی ہلکی سی مالش کریں۔ یاد رہے کہ نیچے سے اوپر گولائی میں مالش کریں۔ خشک ہوجائے تو لگایئے اور آدھے گھنٹے بعد چہرہ ٹھنڈے پانی سے دھو کر عرق گلاب میں دو قطرے زیتون کا تیل ملا کر کریم کی طرح لگایئے۔

گلاب کی چائے: مجھے کسی نے گلگت سے گلاب کا تحفہ بھیجا ہے۔ سنا ہے اس کی چائے بنتی ہے۔ آپ مجھے اس بارے میں بتایئے۔ اس کے فوائد کیا ہیں اور طریقہ کیا ہے۔ (عبدالرحمن)

مشورہ: ایک دوست گلگت میں ملازمت کرتی تھیں۔ جب آتیں گلاب کے ڈنٹھل، سلاجیت، مختلف قسم کے پتھر لاتیں۔ وہ کہتی تھیں ہم لوگ گلاب کی قدر نہیں کرتے جبکہ غیر ملکی اس کی چائے بنا کر پیتے ہیں۔ اس سے جسم پر موسمی سردی کا اثر نہیں ہوتا۔ نزلہ زکام ختم ہوجاتا ہے۔ چائے بنانے کے لیے ڈنٹھل مسل لیں اور ایک چائے کا چمچہ ڈنٹھل لے کر پانی میں ڈال کر پکایئے۔ جب اچھی طرح کئی جوش آجائیں تو اتار کر دم کریں۔ آدھا چمچہ لیموں کا رس، ایک چمچہ شہد اور چٹکی بھر کالی مرچ ڈال کر پی لیجئے۔

انگریزی ادویات کی گھر سے چھٹی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانہ کی ''شفاء، حیرت اور بنفشی قہوہ'' جب سے گھر لائے ہیں' ان دو ادویات نے ہمارے گھر سے ساری اینٹی بائیوٹک میڈیسنز کی چھٹی کروا دی ہے۔ جب سے ہم نے یہ ادویات گھر میں منگوائی ہیں ہمارے گھر سے نزلہ' کھانسی' گلا خراب غرض موسم سرما کی جو بھی سوغات ہیں سب کا مقابلہ یہ دونوں ادویات بخوبی کرتی ہیں۔ ہم تو جب بھی بنفشی قہوہ تیار کرکے اس میں شفاء، حیرت سیرپ ڈال کر گھونٹ پیتے ہیں' عجب تازگی اور سکون ملتا ہے اور ہر گھونٹ پر آپ اور آپ کی نسلوں کی دعائیں دل سے نکلتی ہیں۔ بہت ہی کمال کی چیزیں بنائی ہیں۔ (ف،س۔لاہور)

جوش جوشاندہ
الرجی کھانسی ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

Digitized by Google

امراض سرما سے بچاؤ کا سب سے بڑا محافظ! چقندر

عابد بھٹی شیخوپورہ

چقندر سردیوں کے لئے بہترین غذا ہے اس کے اہم غذائی اجزاء جسم کا نظام مدافعت مضبوط کرتے ہیں اور جسم میں سردیوں کا مقابلہ کرنے کی قوت پیدا ہوتی ہے۔ چقندر میں موجود غذائی اجزاء خون بہت بناتے ہیں اور جسمانی و ذہنی تکالیف دور کرتے ہیں چقندر کے پتوں کا سوپ اور بغیر پکا کچا چقندر جو کہ ذائقے میں بھی اچھا ہوتا ہے ایک دو ہفتے روزانہ استعمال کرنے والوں کے چہرے پر سرخی جھلکنے لگتی ہے [illegible] بھی مضبوط ہوجاتا ہے۔ یورپ میں چقندر، اس کے [illegible] جز شروع ہی سے بڑی مقدار میں کھائے جاتے ہیں۔ [illegible] اور اس کے اجزاء بہت سے امراض کی دواؤں اور کمزوری [illegible] علاج میں استعمال کئے جاتے ہیں ہمارے یہاں اکثر [illegible] استعمال کرتے وقت شلجم کی طرح اس کے پتے بھی [illegible] دیئے جاتے ہیں حالانکہ ان میں چقندر کے مقابلے میں [illegible] غذائی اجزاء ہوتے ہیں۔ چقندر اور اس کے پتوں سے [illegible] سوپ تیار ہوتے ہیں جو کہ لذیذ ہونے کے ساتھ ساتھ [illegible] طاقت ور ہوتے ہیں۔ چقندر تنہا یا گوشت کے ساتھ [illegible] سالن کھایا جاتا ہے۔ صبح صبح ایک چقندر ناشتے سے آدھا [illegible] پہلے کھانے والے افراد کا رنگ نکھرنے لگتا ہے رنگت [illegible] کرنے والی مہنگی اور کیمیائی اثرات کی حامل کریموں [illegible] بجائے یہ طریقہ استعمال کریں صحت کے ساتھ رنگ بھی [illegible] جائے گا۔ **جگر کے امراض:** چقندر کا رس یا چقندر یرقان [illegible] لئے بھی بہت مفید ہوتا ہے کیونکہ گنے کے رس کی طرح اس [illegible] بھی شکر ہوتی ہے۔ یرقان کے مریض کو چقندر کا رس [illegible] استعمال کرنا چاہیے۔ **جلدی شکایات:** جلد کی ایسی شکایات [illegible] خون کی خرابی کے باعث ہوتی ہیں ان میں بھی چقندر کا [illegible] استعمال بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ جلد پر سرخ نشان [illegible] چہرے پر کیلیں، جلد کا پیلا پڑنا، جسم پر دانے یا پھوڑے [illegible] میں چقندر نہار منہ کھانا چاہیے اور دن بھر میں پانی خوب پینے سے یہ تمام تکالیف آٹھ دس دنوں میں ختم ہوجاتی ہیں۔ **قبض:** قبض کی صورت میں ناشتے کے بعد دوپہر میں کھانا مت کھائیے اور سوتے وقت ابلے ہوئے چقندر پیٹ بھر کر کھائیں اور آدھے گھنٹے بعد وہ پانی جس میں چقندر ابالے گئے ہوں حسب خواہش پی لیں صبح اجابت ہوجائے گی۔ **بالوں کے امراض:** چقندر ابال کر اس پانی سے سر دھونا بالوں [illegible]

تن سازی: تن سازی کا شوق رکھنے والے افراد چقندر یا چقندر کے پتوں کا سوپ استعمال کرکے جسم کی بہترین نشوونما کرسکتے ہیں۔ جسم کے فاسد مادے خارج ہوکر طبیعت چشت رہتی ہے چقندر کے پتوں کو ابال کر روزانہ پیتے رہنے سے جسم [illegible]

[illegible]

شوگر کے بھی مرض میں مبتلا ہوں وہ چقندر استعمال نہ کریں کیونکہ اس میں شکر کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ **خون کا سرطان:** خون کے سرطان میں مبتلا مریضوں کے لئے چقند بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ خون کے سرطان میں مبتلا مریض کو علاج کے ساتھ ساتھ روزانہ ایک کلو بغیر پکے چقندر دھوکر اور چھیل کر دن بھر میں کھلائے جائیں یا چقندر کا رس پلایا جائے تو مریض جلدی صحت مند ہونے لگتا ہے۔

عبقری اور ماں کی ممتا نے نئی زندگی دلادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری نہایت عقیدت سے پڑھتا ہوں اس شمارہ نے میری والدہ کو حوصلہ امید اور مجھے نئی زندگی دلادی۔ اگر یہ ماہنامہ عبقری نہ ہوتا تو شاید میں بھی زندہ نہ ہوتا۔ مجھے موت کے منہ سے [illegible] والا ماہنامہ عبقری ہی ہے۔

[illegible] عمر تقریباً 17 سال ہے اور میں پچھلے 15 سال سے [illegible] کی بیماری میں مبتلا تھا بچپن ہی سے میرے گردے [illegible] تھے لیکن جب میں 14 سال کا ہوا تو میرے دونوں [illegible] فیل ہوگئے اور پھر میں تقریباً 6 مہینے تک ڈائیلائسز [illegible] بری بیماری میں مبتلا رہا اور میرے ڈائیلائسز ہوتے [illegible] اور پھر اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ڈائیلائسز کے دوران ہی [illegible] امی کا تعلق عبقری میگزین سے جڑا اور میری امی نے [illegible] میگزین میں آئے اعمال اور وظائف اور دعائیں [illegible] کردی اور میری ماں نے مجھے بھی عبقری میں آئے ذکر [illegible] پر لگادیا ہم پورا پورا دن ہسپتال میں ہوتے تھے اور [illegible] سارا دن ذکر واذکار کرتے رہتے تھے اور دعائیں مانگتے [illegible] تھے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری دعائیں [illegible] اور میری ماں نے مجھے اپنا گردہ دے دیا۔ جب میرا [illegible] ہوا تو میرا پہلا آپریشن ناکامی کی طرف جارہا تھا [illegible] میری بیماری لاعلاج تھی اور آپریشن کے بعد بھی پرانی [illegible] شروع ہوگئی ہم ایک مہینہ ہسپتال میں داخل رہے پھر [illegible] دوا اور آپریشن ہوئے جو اعمال اور دعاؤں کی بدولت [illegible] ب ہوگئے ہیں۔ میری ماں نے خوب رو رو کر اللہ سے [illegible] زندگی مانگی اور اللہ تعالیٰ عزوجل نے مجھے نئی زندگی دی [illegible] ماں نے سب کی ناراضگی اختیار کرکے مجھے گردہ دیا۔ اللہ تعالیٰ میری ماں کو ہمیشہ خوش رکھے آمین۔ میری ماں نے ہسپتال میں خود بھی بہت اعمال کیے اور دوسروں کو بھی اعمال بتائے اب میرے آپریشن کو پورا ایک سال ہوگیا ہے اور الحمدللہ! میں بالکل ٹھیک ہوں۔ محترم حکیم صاحب! میں آپ کے لیے اور آپ کی نسلوں کیلئے خوب دعائیں مانگتا ہوں کہ اللہ آپ کو دنیا و آخرت دونوں دے آمین اور تسبیح خانہ قیامت تک شاد و آباد رہے۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

نُورتن شفاء
بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی لاعلاج بیماریوں کا
چاہے کینسر کی ہی ہو دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی آزمودہ شافی علاج
150 روپے

Digitized by Google

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT

ہوتے ہیں اور پھل جولائی اگست میں پک کر تیار ہوتا ہے اور دوسری بار پھر اگست میں پھول آتے ہیں اور پھل دسمبر جنوری میں پختہ ہوتا ہے۔ بعض اطباء کے نزدیک کچے پھل کی تاثیر سرد تر اور پختہ پھل کی گرم تر ہے۔ صحت مند معدہ اسے تین سے چار گھنٹے میں ہضم کرلیتا ہے۔ اس میں حیاتین الف اور ج وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ امرود مقوی اور قبض کشا پھل ہے یہ خود تو ہاضم نہیں مگر ہاضمہ درست کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ امرود میں حیاتین ج کی مقدار آم اور لیموں کے مقابلے میں تین گناہ زیادہ ہے اس کے بیجوں میں سب سے زیادہ فولاد کی مقدار ہوتی ہے۔ یہ پیٹ کے گیز سے ختم کر... کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتا ہے امرود کھانے سے دل و دماغ کے علاوہ اعصاب اور اعضائے رئیسہ کی صلاحیت بہتر ہوتی ہے۔ **قوت ہاضمہ:** قوتِ ہاضمہ بڑھانے کیلئے ... عدد امرود کاٹ کر نمک اور سیاہ مرچ چھڑک کر روزانہ کھائیں۔ قوت ہاضمہ کیلئے ایک ٹانک ہے۔ **گھبراہٹ اور بے چینی:** اگر کسی کا دل متلا رہا ہو طبیعت میں گھبراہٹ اور بے چینی ہو تو امرود کھائیں نہیں سونگھنے سے سکون ملے گا اور متلی کی شکایت ختم ہوجائے گی۔ **مسوڑھوں کی سوجن:** منہ میں چھالوں کی شکایت اور امرود کے کچھ پتے ایک لیٹر پانی میں پکائیں جب ایک تہائی پانی رہ جائے تو اس سے غرارے کرنے سے مسوڑھوں کی سوجن اور بدبو سے نجات مل جاتی ہے۔ **بلغم اور قبض:** بلغمی مزاج افراد امرود پر کالا نمک، کالا زیرہ، کالی مرچ اور بڑی الائچی کا پسا ہوا سفوف چھڑک کر کھائیں اس سے قبض دور اور بلغم خارج ہوجائے گی۔ دائمی **قبض:** ایسے افراد جو دائمی قبض میں مبتلا ہوں صبح ناشتے میں آدھ کلو سے تین پاؤ امرود کھائیں کم از کم ایک ہفتہ کھانے سے قبض دور ہوجائے گی۔ (ک۔ش، بہاولپور)

جب اپنے' میاں بیوی کے رشتہ میں دراڑ ڈالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے چار ماہ پہلے میرے اپنوں نے ہم دونوں (میاں بیوی) کے درمیان دیواریں کھڑی کردیں' حاسدوں نے ایسا کردیا کہ میرے گھر میں ہروقت جھگڑا فساد شروع ہوگیا' نوبت الگ ہونے تک چلی گئی میرے بچے بہت زیادہ پریشان' ماں کا ساتھ دیں یا باپ کا؟ پھر میں نے کسی بزرگ کے کہنے پر خاموشی سے گھر سے دور چلا گیا ایک ماہ دس دن بعد جب میں نے اپنے بڑے بیٹے کو فون کیا تو اس نے کہا بابا جی گھر آجائیں ہم آپ کے بغیر نہیں رہ سکتے۔ (جب تک میں گھر سے دور رہا میں نے فون بند کردیا تھا کسی سے بھی رابطہ نہیں کرتا تھا) گھر سے جانے کے چار دن بعد کسی مہربان نے ماہنامہ عبقری رسالہ دیا اس میں ہر مشکل کے حل کیلئے سورۂ قریش پڑھنے کی تاکید کی گئی تھی' پھر کیا ہوا دن رات باوضو ورد کرنا شروع کردیا' اللہ کریم نے مجھ گنہگار پر کرم عظیم فرمایا کہ میرے گھر میں سکون ہوا' بچے خوش ان کی ماں بھی ٹھیک' اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے عبقری رسالہ کی وجہ سے میرے گھر میں سکون عطا فرمایا۔ آج میں پھر سے پرسکون ازدواجی زندگی

مقدار ایک حصہ کم ہوجائے۔ یعنی تین پیالی رس باقی رہ جائے تو اس محلول کو آگ پر سے نیچے اُتار لیں اور ٹھنڈا ہونے دیں۔ اس کے بعد اس محلول کے وزن کے برابر یعنی تین پیالی شہد اس میں ملا کر اچھی طرح مکس کرلیں اور پھر شیشے کی بوتل میں محفوظ کرلیں۔

طریقہ استعمال: روزانہ نہار منہ تین ٹیبل سپون محلول ایک گلاس تازہ پانی میں ملا کر پئیں۔ نسخے کو بغیر پانی کے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ نسخہ ہمیشہ خالی پیٹ لیا جائے (کھانا کھانے کے تین یا چار گھنٹے بعد معدہ خالی ہوجاتا ہے) نوٹ:۔ استعمال کے شروع میں دو چمچے لے سکتے ہیں، بعد میں تین چمچے کرلیں۔ چالیس دن لگاتار استعمال کریں' اس کے بعد ہفتے میں دو مرتبہ استعمال کریں۔ بلڈ پریشر کے مریض اگر نیم گرم پانی میں استعمال کریں تو انتہائی مفید ہے۔ (ج، لاہور)

بیٹی کی شادی کی خریداری سے پہلے دو اسم پڑھ لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید کرتی ہوں کہ ...کریم کی رحمتوں اور عافیتوں کی بارش آپ اور آپ کی ...ں اور ساتھیوں اور مریدان پر سدا برستی رہے۔ آمین! ... آج کل اپنی بیٹی کی شادی کی خریداری کرنے تقریباً ...نہ بازار جاتے ہیں اور بازار جانے سے پہلے یَاقَادِرُ ...عُ چالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اسراف سے بچنے ...عا کرتے ہیں اور اللہ کے رسول ﷺ کی سنت پر ...ی توفیق مانگتے ہیں اور ہر کام میں دلی اطمینان اور خیر ملتی ...۔ الحمدللہ! سب سے بڑی بات ہر چیز مناسب قیمت پر ...ل جاتی ہے۔

...ۂ کہف کا کمال: سفر سے پہلے یہ سورۂ پڑھنے کے ... کسی نے ماہنامہ عبقری میں لکھے تھے' زندگی میں پہلی بار ...ے ایک سفر پر جانا تھا' سو میں نے یہ سورۂ پڑھی اور بے ...آرام اور سکون سے آٹھ گھنٹے کا سفر کرکے میں منزل پر ... جب بھی سفر پر روانہ ہوں ایک مرتبہ سورۂ کہف پڑھ ...پھر آپ خود بولیں کہ واقعی اس سے پہلے کبھی اتنا آرام ...فر نہیں ہوا۔ **روح کو ہدیہ کرنے والا عمل:** اول ...تین بار درود شریف' ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ ...ص پڑھ کر روح کو ہدیہ کرنے والا عمل بے مثال ہے ... بار پڑھ کر بہت سارے لوگوں کو ہدیہ میں بھی کرتی ... اور میرے بچے بھی کرتے ہیں اور جس جس فرد کو ...کرتے ہیں اس کا رویہ ہمارے ساتھ بہت اچھا ہوتا جاتا ہے اور اردگرد کے لوگوں کا رویہ بھی انتہائی حیرت انگیز طور پر خوشگوار ہوتا جارہا ہے اور رنجشیں کم ہوتی جارہی ہیں۔ اس کے علاوہ روزانہ کی بنیاد پر حسب توفیق سب گھر والوں کا صدقہ نکالتی ہوں' اس کے علاوہ جو کسی کام میں رکاوٹ آئے تو فوراً صدقہ دیتے ہیں اور مشکل حل ہوجاتی ہے۔ صدقہ کرنا انتہائی سکون بخش عمل ہے۔ (فریال سید' ملتان)

بے شمار کا آزمودہ! شوگر کورس
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر تا قابل علاج نہیں ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

لندن کے مشہور معالج نے بتایا کھانسی کا انوکھا علاج

سوتے وقت ایک پیالی گرم پانی میں چائے کے 4 چمچے یہ شربت گھول کر اس میں آدھے لیموں کا رس شامل کر کے دھیرے دھیرے پینے سے کھانسی کی تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔ جب بھی کھانسی ستائے اسے پینا مفید ثابت ہوتا ہے۔

جاڑے کے موسم میں پان والوں کی دکان پر لونگ، الائچی، پیپرمنٹ، چونا زیادہ، تمباکو ڈبل کے مقابلے میں "ملٹھی کا پان" کی آوازیں زیادہ سننے میں آتی ہیں۔ خشک اور سرد ہواؤں کی وجہ سے گلے میں خراش اور پھر کھانسی کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ پان میں ملٹھی کا سفوف ڈال کر اس کی پیک نگل لی جائے۔ یہ ایک آزمودہ روایتی علاج ہے۔ ملیٹھی اور اس کا ست "رب السوس" مختلف تکالیف کے لیے بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

یہ ایک پودے کی جڑ ہوتی ہے جو زمین میں کافی گہری جاتی ہے۔ اسے چھیل کر استعمال کرنے سے گویا اوپری چھال دور ہو جاتی ہے اور یوں ملٹھی کے زہر آلود ہونے کا خطرہ نہیں رہتا۔ ملٹھی ذائقے میں میٹھی ہوتی ہے۔

ملٹھی کے مفید اثرات: اس کا استعمال خاص طور پر کھانسی کے لیے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہ بلغم وغیرہ کو اعتدال کے ساتھ پتلا کرتی ہے۔ پیاس اور معدہ کی سوزش (جلن) کے لیے مفید ہوتی ہے۔ عضلات (پٹھے) اس سے قوی ہوتے ہیں۔ حلق کی خشکی دور کرتی ہے اور بلغم خارج کر کے سینے کو صاف کر دیتی ہے۔ دنیا کے مختلف ملکوں میں اسے کھانسی، حلق وغیرہ کی تکالیف کے لیے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔ **سخت ترین کھانسی کا علاج:** کھانسی کی صورت میں یورپ میں اسے السی کے ساتھ جوش دے کر بطور جائے پیتے ہیں۔ اس سے گلے، حلق کی دکھن، خراش اور کھانسی کو بہت آرام ہوتا ہے۔ **لندن کا معالج اور کھانسی کا نسخہ:** مغربی ملکوں کے نباتی معالجین (ہربلسٹ) اسے آنتوں اور پیشاب کی نالیوں سے نزلاوی مادے کے اخراج کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ لندن کے ایک معالج ڈاکٹر میلون کا یہ نسخہ کھانسی کی تکلیف کے لیے بہت مقبول ہے۔ **ھوالشافی:** السی کے بیج 12 گرام، ملٹھی 25 گرام، عمدہ کشمش 125 گرام، تازہ پانی 2 لیٹر۔ پانی میں تمام اجزا ڈال کر دھیمی آنچ پر ڈھک کر اتنا پکائیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ اب اس میں 500 گرام اچھی قسم کا گڑ شامل کر کے چھان کر قوام درست کرلیں۔ سوتے وقت ایک پیالی گرم پانی میں چائے کے 4 چمچے یہ شربت گھول کر اس میں آدھے لیموں کا رس شامل کر کے دھیرے دھیرے پینے سے کھانسی کی تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔ جب بھی کھانسی ستائے اسے پینا مفید ثابت ہوتا ہے۔ ملٹھی معدے اور آنتوں کا زخم بھرنے [illegible] چین کے شمالی صوبوں میں ملٹھی اور اس کے مرکبات کو ایک مفید شربت [illegible] اور ماہرین طب جدید نے [illegible] اور بچوں کے [illegible] بھی مفید ثابت [illegible] اس کے چھال کا لیپ سر کے زخموں اور بغل کی بدبو زائل کرنے میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ ملٹھی کھانسی کے علاوہ نزلہ زکام اور [illegible] (دمہ) میں بھی مفید ہوتی ہے۔ ملیٹھی میں معدے اور آنتوں کا زخم بھرنے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔

ملٹھی کے مضر اثرات: یورپ اور امریکا میں ہونے والی تحقیقات کے مطابق ملٹھی کے کیمیائی جوہر گلیسرھیزن کی کثرت سے جسم میں پوٹاشیم کی مقدار کم اور سوڈیم کی مقدار بڑھ جاتی ہے ایک برطانوی ماہر کے مطابق چند ہفتوں تک دن میں دو مرتبہ [illegible] ملٹھی کے استعمال سے جسم میں پانی کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور پوٹاشیم کم [illegible] بلڈ پریشر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ امریکی محکمہ زراعت کے پودوں کے ماہر ڈاکٹر جیمس ڈیوک کے مطابق ملٹھی میں بلاشبہ پیٹ اور آنتوں کے زخم ٹھیک کرنے کی صلاحیت بھی [illegible] خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں۔ ماہرین کی رائے میں ملٹھی کم مقدار میں مفید ہوتی ہے تاہم بلڈ پریشر کے مریضوں کو اس کے استعمال سے پہلے معالج سے ضرور مشورہ کرنا چاہیے۔ اس سلسلے میں معالجین کو ملٹھی کے نقصان دہ پہلو کو پیش نظر رکھ کر ایسے مریضوں کو بہت احتیاط کے ساتھ اسے استعمال کرانا چاہیے۔ ملٹھی کی بڑی خوراکیں اور زیادہ دن اس کا استعمال دل کے لیے سخت مضر ہے۔

روحانی کیفیت

ٹی وی جلانے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! گزشتہ چند سالوں سے تسبیح خانہ سے نسبت ہے آپ کے درس بڑے شوق سے سنتا ہوں اور آپ کے بتائے مسنون اعمال پر حتی الامکان عمل کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ زندگی میں بھرپور سکون ہے۔ تسبیح خانہ سے جڑنے کی بدولت میرے خیالات و احساسات بدل گئے ہیں' میرا دل بدل گیا ہے اور آج جو میں لکھ رہا ہوں وہ میری کیفیات ہیں جن کو تحریر کی شکل [illegible] لگا ہوں۔ محترم حکیم صاحب! آج میرا دل چاہتا ہے کہ خود کو آگ لگالوں یا کچھ کھالوں' وجہ صرف "ٹی وی" ہے۔ آپ درس اور رسالہ میں پوری دنیا کو اعمال دیتے ہیں' [illegible] پر لگاتے ہیں اور درس اور رسالے کی بدولت [illegible] بھری زندگی سے نجات دلاتے ہیں' میں جب سے [illegible] کی دلدل سے نکلا ہوں گھر میں مذاق بنتا جا رہا [illegible] دل جل رہا ہے' بس کوئی ایسی تدبیر' چلہ' دم یا عمل بتائیں کہ یہ منحوس "ٹی وی" جل جائے۔ میری جوان بہنیں' ماں اور بڑے بھائی اکٹھے بیٹھ کر ٹی وی پر بے ہودہ ڈرامے' فلمیں اور گانے دیکھتے ہیں' ایسے ایسے مناظر اکٹھے بیٹھ کر دیکھتے ہیں کہ لکھتے ہوئے میرے ہاتھ کانپ اٹھتے ہیں' دماغ پھٹنے کو آتا [illegible] گھر میں کیا کچھ ہو چکا' کیسے لکھوں قلم بھی شرما رہی ہے' آج لکھنا ضروری ہے اور میں لکھوں گا' بہنیں بے راہ روی پر چل پڑی ہیں' لباس' چال' چلن' لب و لہجہ اور ہر چیز تبدیل ہوگئی ہے' بہنوں کا لباس دیکھ کر میری نظر زمین میں گڑ جاتی ہیں' اب تو بات آگے بڑھ کر بے ہودہ ویڈیوز اور لباسوں تک پہنچ چکی ہے۔ خدارا کوئی عمل بتادیں یا تو یہ ٹی وی جل جائے یا میں جل کر بھسم ہو جاؤں۔ میں بڑا مجبور ہو کر خط لکھ رہا ہوں' دل پھٹا جا رہا ہے' آپ لوگوں کو بے شمار عمل دیتے ہیں آج مجھے ٹی وی جلانے کا عمل چاہیے' مجھے قبرستان میں بیٹھ کر چلہ ہی کیوں نہ کرنا پڑا میں کروں گا' اگر ایسا کوئی عمل نہیں ہے تو دعا کریں میں پھر سے ویسا ہی ہو جاؤں جیسا تسبیح خانہ میں آنے اور آپ کے درس سننے سے پہلے تھا۔ مجھ میں یہ تمام تبدیلی آپ کے درس اور تسبیح خانہ میں نسبت کی وجہ سے آئی۔ میری یہ کیفیت شاید کوئی اور نہ سمجھ سکے۔ مجھے بس اس ٹی وی کو آگ لگانی ہے۔ (ش، ع۔ بہاولنگر)

URDU TUBE
www.urdutubes.com

دردی ہربل بام

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج' لقوہ' عرق النساء' کمر کا درد' پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے' کسی عضو کا پھڑکنا' پنڈلیوں کا درد' نقرس' لاغری' ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا' موچ آجانا' بکل کا تاک لگنا' کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا' جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں۔ قیمت = 80 روپے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

شوہر کی بے توجہی نے میری زندگی تباہ کر ڈالی

کاش! شوہر اپنا حقوق ادا کریں۔ میری ایک منت ہے کہ جسے اسلام نے غیر محرم قرار دیا ہے اس سے کبھی بھی تنہائی میں نہ ملیں' میں گیا تو اصلاح کرنے تھا مگر خود پھنس گیا۔ واقعی اسلام سچا ہے یہ جس چیز سے منع کرے اس پر آنکھیں بند کرکے عمل کریں۔

میری داستان ان شوہروں کے لیے ہے جو اپنی بیویوں کو پاؤں کی جوتی اور خود کو ان کا آقا و حاکم سمجھتے ہیں اور ان کے ساتھ جانوروں سے بھی بدتر سلوک کرتے ہیں۔ ایسے ہی حاکم میرے دور کے ماموں (میری والدہ کے کزن) بھی ہیں جن کے اپنی اہلیہ سے ناروا سلوک نے ان کی اور میری زندگی تباہ و برباد کردی۔ میں آج کی تحریر بڑے حوصلے کے ساتھ لکھ رہا ہوں تاکہ قارئین پڑھیں اور سبق حاصل کریں اور آئندہ سے کوئی شخص یا کوئی عورت میری طرح برباد نہ ہو۔ ہوا کچھ یوں کہ میں خاندان کی ایک شادی کی تقریب میں شامل ہوا تو میری ایک دور کی ممانی جو مجھ سے چھ سال بڑی تھیں اور ان کے چھ بچے تھے کم عمر میں شادی ہوگئی' ان کا فیملی پس منظر یہ تھا کہ ان کے اصل ماں باپ کا پتہ نہیں' ہسپتال سے ہی ایک عیسائی فیملی نے گود لے لیا' سوتیلی ماں نے ظلم وستم کے پہاڑ توڑ دیئے' نوکرانیوں سے بھی بدتر سلوک کرتی' بات بات پر وحشیانہ تشدد کرتی' میری یہ ممانی بچپن سے ہی خوبصورت اور پرکشش تھی' ایک مرتبہ میرے دل پھینک ماموں کی نظر پڑ گئی اور اس کے پیچھے پڑ گئے یہ محترمہ بھی اس وقت اپنائیت اور سہارا ڈھونڈ رہی تھی' ماموں کی لچھے دار باتوں میں آئی اور سب کچھ چھوڑ کر ماموں کے پاس چلی آئی۔ پھر ماموں نے انہیں مسلمان کرکے شادی کرلی' کچھ دنوں بعد ہی ماموں نے اپنے رنگ دکھانا شروع کردیئے اور ممانی پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ دیئے' ممانی ماموں سے صرف اپنے حقوق مانگتی' شوہر کی ایک مسکراہٹ' توجہ کو ترستی اور آگے سے ماموں اسے خوب مارتے' بات بات پر غلیظ ترین گالیوں سے نوازتے اور خود باہر اپنی عیاشی کا ہر سامان کرتے' غیر عورتوں میں خوب مگن رہتے' حتیٰ کہ گھر میں غیر عورتوں کو لاکر ان کے سامنے ممانی کو خوب ذلیل کرتے اور بالوں سے پکڑ پکڑ کر گھسیٹتے۔ منہ پر جوتے مارتے۔ بیوی خوبصورت تھی اور اپنا کردار خراب' جس وجہ سے خوب شک کرتے' بقول ممانی کے بچے تو چھ ہوگئے مگر ہمیشہ شوہر کی محبت اور توجہ سے محروم رہی۔ ہمیشہ روتی کہ جس کی خاطر سب کچھ چھوڑا اس نے میرا کیا حال کردیا۔ اب واپس اپنے موضوع پر آتا ہوں۔ شادی کی تقریب میں میری اس ممانی سے رسمی ملاقات ہوئی اگلے دن ولیمہ تھا تو پھر سب اکٹھے ہوئے تو ممانی نے مجھے کہا کہ کل تم میرے گھر آنا مجھے تم سے ایک ضروری کام ہے' میں اگلے دن حاضر ہوگیا' انہوں نے اپنی مجھے تمام کہانی سنائی جو میں نے اوپر بیان کی ہے' ایک بات بتاتا چلوں میرے یہ ماموں (والدہ کے کزن) ایسے ہی ہیں اور پورے خاندان میں ان کی عیاشی کے ناپاک چرچے ہیں۔ ممانی نے اپنی تمام بات سنانے کے بعد آنسو پونچھتے ہوئے بتایا کہ اب مزید ظلم برداشت نہیں ہوتا میں چاہتی ہوں کہ تمہارے ماموں سے طلاق لے کر کسی دوسرے سے شادی کرلوں ایک شخص ہے جو مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے تمہیں اس کے بارے میں سب پتہ کرنا ہے کہ وہ کیسا ہے۔ ممانی کی یہ بات سن کر میرا دماغ گھوم گیا اور پھر خیال آیا کہ یہ سارا قصور ان کے شوہر کا ہے جن کے رویہ کی وجہ سے آج ان کی بیوی غیر مردوں میں دلچسپی لینا چاہ رہی ہے۔ خیر میں نے سوچا کہ میں نے ان کا دھیان اس گندی سوچ سے ہٹانا ہے۔ میں پھر ان کو خصوصی ٹائم دینا شروع ہوگیا یوں ہمارا ایک دوستی کا رشتہ قائم ہوگیا اور پھر میں جو ان کو غلط راستے سے ہٹانے نکلا تھا خود بھی اسی راستے پر چل پڑا اور ہم گناہوں کی دلدل میں دھنسنا شروع ہوگئے چند ماہ گناہوں کے مرتکب ہونے کے بعد انہوں نے کہا کہ مجھ سے شادی کرلو میں نے کہا یہ ناممکن ہے میری شادی میرے ماں باپ کریں گے یہ ان کا حق ہے تمہارے بچے ہیں معاشرہ کیا سوچے گا؟ قارئین! میری زندگی تباہ و برباد ہوچکی ہے میرا رزق ... سب اجڑ چکا ہے نوکری ختم ... ٹھوکریں کھا رہا ہوں' گناہ کبیرہ مجھے کھا گیا ہے۔ میرا ایک جگہ نکاح ہوا' انہیں کسی نے اس رشتے کی بھنک ڈال دی' انہوں نے اسی وقت کورٹ میں کیس دائر کردیا اور مجھے طلاق دینا پڑی۔ میری معاشرے میں عزت ختم ہوچکی ہے۔ آج ایک ماہ سے زیادہ ہوگیا میں نے تمام رابطہ منقطع کردیا ہے' عبقری پڑھنا شروع کیا' درس سنے' زندگی میں ایک ٹھہراؤ آگیا ہے۔ گزشتہ زندگی

(باقی صفحہ نمبر 54 پر)

URDU TUBE
www.urdutubes.com

معارف اولیاء

صوفیانہ لباس یا اعمال

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سے حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

قارئین! آپ حلقہ کشف المحجوب کے باب ''صوفی کی صحبت'' کا خلاصہ گزشتہ دو ماہ سے پڑھ رہے ہیں اس باب میں مزید پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا فرمایا اس کا خلاصہ ملاحظہ فرمائیں:۔ کبھی بھی یہ نہ سوچنا چاہیے کہ ہمیں صوفیوں جیسا لباس پہننا ہے یہ دیکھنا کہ ہم نے صوفیوں والے اعمال اختیار کرنے ہیں اور صوفی کا ہر عمل سنت کے مطابق ہے صوفی تو یہ دیکھ کر چلتا ہے اس حال میں میرا آقا مجھ سے راضی ہے یا ناراض ہے۔ صوفی تو یہ دیکھ کر چلتا ہے کہ اس وقت میرے لیے سنت والی زندگی کون سی ہے۔ اپنا حال شریعت کے مطابق بنا کر چلتے جائیں اس حال پہ اللہ کریم خوب نوازے گا اور آپ کا شمار اپنے اولیاء میں کردے گا۔ **غم آخرت:** صوفیاء کرام رحمہم اللہ کے دلوں کے اندر ایک غم بیٹھ جاتا ہے وہ غم آخرت ہے۔ مال دار بندہ بھی پریشان زندگی گزارتا ہے اور اولیا کرام رحمہم اللہ بھی متفکر زندگی گزارتے ہیں لیکن اس کی پریشانی دنیا اور مال ہوتی ہے اور ان کی پریشانی آخرت ہوتی ہے اس کی پریشانی یہ کہ وقت کا بادشاہ ناراض نہ ہوجائے وہ اگر ناراض ہوگیا تو ٹیکس لگا دے گا، جرمانہ کردیگا یا میرا مال و اسباب مجھ سے چھین لے گا۔ ان کی پریشانی بھی یہ کہ وقت کا بادشاہ ناراض نہ ہوجائے اور ان کا ہر وقت کا بادشاہ صرف اور صرف اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہے۔ **صوفیائے کرامؒ کی زندگی کے احوال:** ہم اولیا و صالحین رحمہم اللہ کی زندگی کو دیکھا کریں کہ ان کے حال کیسے گزرتے ہیں اور یاد رکھیں! بعض اولیاء کی زندگی میں آپ کو ایسی چیزیں ملیں گی جو شریعت سے ٹکرا رہی ہوں گی وہ حال ہوگا اور حال بھی قابل اتباع نہیں ہوتا یہ باریک بات ہے سمجھا رہا ہوں بعض اوقات صوفیاء کرام رحمہم اللہ کی زندگی کو پڑھتے ہوئے کوئی ایسی چیز بھی سامنے آجاتی ہے۔ دو بزرگوں کی مثال میں دیتا ہوں ایک حضرت حسین بن منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ انکے اوپر اللہ کی محبت کا، عشق الٰہی کا بڑا حال تھا جب بندہ عشق میں کھو جاتا ہے پھر یک جان دو قالب ہوجاتے ہیں پھر اپنا وجود کھو بیٹھتا ہے دوسرے بزرگ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ تھے جنھوں نے فرمایا کہ دیکھو اگر میں حال میں ہوں اور کوئی خلاف شریعت بات کروں تو تلوار لے کر میرا سر قلم کردینا۔

جوہر شفا مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
معدہ کا مسئلہ بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
Digitized by Google

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 110

جناتِ کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

میرا پرانا دوست لوٹ آیا: کل کی بات ہے میں اپنے معمولات' تسبیحات' ذکر اوراد کررہا تھا' اچانک مجھے ایک مخصوص خوشبو محسوس ہوئی وہ میرے پرانے دوست فوقانی ثانی جن کی تھی' وہ میرے ساتھ آکر بیٹھ گیا اور وہ بھی تسبیحات' ذکر اذکار کرنے لگے مجھے چونکہ احساس ہوگیا تو مجھے خوشی ہوئی کہ میرا ایک پرانا دوست مجھے ملنے آیا ہے معمولات سے فارغ ہونے کے بعد میں اپنے دوست کی طرف متوجہ ہوا' حال احوال لیا' پوچھا اتنا عرصہ کہاں رہے؟ کہنے لگے: میں حج پر گیا تو میرے جی میں آیا کہ ساری زندگی مدینہ منورہ میں ہی گزار دوں' پھر میں نے مدینہ میں زندگی گزارنے کا فیصلہ کرلیا اب وہاں سے حکم ملا میں آپ کے پاس آیا ہوں اور یہ پیغام لے کر آیا ہوں انہوں نے مجھے ایک خاص ہستی کا خاص پیغام دیا' ان سے گفتگو رہی' سوالات وجوابات رہے' آپس میں بات چیت ہوتی رہی۔ **جنات زیادہ مکہ میں یا مدینہ میں؟:** میں نے ان سے سوال کیا کہ لوگوں سے سنا ہے کہ سعودی عرب میں سب سے زیادہ جنات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں ہیں آپ کی کیا رائے ہے؟ کہنے لگے: سب سے زیادہ جنات مدینہ منورہ میں ہیں اور وہ پرانے جنات ہیں لیکن ان میں یہودی جنات بہت زیادہ ہیں جو سب سے زیادہ مدینہ منورہ میں اور اس کے بعد خیبر میں ہیں ویسے تو پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں لیکن سعودی عرب میں یہودی جنات بہت زیادہ ہیں۔ **یہودی جن کی باتیں:** میں نے ان سے پوچھا کہ کوئی آپ کو یہودی جن ایسا ملا ہو جس نے آپ کو کوئی یہاں کے واقعات بتائے ہوں' کوئی تجربات کوئی مشاہدات کہنے لگا: ہاں! ایک پرانا جن ہے اور بہت پرانا جن ہے' جن کی صدیوں پرانی عمر ہے اور وہ بڑی عمر پاچکے ہیں ان کے پاس بہت تجربات ہیں' ایسے واقعات اور ایسی انوکھی باتیں ہیں کہ انسان سنتا سنتا خود دیوانہ ہوجائے اور بعض اوقات عقل دنگ رہ جاتی ہے کہ دنیا میں ایسے واقعات بھی ہوتے ہیں اس یہودی جن نے بتایا کہ یہاں مدینہ منورہ کی حدود سے دور یعنی حدود حرم سے دور تمام غیرمسلم جنات رہتے ہیں اور انوکھی بات یہ ہے کہ حدود حرم میں اگر وہ داخل ہوں تو ان کو آگ لگتی ہے اور ان کو سخت

پھر فوقانی ثانی نے مجھے اپنی گٹھڑی میں ایک پتھر دکھایا' پتھر عام پتھروں کی طرح تھے لیکن ہر پتھر معطر تھا اور خوشبو آرہی تھی' میں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ کہنے لگے: یہ وہ پتھر ہیں جن کے اوپر سے حضور نبی کریم ﷺ کی اونٹنی کے پاؤں گزرے تھے۔ ان میں ایک خاص خوشبو تھی اور پھر مجھے دوسری پوٹلی دکھائی وہ پتھر عجیب وغریب پوٹلی کھولتے ہی ایک پل میں پورا کمرہ حالانکہ اندھیرا تھا' روشن ہوگیا اور اس سے خوشبو نکلنے لگی۔ کہنے لگے: مجھے اس مسلمان جن نے اٹھا کر دیئے ہیں یہ وہ پتھر ہیں' جو حضور آقا ﷺ کے مبارک قدموں سے لگے تھے اور ان میں سے وہ پتھر بھی ہیں جہاں بیٹھ کر حضور نبی کریم ﷺ نے تسبیحات کی تھیں اور کچھ جگہ تھوڑا سا ستایا اور آرام فرمایا تھا۔ جہاں جہاں میرے آقا ﷺ نے آرام فرمایا: وہاں کے سارے پتھر سب جنات اٹھا کر لے گئے ہیں یہ کچھ میرے حصہ میں آئے ہیں پھر ایک بار وہ جن مجھے لے کر چلے اور ہم مکہ سے شاہراہ ہجرہ سے آگے چلے' جہاں سے حضور نبی کریم ﷺ نے ہجرت فرمائی تھی۔ **مجھے وہ مقام دکھایا جہاں نبی کریم ﷺ نے پاؤں مبارک رکھے:** مجھے وہ ان راستوں اور مقامات پر لے کر گئے جہاں میرے آقا نبی کریم ﷺ نے اپنے قدم مبارک رکھے تھے یا ان کی اونٹنی نے یا ان کے یار غار حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قدم مبارک تھے پھر اس غار میں لے گئے جس غار میں حضور نبی کریم ﷺ نے دشمن سے پناہ لی تھی۔ اس غار کا ایک انوکھا راز جو آج تک میرے سننے میں نہیں آیا اور ابھی آیا ہے۔ وہ کہنے لگے: آج بھی سارے جنات اس غار میں آکر چند دن گزارتے ہیں' دنیا کا بگڑا ہوا جن جو بدترین گناہوں میں مبتلا ہو اور بدترین زندگی کو پاکر بھی مطمئن تھا جب اس کو اس غار میں لے کر آتے ہیں چند دنوں میں اس کے دل کی دنیا بدل جاتی ہے' اس کی دنیا بدل جاتی ہے اور جذبوں کی دنیا بدل جاتی ہے۔ **وہ جن ولی بن جاتا ہے:** وہ جن نیک ہوجاتا ہے حتیٰ کہ ولی بن جاتا ہے اور صالح بن جاتا ہے اور اس کو اتنا فیض ملتا ہے' اتنی برکات ملتی ہیں کہ گمان خیال اور احساس سے بالاتر۔ فوقانی جن نے مزید کہا کہ وہاں ایک غار میں ایک ایسا کونا ہے جو عام بندے کو اور عام فرد کو علم نہیں' وہ وہ کونا ہے جس کونے سے میرے حضور ﷺ نے ٹیک لگائی تھی اور ایک وہ کونا ہے جس کی طرف میرے آقا ﷺ نے پاؤں مبارک کیے تھے جس کونے کی طرف آپ ﷺ نے پیٹھ مبارک لگائی تھی اگر اس کونے کے ساتھ سر لگا کر اگر ایک تسبیح کوئی بھی مسنون درود پاک پڑھ لیا جائے جو مراد بھی مانگیں ملتی ہیں۔ مشکلات حل ہوتی ہیں' پریشانیاں دور ہوتی ہیں اور زندگی میں ناممکن ممکن ہوجاتا ہے اور جس طرف میرے آقا ﷺ نے پاؤں مبارک کیے تھے اگر غار کے اس طرف دائیں کندھا لگا کر بیٹھیں اور ایک تسبیح استغفار کی

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

Digitized by

کرلیں تو حضور ﷺ کی سچی سنت' اتباع' نیکی' ولایت اور فقیری نصیب ہوتی ہے۔ دل کی دنیا بدل جاتی ہے' جذبوں کی دنیا' من کی دنیا اور سوچوں کی دنیا بدل جاتی ہے اور انسان دن رات ایسے انوکھے کربیٹھتا ہے جس میں اسے ہر طرف خوشبو' بہاریں' کشف' کمالات' فرشتے اور نیک جنات کی ملاقات شروع ہوجاتی ہے۔ **جو مانگے گا ملے گا:** کہنے لگا: غار کے دائیں طرف ایک ایسی جگہ بھی ہے جہاں سواریاں کھڑی کی گئیں (جو سواریاں آپ ﷺ کی ہجرت کے وقت ساتھ تھیں) کوئی شخص اگر وہاں مصلیٰ بچھا کر قبلہ رخ ہوکر دو رکعات نماز نفل پڑھے اسے اب بھی بڑ[illegible] چاہیے' مل جائے گا' بڑی سواری چاہیے مل جائے گی' [illegible] عہدہ حتیٰ کہ بادشاہت اور زندگی کا ہر کمال اس کو مل سک[illegible] جو وہاں دو نفل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جو دعا مانگے قبول [illegible] ہے۔ **میرے آنسو نہیں رک رہے:** میں ان پتھر[illegible] مسلسل سونگھ رہا تھا' میرے آنسو بہہ رہے تھے' جن پتھر[illegible] پر میرے آقا ﷺ نے اپنا مبارک جسم اطہر رکھا [illegible] آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے وہاں آپ ﷺ [illegible] دیر قیام فرمایا۔ وہاں آپ ﷺ نے تسبیحات اور اللہ کی یاد فرمائی۔ میں آنکھوں سے مل رہا تھا اور میری آنکھوں میں انوکھا نور' ٹھنڈک' برکات اور بہاریں گردش کررہی تھیں۔ **چند پتھر مجھے دے دو:** میں نے جرأت کرکے اپنے دوست سے کہا اس میں سے ایک پتھر یا کچھ پتھر مجھے دیں' انہوں نے ان میں سے چند پتھر جو بابرکت پتھر [illegible] وہ مجھے دے دیئے' وہ کیا نعمت ہے؟ وہ کیا برکت ہے؟ وہ کیا سعادت ہے؟۔ **پتھر کی عجب کرامات:** اس میں خوشبو ہی خوشبو ہے' نور ہی نور ہے' راحت اور برکت ہی برکت [illegible] آپ اسے دنیا کے آخری سخت سے سخت تیزاب میں [illegible] دیں وہ پتھر گلیں گے نہیں' تیزاب سے نکال کر سادہ پانی میں ڈالیں' پانی بھی خوشبودار ہوجائے گا پتھر سے پھر سے [illegible] نکلنا شروع ہوجائے گی۔ پانی میں زیادہ دیر رکھیں پانی دودھیا ہونا شروع ہوجائے گا اور کچھ دیر کے بعد دودھ کی شکل اختیار کرلے گا۔ پانی اتنا میٹھا ہوجائے گا کہ بعض اوقات اس میں اور پانی ملانا پڑتا ہے کہ میٹھا نارمل ہوجائے اور ہر سانس' ہر لمحہ اس کی خوشبو بڑھتی چلی جاتی ہے۔ **خوشبو کی برکات:** فوقانی ثانی نے اس کا ایک تجربہ بیان کیا کہ وہ خاص راتیں' وہ خاص گھڑیاں' وہ خاص لمحے جن کی شریعت میں بہت زیادہ تعظیم' تکریم اور عظمت آئی ہے ان میں ان کی خوشبو بڑھ جاتی ہے اور ان کا تجربہ بالکل سچ ہے اور ایسا ہے اور ایسا بالکل حقیقت ہے۔ واقعی خوشبو بڑھ جاتی ہے اور اس کی خوشبو اتنی بڑھتی ہے کہ بعض اوقات کمرہ معطر ہوتا ہے اور دوسرا سمجھتا ہے کہ اس کمرے میں خوشبو رکھی ہے یا دھونی دی ہوئی ہے حالانکہ نہ خوشبو رکھی ہے' نہ دھونی دی ہوئی ہے یہ دراصل اس خوشبو کا کمال اور اس خوشبو کی برکات ہیں۔ یہ **کتنی بڑی سعادت ہے:** یہ کتنی بڑی سعادت ہے؟ جو پتھر میرے آقا ﷺ کے مبارک و معطر جسم اطہر سے لگے' ان متبرک پتھروں کے ساتھ کیا برکات ہیں' آج صدیوں [illegible] کو ڈیڑھ ہزار [illegible] برکات باقی ہیں اور کیوں نہ باقی ہوں' قیامت تک باقی رہیں گی کیوں نہ باقی ہو قیامت تک یہ سعادت باقی رہے گی۔ روح کی دنیا آباد ہو: فوقانی ثانی کہنے لگا: ہر وہ فرد جو یہ چاہتا ہے اس کی روح کی دنیا آباد ہو وجد کی دنیا' کشف کی دنیا' وہ اس غار (غار [illegible]) میں جانا [illegible] غار (غار ثور) میں میرے آقا ﷺ نے دشمن سے پناہ لی۔ میں نے سوال کیا کہ کیا آپ کو کبھی ایسے فرد ملے ہیں یعنی جن سے جس نے مسلمانوں کو پہلے تکلیف دی ہو اور کفار کے ساتھ مل کر جنگ کرتا رہا ہو اور پھر وہ ایمان کی زندگی کی طرف لوٹ آیا ہو۔ روضہ اطہر پر جا کر معافی مانگ: کہنے لگے کئی جنات ملے اور مدینہ منورہ کا میرا یہ طویل قیام مجھے بہت تجربات اور زندگی کے بہت کمالات اور معلومات دے گیا ہے ان معلومات میں یہ چیز سامنے آئی ہے کہ جنہوں نے کبھی حضور ﷺ یا ان کے غلاموں کے ساتھ دشمنی کی ہے اور ان کو تکلیف دی ہے وہ کبھی سکھ اور سکون سے نہیں رہے اور نہ کبھی خیر اور برکت [illegible] نہیں رہے۔ ایک قریشی جن مجھے ملا جس نے غزوہ احد میں مشرکین کا ساتھ دیا تھا اس کا تمام جسم کوڑھی ہو گیا پھر وہ بہت زیادہ روتا رہا آخر ایک بزرگ نے اسے جا کر کہا کہ حضور ﷺ کے روضہ اطہر پر جا کر معافی مانگ' مسلسل چالیس دن جاتا رہا' رو رو کر معافی مانگتا رہا' اس معافی کے بدلے میں اسے ایمان بھی نصیب ہوا اور صحت بھی نصیب ہوئی۔ فوقانی ثانی کہنے لگے کہ میں اس جن سے ملا' جو نو مسلم تھا' وہ ابھی چند صدیاں پہلے ہی مسلمان ہوا تھا لیکن اس کے اندر تقویٰ' تعلق مع اللہ' چہرے پر نور' نور ولایت اور اس کے پاس دعاؤں کی قبولیت کے واقعات اور خود اس کی دعاؤں کی قبولیت کی طاقت اور تاثیر اتنی زیادہ کہ مجھے خود حیرت ہوئی کہ ایک جن بعد میں اسلام قبول کرنے والا اس مقام اور اس مرتبے پر پہنچ گیا ہمیں کتنا مقام اور مرتبے پر پہنچنا چاہیے تھا اور ہم کیوں نہ پہنچ سکے۔ **بس ایک کسک:** بس یہ ایک کسک تھی جو میرے دل میں رہی اور ایک شرمندگی تھی جو میرے احساس میں پیوست ہوگئی اور میرا من' تن' میرے جذبے' میری سوچیں مجھے اندر ہی اندر کرید رہی کہ تو تو پیدائشی مسلمان ہے اور وہ جن تو پیدائشی مسلمان نہیں تھا اس نے کہاں سے کہاں مقام پالیا اور وہ کہاں سے کہاں نکل گیا' آخر ہم اتنا دور کیوں چلے گئے؟ **یہ کتنا عظیم ہے:** میں فوقانی ثانی جن کی باتیں سن رہا تھا اس کی ایک ایک بات میں موتی اور جواہر اور لعل تھے اور وہ اپنے اندر وہ موتی اور جواہر سموئے ہوئے تھا' مجھے اس کا احساس ہوا اس کا درد ہوا کہ یہ کتنا خوش قسمت جن ہے' کتنے نیک جنات سے اس کی ملاقات ہوئی ہے یہ کتنا عظیم ہے کہ یہ نیک اولیاء اور صالح جنات سے ملا ہے۔ مجھے اس پر رشک آیا میں ان پتھروں کو چومتا تھا پھر فوقانی ثانی کو دیکھتا تھا کہ فوقانی ثانی نے مجھے وہ بابرکت پتھر دیئے لیکن یہ ان بابرکت جگہوں پر پھر کر آیا۔ میں نے فوقانی ثانی سے ایک وعدہ لیا کہ اگر میں حج پر آیا تو وہ میرے ساتھ ضرور چلے گا اور ان جگہوں پر ساتھ لے کر چلے گا جو جگہیں اس نے دیکھیں اور قدم قدم گھومیں اور وہ برکات مجھے ضرور بتائے گا اور ہاں! ایک بات اور یاد آئی کہ فوقانی ثانی مجھے اس غار میں لے کر جائے اور وہ ساری جگہیں اور وہ بتائے گا جہاں میرے آقا ﷺ نے اپنی پشت مبارک لگائی اور وہ جگہ بتائے گا جہاں میرے آقا [illegible] اپنے معطر قدم مبارک لگائے اور اس جگہ کے بارے میں ضرور پوچھوں گا بلکہ نفل پڑھوں گا جہاں وہ مبارک سواریاں کھڑی کی گئیں' اس جگہ بیٹھ کر میں درود پاک کی تسبیح پڑھوں گا اور اس معطر پاؤں مبارک والے کونے کی طرف دایاں کندھا لگا کر ضرور استغفار کی تسبیح پڑھوں گا اور اللہ سے اللہ مانگوں گا اور روحانیت مانگوں گا۔ (جاری ہے)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل [illegible] 55 [illegible]

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

URDU TUBE A HOME OF ENTERTAINMENT www.urdutubes.com

انوکھی شفاء مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔ کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔ دوران کھیل کوئی چوٹ' موچ' ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا' اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کردیتا ہے۔
بڑی بات کوئی سائیڈ افیکٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)



Google

سائیکل چلا کر دوبارہ جوانی کی سیڑھی چڑھیے!

پروفیسر عبدالمنان جاوید

مردانہ طاقت کے لیے خاص طور پر پیروں اور رانوں میں خون کی گردش بہت ضروری ہوتی ہے۔ اس تحقیق اور تجربے کے نگران کے مطابق اگرچہ بہتر جنسی صلاحیت کے لیے اس ورزش کی بلا روک ٹوک سفارش ابھی ممکن نہیں ہے لیکن جن افراد کے لیے معالج مناسب قرار دے تو اسے اختیار کر سکتے ہیں۔

کیا آپ یقین کریں گے گھڑ سواری کی طرح سائیکل سواری بھی مردانہ ورزش ہے یعنی ان دنوں ورزشوں سے مرد کی مخصوص صلاحیت اگر کمزور ہوگئی ہو تو بہتر اور بحال کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ پُرجوش مردانہ صلاحیت کے خواہاں ہیں قلب کی تکلیف اس سلسلے میں رکاوٹ بن رہی ہو تو اس کا بہتر اور پائیدار علاج ورزش سے ممکن ہے۔ صحیح غذا، دوا اور ورزش سے کام لیں۔ احتیاط اور ورزش دھیرے دھیرے آپ کو دوبارہ شہسوار بنا سکتے ہیں۔ اٹلی کے شہر انکونا کے ہارٹ انسٹی ٹیوٹ میں پچاس سال کے ایسے تیس افراد کو جو ناکامی قلب کی درمیانی یا معتدل تکلیف کے شکار تھے، ہفتے میں تین دن ایک گھنٹے تک سائیکل چلوانے کے بڑے اچھے نتائج برآمد ہوئے۔ ان سے ورزشی سائیکل چلوائی گئی۔ 8 ہفتوں تک یہ ورزش پابندی سے کرنے کے نتیجے میں ورزش کرنے والوں اور ان کے جیون ساتھیوں نے بھی بہت بہتر اطمینان بخش اور پرجوش صلاحیت کا انکشاف اور اعتراف کیا۔ یہ بات یقیناً آپ کے علم میں ہوگی کہ قلب کے جو مریض نائٹریٹ پر مشتمل قلب کی دوائیں استعمال کرتے ہیں، مشہور مقوی باہ دوا سے بھی مستفید نہیں ہو سکتے، کیونکہ ان دونوں کا باہمی تعامل (INTERACTION) اور اثرات مہلک ثابت ہوتے ہیں۔ اٹلی میں ہونے والے اس تجربے اور مطالعے میں شامل 30 مرد مریضوں میں سے نصف نائٹریٹ استعمال کر رہے تھے۔ گویا قوت بخش دوا سے استفادہ ان کے لیے ممکن نہیں تھا۔ اس تجربے اور مطالعے کے نگران ماہر ایم ڈی کے مطابق ورزشی سائیکل چلانے کے بعد یہ افراد بڑے مطمئن اور پُرجوش رہنے لگے۔ ان کی رائے میں اس ورزش سے دراصل ان کی خون کی رگیں کشادہ ہوگئیں اور ان میں خون کی روانی کے بڑھنے سے وہ اپنی کھوئی ہوئی صلاحیت دوبارہ بحال اور بہتر کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ مردانہ طاقت کے لیے خاص طور پر پیروں اور رانوں میں خون کی گردش بہت ضروری ہوتی ہے۔ اس تحقیق اور تجربے کے نگران کے مطابق اگرچہ بہتر جنسی صلاحیت کے لیے اس ورزش کی بلا روک ٹوک سفارش ابھی ممکن نہیں ہے لیکن جن افراد کے لیے معالج مناسب قرار دے تو اسے اختیار کر سکتے ہیں۔ ورزش جتنی زیادہ کی جائے گی اس کے فائدے بھی اتنے ہی زیادہ ہوں گے۔ معالج اجازت دے [illegible] ورزش دھیرے دھیرے بڑھائی جائے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ کے پہلے [illegible] کے دوران اور بعد میں معالج نگرانی کرتا رہے۔ تجربہ بتاتا ہے کہ سائیکل چلا کر دوبارہ قوت حاصل کرنا ممکن ہے۔ آئیے اب ورزش شروع کر لیں: اب جب کہ آپ اپنا [illegible] پر بالکل سیدھے بیٹھے [illegible] اہمیت اور ضرورت سمجھ [illegible] ہیں، ورزشوں کا سلسلہ شروع کر دینا چاہیے لیکن پہلے [illegible] اور چند اہم امور ذہن نشین کر لیجئے۔ آپ [illegible] ورزش کو اپنی زندگی کی دیگر مصروفیات سے کوئی الگ شے سمجھتے ہیں جس کے لیے صبح یا شام ایک خاص وقت مقرر کرنا ہوتا ہے۔ یہ ورزش مختلف ہو سکتی ہیں مثلاً تیراکی، دوڑ، سائیکلنگ [illegible] یا یوگا کی شکلیں [illegible] آپ [illegible] میں سے کوئی ورزش باقاعدگی سے کرتے ہیں تو یقیناً یہ بڑی مفید اور صحت بخش ثابت ہوتی ہیں۔ دفتری ورزشوں کو ان کا بدل سمجھنا [illegible] کی وجہ سے [illegible] ہونے والی کشیدگی یا ٹینشن سے جسم و ذہن کو آزاد اور دوران خون اور عضلات کو چست رکھتا ہے۔ ہر گھنٹے دو یا تین منٹ میں یہ ورزش کرتے آپ ٹینشن ہی سے نجات نہیں پائیں گے بلکہ آپ کی صلاحیت کار میں بھی اضافہ ہوتا رہے گا۔ ان کی پابندی کام کے ختم [illegible] آپ کو چست اور توانا رکھے گی۔ یہ ورزشیں کرنے سے پہلے ذہن سے یہ بات نکال دیجئے کہ آپ کے پاس [illegible] نہیں [illegible] تسلسل اور [illegible] ورزشیں کرتے رہیے، یہاں تک کہ وہ خود بھی آپ پر ان کے اچھے اثرات دیکھ کر ان کی طرف راغب ہو جائیں۔ آپ کے پیش نظر اپنا فائدہ ہونا چاہیے۔ ہر شخص کے کام کا انداز الگ ہوتا ہے، اسی طرح ذہنی دباؤ اور کشیدگی دور کرنے کے بھی الگ طریقے ہوتے ہیں۔ کوئی چائے سے یہ کام لیتا ہے کوئی کافی، گٹکا، پوری، سگریٹ اور تمباکو بھرے پان سے۔ ان کے بارے میں یہ بتانا ضروری نہیں ہے کہ یہ وقتی طور پر مفید ہوتے ہیں لیکن آگے چل کر صحت کے غارت گری ثابت ہوتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ آپ یہ تمام ورزشیں کر سکیں۔ اگر کسی ورزش کے دوران آپ درد یا بے آرامی محسوس کریں تو وہ ورزش ترک کر دیں غیر ضروری ٹینشن لینے سے ہمیشہ بچنا چاہیے۔ جسم میں درد، علامت ہوتا ہے کہ آپ جسم کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کر رہے ہیں خاص طور پر دفتری ورزشوں کے سلسلے میں اس کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ دوسری ورزشوں کا معاملہ مختلف ہوتا ہے۔ یہ بھی ضروری نہیں کہ ایسی ورزش ترک کر دی جائے۔ رفتہ رفتہ سہولت سے یا بعد میں بھی کی جا سکتی ہے۔ اس سلسلے میں یہ سنہری اصول یاد رکھیے، وہ ہیشہ اپنے جسم کو سنتے رہیے"۔ آپ محسوس کریں گے کہ دفتر میں ٹینشن کا شکار سب سے زیادہ کندھے گردن اور سر رہتے ہیں۔ اس لیے انہیں آرام پہنچانے کے لیے کندھوں اور گردن کی ورزشوں سے آغاز کرنا مناسب ہے۔ ان ورزشوں کے سلسلے میں یہ باتیں ضرور ذہن نشین رکھیے۔ (۱) سانس ٹھیک لینے پر توجہ دیجیے اس طرح آپ کو احساس ہوگا کہ آپ ورزش کیوں کر رہے ہیں۔ (۲) ورزشی حرکات سے مستفید ہونے کے لیے گہرے سانس لینا ضروری ہے۔ (۳) ورزشوں سے بدن اور آپ کے ذہن دونوں ہی میں ہم آہنگی پیدا ہوگی اور چند منٹ کی ورزش ذہنی طور پر آپ کو پرسکون کر دے گی آپ جسمانی طور پر بھی بہتر محسوس کریں گے۔ ورزشوں کے لیے کسی خاص لباس کا اہتمام ضروری نہیں ہے، البتہ گردن کے اطراف کالر وغیرہ تنگ نہ رہے۔ اس طرح ورزشیں آسانی سے ہوں گی۔

کندھے، گردن اور پیٹھ کا بالائی حصہ: بہت زیادہ مطالعے، تحریری کام، ٹائپنگ وغیرہ سے کندھے گردن اور پیٹھ کے بالائی حصے میں کشیدگی کھنچاؤ پیدا ہوتا ہے۔ ورزش سے یہ دور ہو سکتا ہے۔ یاد رہے کہ گردن نازک عضو ہوتا ہے اس لیے اس کو احتیاط سے حرکت دینی چاہیے خاص طور پر اگر یہ اکڑی ہوئی اور اس میں درد ہو۔ بہتر ہے آپ کی گردن دھیرے دھیرے حرکت میں آئے گویا اس کے قریبی پٹھے وارم آپ ہو جائیں۔

کندھے گھمانے کی ورزش: جیسا کہ آپ پڑھ چکے ہیں کرسی پر بالکل سیدھے بیٹھیے۔ دونوں ہاتھ خاکے کے مطابق ڈھیلے ڈھالے لٹکے ہوں۔ اب کندھے چند مرتبہ آگے کی طرف گھمایئے۔ سے پہلے ایک کندھا پھر دوسرا اور بعد میں دونوں گھمایئے۔ بازو اسی طرح لٹکے رہیں۔ کندھے اٹھانے کی ورزش: گہرا سانس لیتے ہوئے کندھے اوپر کی طرف دھیرے دھیرے اچکایئے انہیں (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

Digitized by Google

دعوت کا ایک نسخہ اکسیر

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

دو روز تک مسلسل پروگراموں کے بعد اس حقیر نے رفقاء سے کہا کہ محض پروگرام کر کے چلے جانے سے تو مسئلہ حل نہیں ہوگا' کسی صاحب کے گھر ان لوگوں کے مشورہ کی ایک نشست رکھی جائے جو لوگ بات سے متاثر ہوتے ہیں اور دعوت کا کام کرنے کے لیے آمادگی کا اظہار کیا ہے تاکہ یہاں کام کی شکل کم از کم ایک شہر میں ایک دعوتی ادارہ اور مرکز قائم کر کے ہفتہ واری نشست اور دعوتی پروگرام کا خاکہ عملاً بنا دیا جائے۔ رفقاء نے ایک دردمند صاحب خیر کے یہاں نشست رکھی جنہوں نے یہ نشست اپنے گھر پر رکھنے کیلئے اصرار کیا اور شرکاء کی ضیافت کا نظم کرنے کیلئے بھی کہا' رفقاء کے ساتھ کے معاً بعد یہ حقیر وہاں پہنچا تو ایک رفیق جو ذرا فعال بھی امریکہ کے ایک گورے تاجر کو ساتھ لے کر آ گئے' ملاقات اور بتایا کہ یہ امریکہ کے Tucson شہر کے رہنے والے مگر یہ دہریہ ہیں اور مذہب اور خدا کے منکر ہیں یہ سامنے ملے تو میں نے کہا چلو تمہیں ایک صاحب سے ملائیں گے میرے پاس لے کر آ گیا۔ وقت محدود تھا اور ہم لوگوں کو کام کا خاکہ بنانا تھا' صبح میری فلائٹ تھی تو اس حقیر کو اس طرح ان کا مدعو کو جو دہریہ ہو ساتھ لانا ذرا ناگوار ہوا کہ کسی مذہبی آدمی کے مقابلہ میں کسی دہریہ کو سمجھانے کیلئے زیادہ وقت درکار ہوتا ہے۔ میزبان نے پوچھا کہ پہلے مشورہ کر لیں یا کھانا کھالیں نے اس خیال سے کہ کھانے پر ان سے ذرا بات ہو جائے اور وقت بچ جائے گا کھانا پہلے کھانے کا مشورہ دیا' کھانے پر ہمارے کئی داعی ساتھی ان مدعو سے بات کرتے رہے اور اللہ کے وجود پر دلائل دیتے رہے۔ وہ ذہین آدمی تھے جواب دینے کی کوشش کرتے رہے' اس حقیر کو جس کو دعوت کی الف ب سے واقفیت نہیں ہے محض اپنے حضرت والا کی جوتیوں کے صدقہ میں دعوت کے سلسلہ میں صرف اپنے جرم کا بتکلف اعتراف ہی کر رہا ہے' بڑی مشکل پڑی کہ اب کیا کرے' ایک مدعو آیا ہے اس سے اپنی بساط بھر بات نہ کریں تو جرم اور مشورہ جس کیلئے ان مصروف ترین لوگوں کو مدعو کیا گیا ہے یہ اس سے زیادہ اہم ہے' یہ حقیر دل سے ذرا رب کریم کے حضور فریادرسی کرنے لگا' فوراً راہ کھل گئی کہ ہدایت تو وہاں سے ہی آنی ہے تو اس کو سیدھے وہیں سے رابطہ کا مشورہ دیا جائے' اس حقیر نے عرض کیا کہ آپ کیا چاہتے ہیں کہ جو آپ کہہ رہے ہیں کہ خدا کوئی چیز نہیں کائنات اپنے آپ بن گئی ہے' ہم سب آپ کی مان لیں اور اپنی ہار تسلیم کر لیں' اگر یہ بات ہے تو ہم اپنی شکست تسلیم کرتے ہیں' یا آپ یہ چاہتے ہیں کہ جو حق اور سچ ہے وہ آپ کو معلوم ہو جائے وہ بولے اگر [illegible]

بجائے اللہ تعالیٰ سے مدعو کا رشتہ جوڑنے کی کوشش کرنی چاہیے' خصوصاً جب داعی کو اپنی بات اور دلائل لاحاصل لگ رہے ہوں اور اپنے کو ناکام و معذور خیال کر رہا ہو تو مدعو کو ہادی مطلق سے ہدایت کی بھیک مانگنے کیلئے راضی کرنا چاہیے۔ اس حقیر کا تجربہ ہے کہ جب داعی اپنی کوششوں سے شکستہ دل ہو کر اپنے مدعو کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے تو مدعو کو ہدایت ضرور مل جاتی ہے۔ کاش ہم دعوت کے اس اہم گُر کو سمجھیں!!

ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید

اللہ کی مدد: جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسکے کام میں اللہ کی مدد شامل رہے تو وہ یَاحَلِیْمُ کو ایک ہزار مرتبہ کاغذ پر لکھے یا اس نقش کو پانی میں گھول کر اس کا پانی کام کے مقام پر دیواروں پر مارے۔

سانس ایک خزانے کی مانند: سانس ایک خزانے کی مانند ہے تمہارا کوئی سانس بے کار مت جانے ورنہ قیامت کے دن تمہیں اپنا خزانہ خالی دیکھ کر ندامت اور افسوس ہوگا۔ (ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ) **انجام بخیر کا بہترین عمل:** اسم یَارَحِیْمُ کو روزانہ 258 مرتبہ پڑھنے والا صاحب ایمان ہوگا۔ اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ **سلیقہ شعار عورت:** جس طرح اندھیری رات میں ستارے چمکتے ہیں اس طرح سلیقہ شعار عورت سے گھر کی رونق ہوتی ہے۔ (وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ) **بلغمی کھانسی:** اگر گاجروں کے نچوڑے ہوئے پانی میں مصری ملا کر پکائیں اور چٹنی بنا کر اس میں قدرے مرچ سیاہ کا سفوف ملائیں۔ اس کے کھانے سے بلغم بآسانی نکلتا ہے۔ **مالی تنگی کا حل:** اگر کوئی شخص یَاغَفُوْرُ کو روزانہ 3125 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کی مالی تنگی دور ہو جائے گی اور مالی وسائل کے دروازے کھل جائیں گے۔ **تکبر اور** نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمان کا صدقہ اس کی عمر میں اضافہ کرتا ہے اور بری موت سے بچاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ تکبر اور فخر (کی بیماریوں) کو زائل کرتا ہے۔ **حیض کشا:** تخم گاجر ایک تولہ کوٹ کر پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے شکر سرخ تین تولہ ملا کر ایام حیض میں عورت استعمال کراتے رہیں۔ اس سے حیض کھل کر آتا ہے۔

ہر ایک کی نظر میں قابل تعظیم بننا: جو شخص یَاعَظِیْمُ کو ہزار مرتبہ روزانہ تین سال تک پڑھے وہ ہر ایک کی نظر میں قابل تعظیم بن جائے گا۔

اپنی بیماریوں اور پریشانیوں سے نجات پانے کیلئے آج ہی "ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید" کتاب کا مطالعہ کریں اور اپنے ہر مسئلہ کا حل چھوٹے سے ٹوٹکہ یا عمل سے کیجئے

عبقری کی تمام کتب اور ادویات گھر بیٹھے حاصل کرنے کیلئے صرف اس نمبر پر رابطہ کریں: 0332-7552382

بنفشی قہوہ دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج

درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں

گلے کی خراش، ریشہ، ٹانسلز، چھاتی پر آنے والی کھانسی

بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا

قیمت 120 روپے

Digitized by Google

مختلف پھول اور ان کے جادوئی طبی فوائد

اقراء بانو، لاہور

کہا جاتا ہے کہ زعفران کے پھول کی خوشبو میں یہ جادو ہے کہ سونگھتے ہی ہونٹوں پر ہنسی آجاتی ہے۔ مفرح قلب و جگر ہے، اعصاب اور پٹھوں پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔ دماغ میں تروتازگی پیدا کرتی ہے، ذہنی پریشانی اور خلفشار کو دور کرتی ہے۔

ایروما تھراپی میں کام آنے والے روغنیات، عرقیات، عطریات اور خوشبوئیں مختلف قسم کے پھولوں، پتوں، پیڑوں کی چھالوں وغیرہ سے حاصل کیے جاتے ہیں جب کہ پودے کی طبعی عمر کے مطابق ہی اس سے حاصل کی جانے والی خوشبو چاہے وہ روغن کی شکل میں ہو یا عرق کی، اس کی تاثیر بھی ہوتی ہے۔ پودے پر جب پھول آنے والے ہوتے ہیں اس وقت اگر روغن کشید کیا جائے تو وہ زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ مختلف پھولوں کی خوشبو سے سارے طبی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً **گلاب کے طبی فوائد:** گلاب کی خوشبو مفرح دل و دماغ ہے۔ مقوی ارواح ہے، قوت شامہ کی کمزوری کا ازالہ کرنا مقصود ہو تو گلاب تازہ یا غنچے کو سونگھنا مفید ہے اس کی خوشبو بے خوابی کے عارضہ کو دور کرتی ہے۔ ضعف دماغ و نسیان کے لیے انتہائی مفید ہے۔ **چنبیلی کے مختصر فوائد:** اس کی خوشبو بے خوابی دور کرتی ہے اور سرسام کے مریض پر اچھے اثرات چھوڑتی ہے، خفقان اور ضعف قلب میں گلاب کے پھول کے ساتھ ساتھ چنبیلی کے پھول سونگھنا بھی مفید ہے۔ دانت میں کیڑا لگا ہو تو چنبیلی کے پتے چبانے سے کیڑا ختم ہوجاتا ہے۔ **موتیا کے طبی فوائد:** اس کی خوشبو نیند آور ہے، بے خوابی اور ذہنی پریشانی کو دور کرنے کے ساتھ ساتھ خون کی حدت کو بھی کم کرتی ہے۔ **نیلوفر کے طبی فوائد:** امراض چشم میں اس پھول کا سونگھنا بہت مفید ہے، پیاس کو تسکین دیتا ہے اس کی خوشبو خواب آور ہے۔ **زعفران کے طبی فوائد:** کہا جاتا ہے کہ زعفران کے پھول کی خوشبو میں یہ جادو ہے کہ سونگھتے ہی ہونٹوں پر ہنسی آجاتی ہے۔ مفرح قلب و جگر ہے، اعصاب اور پٹھوں پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔ دماغ میں تروتازگی پیدا کرتی ہے، ذہنی پریشانی اور خلفشار کو دور کرتی ہے۔ **رات کی رانی کے طبی فوائد:** اس کی خوشبو خواب آور ہے، سردرد کو دور کرتی ہے اعصابی تناؤ اور ذہنی تھکاوٹ کو ختم کرتی ہے اور اختلاج قلب میں بھی مفید ہے۔ **گل یاسمین کے طبی فوائد:** تب محرکہ کی اسہالی کیفیت میں اس کی خوشبو کو سونگھنا مفید ہے۔ **مولسری کے طبی فوائد:** اس کے پھول اگر بستر میں رکھے جائیں تو ان کی خوشبو سے سانپ، بچھو بستر پر نہیں آتا اس کی خوشبو نیند آور اور ذہنی پریشانی دور کرتی ہے۔ دوران خون پر اچھے اثرات مرتب کرتی ہے۔ **بیلا کے طبی فوائد:** اس کی خوشبو روان پرور ہے، دوران [illegible] اور [illegible] والی پیدا کرتی ہے۔ نرم [illegible] والوں کیلئے اس کی خوشبو اچھی نہیں ہوتی۔ **کرنا کے پھول کے طبی فوائد:** اس پھول کی خوشبو درد شقیقہ کیلئے مفید ہے۔ مفرح و مقوی قلب ہے ضعف دماغ میں بھی مفید ہے۔ دماغ کے امراض میں فائدہ دیتی ہے۔ **نرگس کے پھول کے طبی فوائد:** نرگس کے پھول کی خوشبو خواب آور ہے، سردرد اور زکام میں فائدہ مند ہے۔ **گیندے کے پھول کے طبی فوائد:** اس کی خوشبو دافع یرقان کیلئے مفید ہے۔ **گل موگرہ کے طبی فوائد:** اس کا سونگھنا دل و دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ **گل چمپا کے طبی فوائد:** اس پھول کو سونگھنے سے [illegible] میں [illegible] فائدہ ہوتا ہے۔ اس کی خوشبو نظام ہضم کو تقویت دیتی ہے، بھوک لگاتی ہے۔ خواب آور ہے اور [illegible] اختلاج قلب کو دور کرتی ہے۔ **کیوڑہ کے پھول کے طبی فوائد:** کیوڑے کے پھول کی خوشبو خواب آور ہے، مقوی اعضائے رئیسہ اور دل و دماغ ہے، سکون بخش ہے۔ **بنفشہ کے طبی فوائد:** اس کی خوشبو آنکھوں کی سوزش اور جلن دور کرتی ہے۔ دافع بخار ہے اور [illegible] میں افاقہ کرتی ہے۔ **املتاس کے طبی فوائد:** اس کی خوشبو معدے کی گرانی اور جلن کو دور کرتی ہے۔ زکام، ناک کا بند ہونا اور کنپٹیوں کی جکڑن کو دور کرتی ہے۔ [illegible] بلڈپریشر کم کرتی ہے۔ **دھریک کے پھول کے طبی فوائد:** دھریک کے پھول کی خوشبو وبائی امراض اور متعدی امراض کو پھیلنے سے روکتی ہے بند ناک اس کی خوشبو سے کھل جاتی ہے اور اس کی خوشبو جسم کے فاسد مادوں کو دور کرتی ہے۔ **گل داودی کے طبی فوائد:** اس پھول کی خوشبو درد شقیقہ کیلئے مفید ہے۔ مفرح و مقوی قلب ہے، ضعف دماغ میں بھی مفید ہے، دماغ کے سرد امراض میں فائدہ دیتی ہے۔ **آم کے پھول کے طبی فوائد:** آم کا پھول جب خوشبو دینے

لگے تو اس کو ہاتھوں پر مسل لیں، چار گھنٹے بعد ہاتھوں میں ایک حیرت انگیز تاثیر پیدا ہوگئی، جس جگہ بچھو بھڑ یا شہد کی مکھی اگر کاٹ لے تو وہاں پر صرف ہاتھ رکھ دینے سے جلن اور درد میں فوراً آرام آجاتا ہے۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت، سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں، شکرگزار ہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے، یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق، اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے، اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 51: جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات** "ایک عربی مقولہ ہے کہ انسان جہاں بیمار ہوتا ہے وہاں کی جڑی بوٹیوں میں اس کیلئے شفاء موجود ہے، پھل سبزیاں اور غیر معروف یا معروف گھاس یہ سب جڑی بوٹیاں ہیں۔ اس کتاب کی تالیف دراصل مخلوق خدا کو ان نباتاتی ثمرات سے آگاہ کرنا ہے جن میں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے شفاء رکھی ہے۔ "جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات" میری ابتدائی کتب میں سے ایک ہے اسے سب سے پہلے خزینہ علم و ادب پبلشرز نے چھاپا۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات، کتب و رسائل سے مدد لی گئی ان کے نام درج ذیل ہیں: قاضی ایم اے خالد۔ حکیم ملک محمد عبداللہ، میانوالی۔ حکیم حامد محمود۔ حکیم عطاء الرحمٰن عمر۔ رشید الدین احمد۔ متین چوہدری۔ عمران شاہ تیموری۔ معظم علی شاہ۔ حکیم محمد خضر حیات۔ سردار رشید۔ حکیم عبدالحفیظ طاہر۔ زبیر احمد رانا۔ ایس اے حکیم قادری۔ پروفیسر سید محمد ادریس بخاری۔ محمد رمضان اطہر۔ سردار رضوی۔ حکیم راحت نسیم سوہدروی۔ محمد منیر اختر۔ خدیجہ آفاق۔ محسن فارابی۔ رسائل: ہمدرد صحت۔ اسرار حکمت۔ قومی صحت۔ طبیب حاذق۔ رہنمائے صحت۔ رسالہ متانہ جوگی۔ اردو ڈائجسٹ۔ ماہنامہ کچن۔ قومی ڈائجسٹ۔ ضیاء الحکمت۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری، پٹھوں کا کھچاؤ، سستی رہنا، دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی، نگاہ کی کمزوری، خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی، ڈیپریشن، ٹینشن، بیزاری، بے قراری ہو تو "عرق شوگر شفاء" جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاندنی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا، عرق شوگر شفاء چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

Digitized by Google

Digitized by Google

میرے شوہر کی گاڑی' چور اور آیۃ الکرسی	میری اہلیہ کا ہیپاٹائٹس اس نسخہ سے ٹھیک ہوا!	میرا خاندانی دم قارئین عبقری کے نام	ہر مسئلہ ہر الجھن' ہر پریشانی کا آزمودہ حل

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں' آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ' ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ' چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

میرے شوہر کی گاڑی' چور اور آیۃ الکرسی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو عمر دراز عطا فرمائے اور آپ کو محتاج خلقت کیلئے وسیلہ خیر و برکت بنائے اور آپ کی آل' اولاد اور نسلوں کی حفاظت فرمائے۔ آمین!

مجھ جیسی ناچیز بندی جب سے تسبیح خانہ اور ماہنامہ عبقری سے جڑی ہے میری تو زندگی ہی بدل گئی ہے' وظائف' ذکر و اذکار کی توفیق نصیب ہوئی ہے' نماز جو بالکل چھوڑ چکی تھی الحمدللہ دوبارہ سے پڑھنے لگی ہوں اور نماز میں دل' دھیان دونوں لگتا ہے' قرآن پاک جو کہ کبھی کھولا نہیں تھا اس کو پڑھنے اور کھولنے کی توفیق مل گئی ہے' درس میں بھی شامل ہوتی ہوں۔ اور تسبیح خانہ کیلئے دعا کرتی ہوں۔ نومبر 2014 کے عبقری میں آیۃ الکرسی اور بدنام زمانہ چور کی توبہ کا واقعہ پڑھا تھا۔ جو کہ میں نے پڑھا اور آزمایا اور توکل علی اللہ نے پورا بھی کیا۔ میرے میاں صاحب سوزوکی پک اپ لوڈر چلاتے ہیں اور اکثر گاڑی کو گلی میں کھڑا کرتے ہیں اور اس دوران ان کی گاڑی میں سے ایک بار نہیں دو بار نہیں بلکہ تین بار چوری ہو چکی ہے' ایک بار دن دیہاڑے تقریباً بارہ بجے چوری ہوئی اور گاڑی کی کوئی بیٹری اتار کر لے گیا اور دو بار رات کو کوئی چور بیٹری چوری کر کے لے گیا' جس کی وجہ سے میرے شوہر بہت زیادہ پریشان رہتے تھے۔ میں نے جب عبقری رسالہ میں آیۃ الکرسی والا عمل پڑھا کہ رات کو آیۃ الکرسی اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے گھر اور ضروری سامان کا تصور کر کے پھونک مار دیں۔ اس عمل کو کرکے میں بے فکری سے سو گئی' اسی دن صبح میرے شوہر نے مجھے ذرا دیا اور بے چینی سے بولے اوہ ہو! رات کو میں گاڑی سے بیٹری نکالنا بھول گیا اور گاڑی کی ایک سائیڈ کا شیشہ بھی کھلا رہ گیا' اب خدا جانے گاڑی میں کیا بچا ہے اور کیا نہیں؟ میں جا کر دیکھتا ہوں' پہلے تو میں بھی سن کر پریشان ہوگئی کیونکہ اس وقت ہم معاشی طور پر کافی تنگی سے گزر رہے تھے اور بار بار چار پانچ ہزار کی بیٹری نہیں خرید سکتے تھے' بہرحال پھر مجھے یاد آیا کہ میں رات کو آیۃ الکرسی پڑھ کر حصار باندھ [illegible] تھی' شوہر کو تسلی دی کہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں جا کر دیکھئے کہ گاڑی کو کسی نے ہاتھ بھی نہ لگایا ہوگا مجھے میرے اللہ تعالیٰ پر پورا یقین ہے' آیۃ الکرسی کی طاقت اپنی آنکھوں سے دیکھنے کیلئے میں [illegible] جلدی سے اپنے شوہر کے ساتھ گلی میں چلی گئی جب دیکھا تو میرے شوہر کو تو یقین ہی نہ آ رہا تھا بار بار گاڑی کو بیٹری کو ہاتھ لگا کر دیکھ رہے تھے واقعی گاڑی کا ایک شیشہ کھلا ہوا تھا اور اندر [illegible] کاغذ [illegible] موجود تھا جس جگہ رکھا تھا۔ سارا سامان ویسے ہی رکھا تھا جہاں چھوڑ کر گئے تھے' [illegible] اللہ رب العزت کے کلام نے جہاں دن [illegible] چوریاں ہوتی رہیں وہاں ساری رات آیۃ الکرسی حفاظت کرتی' سبحان اللہ! یہ سب عبقری کی مہربانی ہے جو ہم جیسے گنہگاروں کی رہنمائی فرما رہا ہے۔ انمول موتی' لاجواب ٹوٹکے بتا رہا ہے۔ ([illegible] لاہور)

میری اہلیہ کا ہیپاٹائٹس اس نسخہ سے ٹھیک ہوا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2005ء میں میری شادی ہوئی [illegible] ہیپاٹائٹس [illegible] باوجود [illegible] کی مریضہ تھی [illegible] ٹیسٹ کروائے تو [illegible] کا وائرس تھا' علاج شروع کروا دیا گیا۔ [illegible] 26 سال [illegible] دونوں [illegible] رنگت سیاہی مائل ہونا شروع [illegible] ماہنامہ عبقری جولائی 2014 کے صفحہ 24 پر "ہر قسم کے یرقان اور ہیپاٹائٹس کا آزمودہ علاج" کے نام ایک تحریر ملی' جو کہ حکیم مراد علی مبارک پوری' حیدرآباد صاحب نے لکھی تھی' میں نے جب مکمل نسخہ پڑھا تو اس کے اجزاء دل کو لگے' اس کی چار بوتلیں بنا کر استعمال کروائیں' میری اہلیہ کی رنگت بالکل ٹھیک ہوگئی' بیماری کے آثار ختم اور چہرے کی رونق اور چمک لوٹ آئی۔ مکمل نسخہ یہ ہے: یہ نسخہ ہر قسم کے یرقان کیلئے اور بہت کام کا نسخہ ہے۔ ھوالشافی: گھیکوار کا مغز 2 کلو' عرق گلاب سہ آتشہ ایک بوتل' سرکہ انگوری ایک بوتل' چینی ایک کلو' پتری فولاد بیس گرام' ہیرا کسیس [illegible] گرام' نوشادر' پھٹکری پانچ گرام' نمک سیاہ پانچ گرام' [illegible] دس گرام۔ ترکیب تیاری: ان ساری چیزوں کو پیس لیں' عرق' سرکہ' گھیکوار کا مغز سب کو آپس میں مکس کر لیں [illegible] کو بھگو دیں۔ صبح کو ہاتھ سے ملیں اور کپڑے سے چھان [illegible] اب یہ تیار ہے۔ بوتلوں میں بھر لیں۔ ترکیب استعمال: 50 گرام شربت کو ایک پاؤ پانی مکس کر کے پلائیں' پھر قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔ نوٹ: ایک مریض کو دو بوتل [illegible]۔ (ج۔ز)

میرا خاندانی دم قارئین عبقری کے نام

اب میں عبقری قارئین کو اپنا خاندانی دم بتاتی ہوں جو میرے دادا صاحب کرتے تھے' وہ حکیم بھی تھے۔ میرے تایا ابو، میرے ابو، میرے بڑے بھائی، چھوٹے بھائی، ہم سب بہن بھائی یہ دم لوگوں کو کرتے ہیں الحمدللہ! لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ جب کوئی جل جائے یعنی آگ سے' گرم پانی یا کسی بھی چیز سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو اول و آخر سات مرتبہ درود شریف اور سات مرتبہ یہ دم پڑھنا ہے

بناں انگار بناں، بناں آکیا نیناں دھاراں
[illegible] شاہ فرید نیناں ہوون ٹھنڈیاں ٹھاراں

ان شاء اللہ جلن ختم ہو جاتی ہے فوراً اور چھالے بھی نہیں بنتے۔ عبقری کو خط لکھنے کو بہت دل کرتا ہے لیکن ہمارے پاس ہر وقت [illegible] ہوتا ہے اور شام کو اپنے بچے آ جاتے ہیں پھر ان کو ٹائم دینا ہوتا ہے۔ (زوجہ قاری محمد سجاد' فتح جنگ)

حکم ربی سے مرض شوگر کا شافی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے کثیر الاشاعت ماہنامہ عبقری کے توسط سے شوگر جسے ذیابیطس بھی کہتے ہیں۔ اس مرض میں ہمارے قریبی عزیز مبتلا تھے اور کافی نڈھال تھے۔ مہنگی ادویات' ڈاکٹری علاج سے بے حال تھے کہ انہیں کسی بزرگ شخصیت نے شوگر کے

جوانی گولیاں — سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہو جائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہو جائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہو جاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑاپن۔ ڈیپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہو جانا۔ ایسی تمام حالتوں میں "جوانی گولیاں" استعمال کریں۔ قیمت 150

علاج کا نسخہ بتایا اور انہوں نے بھی من وعن نسخہ کو تیار کر کے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے دوا استعمال کی اور الحمدللہ ان عزیز کے مطابق اب وہ مکمل صحت یاب ہیں اور میٹھا بھی استعمال کرتے ہیں۔ ان کے مطابق کہ بزرگ نے کہا تھا کہ یہ نسخہ خود استعمال کرکے شوگر کے مریضوں کو یہ نسخہ بتا دینا اس اجازت کے ساتھ میں اپنے عزیز کے بتائے گئے طریقہ کے مطابق نسخہ برائے امراض شوگر سے نجات پیش کر رہا ہوں اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفائے عاجلہ صحت کاملہ عطا فرمائے۔ (آمین) **ھوالشافی:** نیم کی کونپلیں (پتیاں شروع نہنی) اور کالی مرچیں ہم وزن' باہم باریک پیس کر چنے سے کچھ بڑی گولیاں (160) کی تعداد میں تیار کر کے سکھا لیں اور سفیدہ کے درخت کی کونپلیں (پتیاں شروع نہنی) ڈیڑھ کلو کو چار کلو صاف پانی میں قہوہ (پتی' چینی' نمک وغیرہ شامل نہ کریں) صرف درخت سفیدہ کی پتیاں پانی میں پکائیں کہ وہ آدھا رہ جائے۔ پھر اتار کر کانچ کی بوتلوں میں بھر کر رکھ لیں۔ پاک صاف باوضو ہو کر کوشش کریں دو رکعت نفل اول دن شکرانہ برائے شفایابی پڑھ کر استعمال سے پہلے تین یا پانچ مرتبہ درود ابراہیمی اور تین' پانچ یا سات مرتبہ سورۂ فاتحہ مکمل پڑھنے کے بعد پھر تین یا پانچ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے نبی کریم ﷺ کے طفیل شفائے عاجلہ صحت کاملہ کی دعا مانگتے ہوئے دوا حسب ذیل طریقہ سے مسلسل بلاناغہ چالیس دن صبح نہار منہ دو گولیاں ایک کپ سفیدہ کے تیار قہوہ سے استعمال کریں اور اسی طرح رات کو سوتے وقت دو گولیاں ایک کپ سفیدہ کے قہوہ سے استعمال کریں اور چالیسویں دن بھی دو رکعت نفل شکریہ ادا کرتے ہوئے اس نسخہ کو پہنچانے والی بزرگ شخصیت کیلئے دعائے مغفرت فرماتے ہوئے راقم کے والد مرحوم اور امت مسلمہ کے تمام مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی التجا کریں۔ ان شاء اللہ آپ مکمل صحت یاب ہو چکے ہوں گے۔ (محمد انیس قریشی' لانڈھی کراچی)

ہر مسئلہ ہر الجھن' ہر پریشانی کا آزمودہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ نے بے شمار وظائف پڑھے ہوں گے' بے شمار وظائف کے فوائد پڑھے ہوں گے مگر آج میں آپ کو جو آزمودہ اور تیر بہدف وظیفہ بتانے لگا ہوں یہ آج تک خطا نہیں گیا جس نے بھی پڑھا اس کو ملا اور وہ وظیفہ ہے سورۂ یٰسین کا۔ مجھے زندگی میں جو پریشانی' جو مشکل' جو الجھن آتی ہے میں سورۂ یٰسین پڑھتا ہوں اور میرا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ **قرض کی ادائیگی کیلئے:** قرض کی ادائیگی کیلئے سورۂ یٰسین روزانہ باوضو بعد از نماز عشاء سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ جتنا بھی قرض ہوگا اللہ پاک اسے ادا کرنے کی کوئی نہ کوئی صورت ضرور نکال دیں گے' یہ عمل اس وقت تک کرتے رہیں جب تک قرض ادا نہیں ہو جاتا لہٰذا پریشانی چھوڑ کر اس عمل پر کمربستہ ہو جائیں۔ **قیدی کیلئے:** اگر کوئی شخص قید میں ہو اور اس کی رہائی ناممکن یا مشکل ہو تو باوضو 75 مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ لی جائے۔ اگر اکیلا نہ پڑھ سکتا ہو تو چند آدمی مل کر پڑھ سکتے ہیں' ان شاء اللہ بہت جلد ہی قید سے رہا ہو جائے گا۔ ... کہ ایک بیٹھک میں 75 مرتبہ پڑھے ... جو شخص صبح و شام اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے گا اللہ تعالیٰ کی رضا اور محبت نصیب ہوگی۔ **شفاء نصیب ہوگی:** اگر کوئی شفاء کیلئے پڑھے گا تو ان شاء اللہ اس بیماری سے شفاء ہو جائے گی۔ **ایمان کی سلامتی کیلئے:** ... پڑھے گا تو ایمان سلامت رہے گا۔ **مال و دولت کیلئے:** جو شخص صبح و شام سورۂ یٰسین پڑھتا رہے گا کبھی بھوکا ننگا نہیں رہے گا۔ ... مال و دولت کے حصول کیلئے روزانہ تین مرتبہ پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ اس کی یہ خواہش بھی پوری ہو جائے گی۔ سورۂ یٰسین باوضو پڑھ کر پانی کے گلاس پر دم کر لیں اور وہ پانی پی لیں ان شاء اللہ ... بلڈ پریشر نارمل ہو جائے گا۔ ... اور دیگر امراض چشم کے خاتمہ کیلئے ... ایک مرتبہ دم کر کے استعمال کریں ان شاء اللہ ان بیماریوں سے محفوظ ہو جائیں (... واہ کینٹ)

چارپائی کے فائدے اور میری کمر درد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے تقریباً تین سال پہلے سوتے ہوئے ... لگا کہ میرے کندھوں کے پیچھے سخت ہونے لگے ہیں ... یہ خیال کیا کہ لیپ ٹاپ پر زیادہ وقت کام کرنے کی وجہ سے ایسا ہو گیا ہوگا ... کے بعد یوں لگا کہ کندھوں کے جوڑ بھی جیسے بھاری ہوگئے ہیں' سونے کے بعد بھی طبیعت فریش نہ ہوتی' سر بھاری اور آنکھوں میں پانی سا محسوس ہوتا' جیسے تیز ہوا پڑنے کے بعد ہوتا ہے۔ بعدازاں اکڑاؤ گردن میں بھی محسوس ہونے لگا' تھوڑا زیادہ کام کرنے سے تھکاوٹ بہت زیادہ ہو جاتی تھی' جسم ست رہنے لگا' مجھے پریشانی ہونے لگی کہ مجھے نامعلوم کیا بیماری ہوتی جارہی ہے' ماہنامہ عبقری کے ایک شمارہ میں پڑھا کہ اس طرح گردن کا مسئلہ ہو تو فرش پر سنت طریقے کے مطابق سوئیں۔ میں ویسا تو نہ کر سکی مگر ایک طریقہ میرے ذہن میں آچکا تھا کہ میرے اس مسئلہ کا تعلق میرے فوم کے گدے سے ہے' یہ مسئلہ گردن سے شروع ہو کر کمر' بازوؤں' ٹانگوں اور گھٹنوں کے جوڑوں تک جا پہنچا تھا۔ پھر میں نے پوری طرح تنی ہوئی چارپائی پر سونا شروع کر دیا' چند دنوں میں ہی میرے تمام مسائل بفضل باری تعالیٰ ٹھیک ہو گئے۔ اس تجربے کو میں عبقری قارئین کے ساتھ شیئر کر رہی ہوں کیونکہ بہت سے نوجوان بھی ان مسائل کا شکار ہیں۔ اللہ ... نے جو بات ذہن میں ڈالی وہ یہ ہے کہ بیڈ پر سونے ... جو بھی حصہ نیچے ہوتا ہے وہ بُری طرح دباؤ کا شکار ہوتا ہے اور دوران خون اس حصہ میں نارمل نہیں' وہ حصہ آہستہ آہستہ متاثر ہونے لگتا ہے۔ چارپائی ڈھیلی ڈھالی نہ ہو' سخت ... ئی ہو تو بہت بہتر ہے۔ (عبیرہ علی' گجرات)

اگر کوئی بھڑ کاٹ لے تو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا عبقری میگزین بہت شوق سے پڑھتی ہوں اس میں چھپنے والے تمام اعمال بہت اچھے ہیں۔ ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت ہی شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں آئے اعمال بہت اچھے ہوتے ہیں۔ میں نے ایک ٹوٹکہ آزمایا جو قارئین کے ساتھ شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ ٹوٹکہ بالکل سادہ سا ہے کہ مجھے ایک مرتبہ بھڑ نے کاٹ لیا' میں نے اس ... پر فوراً پٹرول لگا لیا' پٹرول کا لگنا تھا کہ نہ درد ہوئی' نہ سوجن ہوئی اور نہ کوئی مسئلہ ہوا' فوراً ٹھیک ہو گئی۔ قارئین! ... کمال کا ٹوٹکہ۔ (ج، نارووال)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

URDU TUBE
A HOME OF ENTERTAINMENT
www.urdutubes.com

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
یوریا یورک ایسڈ اور کریٹینین بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔
Digitized by Google

اسم پڑھا! جادو کروانے والی خواب میں نظر آگئی

جب میں یہ عمل کر رہی تھی اسی دوران ایک رات میں نے خواب میں اپنی قریبی رشتہ دار کو دیکھا جس نے مجھ پر جادو کروایا تھا وہ بول رہی تھی کہ میں نے ''اُن'' (یعنی میرے) کے گھر جادو کروایا تو اب میرے گھر تباہی آنا شروع ہوگئی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور آپ کا ہر عمل قبول فرمائے جو آپ مخلوق خدا کیلئے اتنا نیک کام کر رہے ہیں۔ میں تقریباً ڈیڑھ سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں اور عبقری نے مجھے بہت متاثر کیا ہے۔ میری اچھی خاصی خوش وخرم اور پرسکون زندگی گزر رہی تھی کہ تین سال پہلے میرے شوہر کی اچانک وفات سے میں بکھر گئی ہوں' میرے اپنے سسرال والوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور میرے شوہر بھی مجھ سے بہت خوش تھے' ہم دونوں تو خدا کا شکر ادا کرتے تھکتے نہ تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہر نعمت دی ہے' رزق تھا' اولاد تھی' آپس میں محبت تھی اور سب سے بڑی بات اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنا گھر بھی دکھایا تھا' ہم نے دو بیٹیوں کے ساتھ عمرے کی سعادت بھی حاصل کی تھی۔ شوہر کے جانے کے بعد معاشی مسائل کا بھی سامنا رہا' میرے شوہر کا اپنا کاروبار تھا جو ان کے بعد تقریباً ایک سال تو جیسے تیسے چلتا رہا لیکن اب ختم ہوچکا ہے' میرے شوہر کی اچانک وفات ہوئی تھی اس لیے کاروباری ہونے کی بنا پر ان پر کچھ قرض بھی تھا جیسا کہ عموماً کاروبار میں چلتا رہتا ہے اس ضمن میں گاڑی بک گئی' پلاٹ بک گیا' سونا بھی کافی بک گیا' کاروبار ختم ہوگیا' مگر کچھ قرض اتر گیا۔ میں اکثر سوچتی کہ میرے شوہر بہت ہی اچھے انسان تھے' بہت خوش اخلاق' صاف دل اور نیک دل وہ اپنی کمائی میں سے لوگوں کی ماہانہ مدد کرتے تھے جن کے چھوٹے بچے رہ جاتے تھے یا کمانے والا کوئی نہ ہوتا تھا مگر آج اس کے بچے لوگوں کی مدد کے طلب گار ہیں ایسا کیوں ہے؟ بے شک میری یہ سوچ غلط تھی۔ انہی سوچوں میں ڈوبی تھی کہ کسی نے ماہنامہ عبقری لاکر دیا' اس کو پڑھ کر دل کو کچھ سکون ملا۔ خاص طور پر جنات کا پیدائشی دوست کالم پڑھا اور اس میں دیئے گئے وظائف نے مجھے نئی زندگی دے دی' میں نے اس میں موجود کلمہ کے نصاب پڑھنے شروع کیے اور میری زندگی میں سکون آنا شروع ہوگیا' الحمدللہ! میں نے بی اے کیا ہوا ہے لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلانے کے بجائے خود ہمت کی اور ایک بڑے سکول میں نوکری کیلئے سی وی جمع کروادی' چند دنوں بعد مجھے اس سکول میں نوکری کیلئے بلالیا گیا اب الحمدللہ میں اپنے بچوں کو باعزت اور حلال رزق کھلا رہی ہیں۔ مناسب تنخواہ میں اچھا گزارا ہوجاتا ہے۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کلمہ کا بتایا نصاب جاری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں ماہنامہ عبقری میں آنے والے دیگر اعمال بھی کرنے کی کوشش کرتی ہوں روزانہ ایک تسبیح درود شریف' ایک تسبیح دوسرا کلمہ' تیسرا کلمہ [illegible] آیت کریمہ اور استغفار کی پڑھتی ہوں۔ بس اب ایک ہی تمنا ہے کہ ہر وقت میری زبان پر اور دل میں ذکر الٰہی جاری ہوجائے [illegible] عشق مجازی [illegible] حقیقی [illegible] جائے۔ [illegible] ماہنامہ عبقری سے منقول تھی اس پر روزانہ صبح وشام 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کرتی ہوں الحمدللہ واقعی میری تھیلی کبھی خالی نہیں ہوئی۔ ایک اور بات گزشتہ چند دنوں سے میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا ایک اور عمل وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی (والضحیٰ: 5) [illegible] پاک حالت میں [illegible] پڑھنا شروع کیا ہے الحمدللہ! اس کے بھی بے شمار فوائد ہیں' ہر ضرورت پوری ہوجاتی ہے' میرے بچوں کو کسی چیز کی کمی نہیں ہو رہی ہے۔ الحمدللہ! علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون جنات کا پیدائشی دوست میں آئے اعمال نے مجھے دوبارہ جینے کا سلیقہ عطا کیا ہے۔ (پوشیدہ' ساہیوال)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری نہایت شوق وذوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں دیئے گئے وظائف پڑھتی ہوں اور فائدہ بھی حاصل ہوتا ہے۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میرا پسندیدہ ترین مضمون ہے اور میں آنے والے وظائف بہت ہی زبردست ہیں۔ علامہ صاحب نے چند سال پہلے ایک عمل یَاقَھَّارُ کا بتایا تھا' میرے مسائل بہت زیادہ تھے' مجھ پر اور میرے تمام گھر والوں پر شدید ترین سفلی عمل کروایا گیا تھا۔ میں نے اس سے نجات کیلئے سارا دن کھلا اور صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیحات اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ یَاقَھَّارُ پڑھتی ہوں۔ جب میں یہ عمل کر رہی تھی اسی دوران ایک رات میں نے خواب میں اپنی قریبی رشتہ دار کو دیکھا جس نے مجھ پر جادو کروایا تھا وہ بول رہی تھی کہ میں نے ''اُن'' (یعنی میرے) کے گھر جادو کروایا تو اب میرے گھر تباہی آنا شروع ہوگئی ہے اور ساتھ میں نے ایک اور خواب دیکھا کہ دو عورتیں میرے سر کے اوپر تاروں کا جال بنا رہی ہیں ان دو عورتوں کی شکل واضح نہیں تھی۔ مجھے تین سال پہلے یرقان ہوا تھا بہت علاج کروایا کوئی فائدہ نہ ہوا' ڈاکٹروں نے مجھے لاعلاج کردیا تھا میں بہت مایوس ہوگئی۔ میں نے اس کیلئے بھی یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا ہے اور میری صحت حیرت انگیز طور پہلے سے کافی بہتر ہورہی ہے۔ اللہ پاک آپ کو اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کو اس کا اجر دے۔ (پوشیدہ)

اب میرے دو بیٹے ہیں!

علامہ لاہوتی پراسراری صاحب السلام علیکم! میری شادی کو چار سال کا عرصہ گزر چکا ہے' اس عرصہ میں میرے [illegible] حمل ضائع ہوگئے۔ پھر ماہنامہ عبقری میں آپ کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں آپ کا بتایا کلمہ کا نصاب پڑھا' میں نے دوران حمل سات کلمہ کے نصاب پڑھے' اس وظیفے کی بدولت اللہ تعالیٰ نے مجھے بیٹا عطا فرمایا۔ الحمدللہ اب میرے دو بیٹے ہیں۔ کلمہ کا نصاب اس طرح پڑھنا ہے کہ کلمہ کا پہلا حصہ لا الٰہ الا اللہ کو ستر ہزار مرتبہ پڑھیں تو وہ ایک نصاب بنتا ہے۔ ایک یا دو تسبیح کے بعد لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ مکمل پڑھیں پھر دوبارہ سے بسم اللہ مکمل پڑھ کر لا الٰہ الا اللہ پڑھنا شروع کردیں۔ (مسز عاطف' ملتان)

اب کلاس فیلوز پوچھتی ہیں کونسی کریم لگاتی ہو؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ سردیوں میں میرے ہاتھ بہت زیادہ خراب ہوجاتے تھے' میں مہنگی سے مہنگی کریموں اور لوشن استعمال سے تنگ آچکی تھی' پھر میری دوست (غ) نے بتایا کہ تم رات کو کچن کے کاموں سے فارغ ہو کر سونے سے پہلے ایک لیموں کا رس اور ایک چمچ شکر لے کر مکس کرو اور پھر دونوں ہاتھوں سے مساج کرو' جب تک خشک نہ ہوجائے' پھر نیم گرم پانی سے دھولو۔ میں نے یہ صرف چند دن کیا تو میرے ہاتھ اتنے خوبصورت ہوگئے کہ میں خود بھی حیران ہوئی اور اب تو کلاس میں ہر لڑکی مجھ سے پوچھتی ہے کہ تم ہاتھوں پر کیا لگاتی ہو؟ میں انہیں یہی ٹوٹکہ بتاتی ہوں۔ (ناز النساء' بھون)

URDU TUBE
www.urdutubes.com

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کر دیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ ہے! مگر اب نہیں!

Digitized by Google

قسط دوئم

فاقوں پر مجبور کروڑپتی اور روحانی منزل مری کا کرشمہ

روحانی منزل مری میں وہ پراسرار تجربات اور حقائق جو اچانک افشاں ہوئے اور مخلوقات کی امانت ان تک پہنچائی جارہی ہے۔

روحانی منزل سالہا سال سے ایک خاموش روحانی انقلاب لائی اور وہ خاموش روحانی انقلاب یہ تھا کہ انسانیت کو وہاں سے ملنے والا انوکھا فیض اور انوکھی ترقی۔ کئی لوگوں نے یہاں تک بتایا ہمیں علم ہی نہیں تھا کہ روحانی منزل بھی اتنا کمال اور فیض رکھتی ہے اور روحانی منزل سے بھی اتنا مخلوق کو نفع مل سکتا۔ روحانی منزل میں بھی اتنا مسائل کا حل گھریلو الجھنوں کا حل مشکلات پریشانیوں کا حل ہوسکتا ہے کیونکہ مری کا نام آ ذہن میں ایک بات آتی ہے کہ سیر و تفریح ہوگی اور نا معلوم کچھ ہوگا' لیکن مری کا نام آتے ہی کتنے لوگ ایسے ہیں کے دل و دماغ میں اب روحانی منزل کا ہی عکس اور نقشہ کہ پی سی بھوربن کے بالکل سامنے ہے۔ ایک صاحب بتانے لگے: میں روحانی منزل صرف ایک رات ٹھہرا' یہ اس دور کی بات ہے جب اس کے نیچے والا حصہ ابھی مکمل ہوا تھا اوپر والا حصہ مکمل نہیں ہوا تھا۔ مجھے کسی نے بتایا کہ عبقری والوں کی روحانی منزل ہے پتہ نہیں میرے دل میں کیا آیا' گھر سے نکلا ہوا تھا قرض خواہ میرے پیچھے تھے' مشکلات اور مسائل نے مجھے گھیرا ہوا تھا' ایک وقت تھا گاڑی' بنگلہ' عزت وقار اور میں اپنے علاقہ کا چیئرمین اور میری سیاسی پوزیشن بہت مضبوط میرا وہ وقت بھی تھا جب بڑے بڑے افسران میرے گھر کھانا کھاتے' تصاویر کھنچواتے' حالات نے پلٹا کھایا میری غلطی بھی میری زندگی میں ایک ایسی عورت آئی نے میری زندگی کا پانسا اور کایا پلٹ دی اور میں حقیقتوں سے ہوگیا' پھر آہستہ آہستہ میرا رقبہ' زمینیں بکنا شروع ہوئیں' صحت میں مجھے شوگر اور گھٹنوں کا درد بڑھ گیا۔ پھر میری بیوی نے ساتھ چھوڑا اس نے بہت ساری جائیداد اپنے نام کروالی وہ تھی کہ شاید میں نے جو دوسری شادی کی ہے' سب کچھ وہی لے اڑے گی' آہستہ آہستہ میں خالی اور کنگال ہوتا گیا' پہلے جیب نوٹوں سے بھری ہوتی تھی حتیٰ کہ میں نے بڑے بیٹے کی شادی جب کی تو میں نے ڈالروں کو نچھاور کیا اور لوگ حیران تھے' شادی پر لوگوں کے گھر بہترین کھانا اعلیٰ ترین برتنوں میں بھیجا جن کے گھر کھانا بھیجا وہ برتن بھی انہی کو دے دیئے۔ میری شکار کی گاڑی علیحدہ تھی' گھر کے سامان اور خریداری کی گاڑی علیحدہ

تھی' ہر بچے اور بیوی کی گاڑی علیحدہ تھی' نو کنال کے مکان میں میں رہتا تھا جس میں مختلف پورشن بنے ہوئے تھے مہمانوں کا آنا جانا لوگوں کا آنا جانا عموماً لگا رہتا تھا' آمدنی تھی' کاروبار تھا' زمینداره تھا' چوہدراہٹ تھی' چیئرمینی تھی' بس ایسے ہی کوئی

کوشش کی پھر ڈر جاتا تھا حتیٰ کہ گھر سے نکل پڑا' راولپنڈی کے ایک بازار میں ایک صاحب کے پاس چھپ کر آ کر ملازمت کی' اس نے مجھے بارہ ہزار مہینے پر نوکر رکھ لیا اسے میرے گزشتہ حالات کی خبر نہ تھی کہ میں کیا تھا میرے حالات کیا تھے؟ میں کتنا عروج پاچکا تھا ایک دم آسمان سے گرا اور زوال میں آگیا۔ اسی دوران میں نے ایک بندہ سے سنا کہ جمعہ کا دن وہ مری میں کوئی جگہ ہے روحانی منزل وہاں جا کر رہتا ہے' بقول اس شخص کے وہاں بہت فیض ہے' دعائیں قبول ہوتی ہیں' اللہ تعالیٰ کے ولی جنات وہاں رہتے ہیں' ان کی وہاں عبادات ہوتی ہیں اور وہ صلوٰۃ التسبیح اور یَافَتَّاحُ کا عمل بتاتے ہیں وہ ہر جمعہ جاتا تھا اور سارا دن وہی گزارتا تھا چونکہ جمعہ چھٹی تھی وہ بھی غریب آدمی تھا لیکن حالات کا مارا ہوا نہیں تھا وہ بس شروع سے غریب تھا میں تو شروع سے مالدار تھا' حالات نے مجھے کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ ایک دن میں بھی اس کے ساتھ گیا' روحانی منزل میں اس کے علاوہ صرف ایک اور آدمی تھا اور کوئی نہیں تھا' بس ہم بیٹھے رہے' وہ تسبیح ذکر کرتا رہا' میرا خاص دل نہ لگا' میں نے دو دفعہ تقاضا بھی کیا کہ آئیں واپس چلیں کہاں لے آیا ہے' نہ دربار ہے نہ کوئی ڈھول' نہ کوئی چادریں' نہ کوئی لنگر تقسیم ہو رہا' اور ویرانی ہے' وہ خاموش میری بات سنتا رہا' آخر کار دن ہم راولپنڈی کیلئے روانہ ہوئے لیکن ایک چیز ہے میرے یہاں مایوسی وساوس سب کچھ تھا لیکن اک احساس ضرور میں نے اس بحران سے نکلنا ہے اور اس بحران سے نکل کر قوم کیلئے بھی کچھ کرنا اور جن کے (جاری ہے)

"روحانی منزل مری کے سچے مشاہدات"
گزشتہ اقساط پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

روحانی منزل میں کرنے والے اعمال

روحانی منزل میں اپنے مقصد' پریشانی' جادو جنات' گھریلو الجھنوں' کاروباری بندشوں' نوکری' بے اولادی' اولاد کی راہ روی یا اس کے علاوہ جو بھی پریشانی' مشکل ہو اس کا تصور کرتے ہوئے سارا دن وضو بے وضو (خواتین ہر حالت میں) سوا لاکھ کی تعداد میں یَافَتَّاحُ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ، تین سوا لاکھ' پانچ ، سات گیارہ جتنے بھی سوا لاکھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ صلوٰۃ التسبیح پڑھیں۔ روحانی منزل میں آپ ایک دن، 3 دن، 5 دن، 7 دن، 11 دن، 21 دن، 41 دن یا 70 دن تک قیام کر کے درج بالا اعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا ہر مقصد' ہر مراد پوری ہوگی۔

آپ نے روحانی منزل میں جا کر اعمال کیے اور کوئی فیض پایا تو اس کے مشاہدات و تجربات ضرور لکھیں۔
عبقری صفحات حاضر ہیں!

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے

ہاتھ پاؤں میں جلن سر چکرانا منہ کی خشکی. آنکھوں کے سامنے اندھیرا' قبض. ہائی بلڈ پریشر. زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض ان تمام امراض کیلئے

جسم ٹوٹے' دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں

Digitized by Google

عبقری رسالہ ادویات 'کتب آپ کے شہر میں

پشاور: ادویات اور رسالہ کیلئے عبقری ایجنسی: 0314-9007293

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بورے والا 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر 0333-8045050
بہاولنگر 0333-6320766
بہاولپور 0333-6367755
بورے والا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھائی پھیرو 0305-7655288
بٹ خیلہ: چکدرہ 0344-9783610
بیگل 0334-4306823
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیپ 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
پھالیہ: 0324-6188707
حلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0345-755527
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جھنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جنیال گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چواسیدن شاہ 054-3580102
چنیوٹ: 0302-8062355
چوک اعظم: 0300-6767661
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040

نام شہر اور فون نمبر

خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان 068-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
دیپالپور 0333-6954044
ڈیرہ اسماعیل خان 0348-9651523
دیپالپور 0300-4059957
ڈسکہ: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
ڈنڈا شاہ بلاول 0336-5953230
دولتالہ: 0336-5167423
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈیرہ غازی خان 0334-6781558
ڈیرہ غازی خان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
